MEMBER APNS | بے شک اللہ تعالیٰ بہت باریک بین اور باخبر ہے (القرآن) | A B C CERTIFIED

روزنامہ باخبر کوئٹہ
THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
بانی اکرام اللہ خان

جلد 30 | منگل 03 نومبر 2026ء بمطابق 22 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 301

عوام کو ریلیف کی فراہمی وزیر اعظم کی ترجیحات میں شامل ہے: وفاقی وزراء

حکومت نے عوامی ریلیف کے لیے فیول سبسڈی اسکیم کا اجرا کیا، کروڑوں افراد فیول سبسڈی اسکیم سے مستفید ہو رہے ہیں، عالمی منڈیوں میں قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے، عطاء تارڑ

جمعہ کو پیٹرول کی قیمت 15 روپے بڑھنی تھی مگر بوجھ عوام کے بجائے ریفائنرز پر ڈالا گیا، ریفائنرز نے 3 ماہ میں اتنا منافع کمایا جو برسوں میں نہیں کمایا، ریفائنرز کی مدد سے پٹرول کی قیمتوں کو برقرار رکھا گیا' علی پرویز ملک

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ جمعہ کو پیٹرول کی قیمت میں 15 روپے اضافہ ہونا تھا مگر وزیر اعظم کی ہدایت پر یہ بوجھ عوام پر منتقل کرنے کے بجائے ریفائنرز پر ڈالا گیا۔ یہ بات انہوں نے اسلام آباد میں وزیر بقیہ نمبر 01 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

پاکستان نے شنگھائی تعاون تنظیم کے انٹربینک کنسورشیم کی چیئرمین شپ سنبھال لی

ایس سی او انٹربینک کنسورشیم کی چیئرمین شپ پاکستان کے لیے اہم ذمہ داری ہے، وزارت خزانہ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے شنگھائی تعاون تنظیم کے انٹربینک کنسورشیم کی چیئرمین شپ سنبھال لی۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری بقیہ نمبر 05 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

قبائلی اضلاع میں معدنیات کی تلاش کے معاہدے عوام کے سامنے لائے جائیں: فضل الرحمان

قبائلی اضلاع کے انضمام کو تقریباً دس سال مکمل ہونے والے ہیں، لیکن اب تک وہاں بندوبستی علاقوں جیسا انتظامی نظام قائم نہیں کیا جاسکا

ہمارے پاس وسائل ہیں اور آپ کے پاس ٹیکنالوجی، اس لیے کھل کر عوام کے سامنے آئیں اور معاہدے کریں' ڈیجیٹل میڈیا ورکرز جمعیت فاٹا کنونشن سے خطاب

پشاور (نیوز ڈیسک) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ قبائلی اضلاع کو طویل عرصے سے تجربہ گاہ بنایا گیا ہے، اب انضمام ختم کرنے کی تجاویز سامنے آ رہی ہیں، تاہم قبائلی علاقوں کا اصل مسئلہ آئینی نہیں بلکہ وہاں موجود بقیہ نمبر 06 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

پاکستان کے پاس آبی مسائل سے نمٹنے کے لیے ٹھوس شواہد اور قابل عمل تجاویز موجود، عملدرآمد کیلئے مشترکہ عزم اور مربوط کوششوں کی ضرورت ہے: یوسف رضا گیلانی


گورنر جعفر خان مندوخیل معرکہ حق کے حوالے سے قومی کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پانی روکنے کی کوشش کا بھرپور جواب دیا جائیگا: چیئرمین سینیٹ

سندھ طاس معاہدے پر ہمارا موقف غیر متزلزل ہے 2024ء تک پاکستان کو آبی تحفظ کا حامل ملک بنانے کیلئے پرعزم ہیں پانی کو سیاسی دباؤ کے ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی کوشش قبول نہیں

آبی تحفظ کا معاملہ ہماری بین الاقوامی ذمہ داریوں سے بھی براہ راست جڑا ہوا ہے' پاکستان پانی کو جغرافیائی و سیاسی دباؤ کے ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دے گا پاکستان واٹر ویک کی افتتاحی تقریب سے خطاب


اسلام آباد (نیوز ڈیسک) چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی نے سندھ طاس معاہدہ پر پاکستان کی پوزیشن واضح کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ پاکستان کے حصے کا پانی روکنے یا اس کا رخ موڑنے کی کسی بھی کوشش کو جنگی اقدام تصور کیا جائے گا اور اس کا براہ راست جواب دیا جائے گا۔ اسلام آباد میں پاکستان واٹر ویک کا افتتاح کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ نے 2047 تک پاکستان کو آبی بقیہ نمبر 02 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

فیلڈ مارشل سے چینی کمیونسٹ پارٹی کے وزیر کی ملاقات

سٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے مشترکہ عزم کا اظہار

راولپنڈی (آئی این پی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے چینی کمیونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے انٹرنیشنل بقیہ نمبر 04 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں


اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی واٹر ویک 2026 کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں


اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف سے چینی کمیونسٹ پارٹی وزیر برائے انٹرنیشنل ڈیپارٹمنٹ ملاقات کر رہے ہیں

دہشتگردی کے سہولت کاروں میں ایک خیبرپختونخوا کی نااہل حکومت تھی: ڈی جی آئی ایس پی آر

خیبرپختونخوا کے عوام امن و استحکام کا مطالبہ کرتے ہیں، ہمارے پاس دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے واضح حکمت عملی موجود ہے' لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

انسداد دہشت گردی میں رکاوٹ پیدا کرنے والے سہولت کار اب موجود نہیں سمجھتے ہیں کے پی میں صوبائی حکومت کی تبدیلی آئینی و قانونی ضوابط کے مطابق ہوئی ہے

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے سہولت کاروں میں سے ایک خیبر پختونخوا (کے پی) کی نااہل حکومت تھی۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کو انٹرویو میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں انسداد دہشت گردی میں رکاوٹ پیدا کرنے والے سہولت کار اب موجود نہیں ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں حکومت کے خاتمے سے متعلق جواب سیاستدان بہتر دے سکتے ہیں، لیکن بقیہ نمبر 03 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

جناح میڈیکل کمپلیکس کی تعمیر پر پیش رفت تسلی بخش ہے، وزیراعظم

جناح میڈیکل کمپلیکس میں تمام تر تقرریاں میرٹ پر شفاف طریقے سے کی جائیں' اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ جناح میڈیکل کمپلیکس کی تعمیر پر پیش رفت تسلی بخش ہے، معینہ مدت میں اہداف کا حصول یقینی بنایا جائے، جناح میڈیکل کمپلیکس میں تمام تر تقرریاں میرٹ پر شفاف طریقے سے کی بقیہ نمبر 07 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

معیشت میں بہتری اور نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنا اولین ترجیح ہے: وزیر اعظم

اپنا گھر اسکیم میں صارفین کو قرضوں کی فراہمی میں سست روی اختیار کرنے والے بینکس کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہ برتی جائے

زراعت کا شعبہ ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے، زرعی اجناس کی ویلیو ایڈیشن سے برآمدات میں اضافے کے لیے کوشاں ہیں' اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ترجیحی شعبوں کو قرضوں کی فراہمی بقیہ نمبر 09 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

امریکی وسط مدتی انتخابات آج ہونگے، ٹرمپ کی جماعت کو سخت مقابلے کا سامنا

ایوان نمائندگان کی تمام 435 نشستوں اور سینیٹ کی 35 نشستوں پر ووٹنگ ہوگی، قبل از وقت ووٹنگ میں 5 کروڑ 44 لاکھ ووٹرز نے حق رائے دہی استعمال کیا

ڈیموکریٹک پارٹی میں اختلاف، خاتون رکن کانگریس نے ریپبلکن امیدوار کی حمایت کردی' صدارتی انتخابات کے لحاظ سے بھی مشی گن ایک اہم سوئنگ اسٹیٹ ہے

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا میں وسط مدتی انتخابات آج 3 نومبر (منگل کو) منعقد ہوں گے۔ بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

پی ٹی آئی سے مذاکرات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، فیصل کریم کنڈی

سہیل آفریدی کے وارنٹ گرفتاری کے قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے' گورنر خیبر پختونخواہ

پشاور (نیوز ڈیسک) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سے مذاکرات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر کے پی نے کہا کہ ہمیں جس محکمے کی بریفنگ دی جاتی ہے ہم سرکاری لیتے بقیہ نمبر 08 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم آزاد کشمیر کی حریت قیادت سے ملاقات

مسئلہ کشمیر تقسیم ہند کا نامکمل باب ہے 79 برس سے حق خودارادیت کی جدوجہد کر رہے ہیں، افتخار گیلانی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی حریت رہنماؤں سے ملاقات کیلئے کل جماعتی حریت کانفرنس کے دفتر پہنچے، جہاں انہوں نے حریت کانفرنس کے رہنماؤں سے ملاقات کی۔ ملاقات میں آزاد کشمیر کی سیاسی صورتحال، حریت کانفرنس کی سرگرمیوں اور مقبوضہ کشمیر کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، مقبوضہ کشمیر میں کشمیری بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

ماہ اکتوبر' پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں نمایاں کمی

111 دہشت گرد حملوں میں 143 افراد جاں بحق جبکہ 69 زخمی ہوئے ہیں، رپورٹ جاری

اسلام آباد (آن لائن) ماہ اکتوبر۔ پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں نمایاں کمی۔ 111 دہشت گرد حملوں میں 143 افراد جاں بحق جبکہ 69 بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

ٹانک میں مسلح افراد نے چار پولیو ورکرز کو اغوا کرلیا

ڈیرہ اسماعیل خان (نیوز ڈیسک) ٹانک میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کے بعد چار پولیو ورکرز کو اغوا کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ٹانک کی یونین کونسل شیخ اتار کے علاقے گاں جیوں میں نامعلوم مسلح افراد بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

غزہ میں بمباری کے نتیجے میں یرغمالی بھی ہلاک ہوئے، سابق اسرائیلی فوجی

نیویارک (آئی این پی) اسرائیلی فوج کے سابق سربراہ لیفٹیننٹ جنرل ہرزی حالیوی نے اعتراف کیا ہے کہ غزہ میں اسرائیلی بمباری کے نتیجے میں بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

ہر ملزم کے خلاف جرم انفرادی شواہد سے ثابت کرنا ضروری ہے، سپریم کورٹ

ایک ملزم کے خلاف جرم ثابت ہونے کی بنیاد پر دوسرے ملزم کو سزا نہیں دی جاسکتی، ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ فوجداری مقدمات میں ہر ملزم کے خلاف شواہد کا انفرادی طور پر جائزہ لینا ضروری ہے، ایک ملزم کے خلاف جرم ثابت ہونے کی بنیاد پر دوسرے ملزم کو سزا نہیں دی جاسکتی۔ عدالت عظمیٰ نے قتل کے بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں


اسلام آباد، وفاقی وزراء عطاء تارڑ اور علی پرویز ملک پریس کانفرنس کر رہے ہیں

حکومت کا پیٹرول اور ڈیزل کی قیمت میں کمی کا اعلان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا اعلان کردیا ہے۔ پیٹرول کی قیمت میں 3 روپے 40 پیسے فی لیٹر جبکہ ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 7 روپے 76 بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

پاکستان چین اسٹریٹجک تعاون، باہمی شراکت داری، اعتماد اور تعاون پر قائم ہے: اسحاق ڈار

چینی صدر شی جن پنگ کی بصیرت افروز قیادت کو سراہتے ہیں، چین اور پاکستان کی سیاسی پارٹیوں کے درمیان تعاون قائم ہے

چین کو سمجھنے کیلئے چینی کمیونسٹ پارٹی کو سمجھنا ضروری ہے، چین کے نظام حکمرانی کے پیچھے مضبوط سیاسی جماعت موجود ہے' سمپوزیم سے خطاب

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کا کہنا ہے کہ پاکستان چین اسٹریٹجک تعاون، باہمی شراکت داری، اعتماد اور تعاون پر قائم ہے۔ اسلام آباد میں چینی صدر کی پارٹی سازی پر سمپوزیم سے خطاب میں اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان چین اسٹریٹجک تعاون، باہمی شراکت داری، اعتماد اور تعاون پر قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ چینی صدر شی جن پنگ کی بصیرت افروز قیادت کو بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں


پشاور، جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن پارٹی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

قطر ایرانی وفد سے پہنچ گیا، معاہدے کا مسودہ تیار، جنگ بندی کی نئی امید

دونوں ممالک کے درمیان پیغامات کا تبادلہ جاری ہے' مجوزہ امن معاہدے کا مسودہ متعلقہ فریقوں کی رائے کے لیے بھیجا گیا ہے

کسی حتمی معاہدے کے لیے امریکی بحری ناکہ بندی کا خاتمہ اور ایرانی مطالبات کو تسلیم کرنا ضروری ہوگا' عباس عراقچی

دوحہ + تہران (نیوز ایجنسیاں) قطر کی ثالثی میں ایران اور امریکا کے درمیان جنگ کے خاتمے کے لیے مسودہ زیر غور ہے۔ ایران اور امریکا کے درمیان جنگ ختم کرنے کے لیے سفارتی کوششوں کے دوران مذاکرات جاری ہیں، جبکہ امن معاہدے کا پیشرفت کے ساتھ قطر سے واپس اپنے وطن پہنچ گیا۔ دوحہ میں مذاکراتی معاملے سے آگاہ ایک بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

جام کمال خان کامسیک اجلاس میں شرکت کیلئے استنبول پہنچ گئے

وفاقی وزیر تجارتی اور سرمایہ کاری شراکت داریوں کے امکانات بھی اجاگر کریں گے

استنبول (آئی این پی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کی قائمہ کمیٹی برائے اقتصادی و تجارتی تعاون (کامسیک) کے 42 ویں وزارتی اجلاس میں شرکت کیلئے ترکیہ کے شہر استنبول پہنچ گئے۔ استنبول ایئرپورٹ پر پاکستان بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

خطے کے ممالک ایران کیخلاف نئی جنگ کی حمایت نہ کریں: عباس عراقچی

خلیجی ممالک میں ایرانی میزائلوں کے گرنے کی ذمہ داری ایران پر نہیں ہے، دوست ممالک اب سمجھتے ہیں امریکی اڈے انہیں تحفظ نہیں دے سکتے

سکیورٹی خدشات کے باعث مجتبیٰ خامنہ ای کی تصاویر جاری نہیں کی جا رہیں، بطور سپریم لیڈر تمام معاملات دیکھ رہے ہیں، ایرانی وزیر خارجہ کا انٹرویو

تہران (آئی این پی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ایران نے خلیجی ہمسایہ ممالک کو نہیں بلکہ صرف امریکی اڈوں کو نشانہ بنایا، خطے کے ممالک کو آگاہ کیا تھا کہ حملے کی صورت میں خطے میں امریکی اڈے نشانہ ہوں گے۔ روسی ٹی وی کو انٹرویو میں بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

امریکی وسط مدتی انتخابات، عالمی کرنسی مارکیٹ میں اتار چڑھاؤ، ڈالر مستحکم

بٹ کوائن میں 0.22 جبکہ ایتھر میں 0.27 فیصد اضافہ، برطانوی پاؤنڈ کی قدر بھی زیادہ تبدیل نہیں ہوئی

واشنگٹن (آئی این پی) عالمی مالیاتی مارکیٹ میں نئے کاروباری ہفتے کے آغاز پر ڈالر اور دیگر بڑی کرنسیوں کی قدر میں زیادہ تبدیلی نہیں ہوئی جبکہ بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

انتخابی اصلاحات، حکومت نے پارلیمانی کمیٹی کیلئے پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم سے نام مانگ لئے

عددی تناسب سے پارلیمانی کمیٹی میں مسلم لیگ (ن) کے 9' پیپلز پارٹی کے پانچ اور ایم کیو ایم کا ایک ایم این اے شامل ہوگا

تاہم حکومتی ذرائع کے مطابق اتحادی جماعتوں کو نمائندگی دینے کیلئے ن لیگ نے اپنے ارکان کی تعداد کم کرنے پر غور کرنا شروع کردیا ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) انتخابی اصلاحات، حکومت نے پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل کیلئے حکومت نے پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم سے نام مانگ لئے ہیں۔ وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے پیپلز پارٹی کے چیف وہپ اعجاز جاکھرانی اور ایم کیو ایم کے چیف وہپ امین الحق کو خطوط لکھے ہیں۔ عددی تناسب سے کمیٹی میں بقیہ نمبر 31 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

پاکستان نے دہشتگردی اور مذہبی فرقہ واریت کے خاتمے کیلئے اہم کامیابیاں حاصل کی ہیں: گورنر

اندرونی استحکام کیلئے بھی پولیٹیکل ڈائیلاگ، عوام کو اعتماد میں لینے اور نوجوانوں کو تعمیری سرگرمیوں میں مصروف رکھنے کیلئے ٹھوس اقدامات کرنا ہونگے

ہمیں یہ حقیقت پیش نظر رکھنی چاہیے کہ دشمن کسی بھی وقت ہماری داخلی کمزوریوں سے فائدہ اٹھا سکتا ہے' جعفر مندوخیل کا تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ میں ہمیشہ پولیٹیکل ڈائیلاگ کا حامی رہا ہوں۔ جس طرح پاکستان نے معرکہ حق میں فتح اور امریکہ و ایران کو براہ راست مذاکرات کی میز پر لانے میں اپنا کردار ادا کر کے دفاع کے شعبہ اور بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں


راولپنڈی، فیلڈ مارشل عاصم منیر سے چینی کمیونسٹ پارٹی کے وزیر لیو ہائی سنگ ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی آئینی عدالت سپریم کورٹ کے فیصلوں کی پابند نہیں

نظر ثانی درخواستوں کے دائرہ کار سے متعلق اہم اصول وضع کر دیے

سپریم کورٹ کے فیصلوں کی حیثیت آئینی عدالت کیلئے صرف دلیل کی حیثیت ہے، بلاجواز اور بدنیتی پر مبنی نظر ثانی درخواستوں کی حوصلہ شکنی کی جائے گی

ایسی درخواست دائر کرنے پر کم از کم 25 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا جاسکتا ہے، جبکہ متعلقہ وکیل کے خلاف تادیبی کارروائی بھی ہوسکتی ہے' قانونی نکتے کی وضاحت

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ وہ سپریم کورٹ کے فیصلوں کی پابند بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

برآمدات پر مبنی پائیدار معاشی ترقی حکومت کی اقتصادی حکمت عملی کا بنیادی محور ہے: وزیر خزانہ

کاروبار میں آسانی کے لیے پالیسیوں میں تسلسل، ضابطہ جاتی عمل کو سادہ بنانے اور اداروں کے درمیان موثر رابطہ کاری ضروری ہے

طریقہ کار کو آسان بنانے اور کاروباری و سرکاری اداروں کے درمیان اعتماد کو فروغ دینے کی بھی ضرورت ہے' لاہور چیمبر سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ برآمدات پر مبنی پائیدار معاشی ترقی حکومت کی اقتصادی حکمت عملی کا بنیادی محور ہے، نجی شعبے کی شمولیت، کاروباری مسابقت میں اضافے اور برآمدی شعبے کی وسعت کے ذریعے ملکی معیشت کو مستحکم کیا جاسکتا ہے۔ کاروبار میں آسانی کے لیے پالیسیوں میں تسلسل، ضابطہ جاتی عمل کو سادہ بنانے اور اداروں کے درمیان موثر رابطہ کاری ضروری ہے۔ وہ پیر کو یہاں لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر علی حسام اصغر سے ملاقات کے دوران گفتگو کر رہے تھے۔ ملاقات بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

صحافیوں کیخلاف جرائم پر خاموشی انصاف کی آواز دبانے کے مترادف ہے، بلاول بھٹو

پیپلز پارٹی آزادی صحافت، آزادی اظہار اور صحافیوں کے تحفظ کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی

کراچی (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ صحافیوں کے خلاف جرائم پر خاموشی اختیار کرنا سچ اور انصاف بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

پوری جماعت بانی پی ٹی آئی کی قیادت، نظریے اور مشن کے ساتھ متحد ہے

پارٹی میں گروپ بندی یا تقسیم نہیں، پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی اجلاس کا اعلامیہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سیاسی کمیٹی کے اجلاس کے اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ پارٹی میں کسی قسم کی گروپ بندی یا تقسیم بقیہ نمبر 27 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

سپریم کورٹ کے دو بنچز 4 سے 6 نومبر تک کوئٹہ میں مقدمات کی سماعت کریں گے

اسلام آباد/کوئٹہ (خ ن) سپریم کورٹ آف پاکستان کے ایک پریس ریلیز کے مطابق سپریم کورٹ کے دو بنچز 4 نومبر سے 6 نومبر 2026 تک کوئٹہ میں بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

آئندہ چند روز میں ایرانی 7 نکاتی تجویز پر عملدرآمد کا امکان ہے، اسماعیل بقائی

اسرائیل مغربی ایشیا میں عدم استحکام کی بنیادی وجہ ہے، ترجمان ایرانی وزارت خارجہ کی پریس کانفرنس

تہران (آئی این پی) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ امریکہ کے ساتھ مذاکرات کی بنیاد ایرانی 7 نکاتی تجویز ہے، گذشتہ بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

پاکستان اور جمہوریہ کوریا کی سپریم کورٹس کے مابین عدالتی تعاون کی نئی راہیں استوار

اسلام آباد (این این آئی) بین الاقوامی عدالتی شراکت داری کو مستحکم بنانے کی جانب ایک اہم پیش بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

ضلعی سطح پر حکومتی اقدامات کے ثمرات عوام تک پہنچائیں گے' چیف سیکرٹری

شہریوں کی شکایات پر فوری عملدرآمد کیا جائے اور ان کا ازالہ اولیت کی بنیاد پر کیا جائے

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کی فلاح و بہبود، تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی اور معیار زندگی میں مزید بہتری کے لیے دستیاب وسائل کے اندر مستقل کام کر رہی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں


برشور، ڈپٹی کمشنر خالد شمس پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

الیکشن میں اپوزیشن جماعت جیت گئی تو میں ویٹو بن جاؤں گا: ٹرمپ

ری پبلکن پارٹی انتخابات میں کامیابی حاصل کرے گی تاکہ انہیں اس حکمت عملی کا سہارا نہ لینا پڑے

ڈیموکریٹس کے تمام بلز کو مسترد کرکے ان کے ایجنڈے پر عمل درآمد نہیں کرنے دوں گا، امریکی صدر

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے خبردار کیا ہے کہ وسط مدتی انتخابات میں ری پبلکن پارٹی کو شکست ہوئی اور ڈیموکریٹس نے کانگریس کے ایوانوں میں اکثریت حاصل کرلی تو وہ مخالف جماعت کے پیش کردہ تمام بل مسترد کردیں بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں


چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر چاغی بختیار اسماعیل کی کاوشوں سے فری لانسنگ آن لائن کلاسز کا آغاز

آن لائن کاروبار کے ذریعے نوجوان جدید ہنر کیساتھ گھر بیٹھے باعزت روزگار بھی حاصل کرسکیں گے

دالبندین (نامہ نگار) دالبندین میں ڈپٹی کمشنر چاغی بختیار اسماعیل کی کاوشوں سے فری لانسنگ آن لائن کلاسز کا آغاز، پہلے بیچ میں 30 طلبا و طالبات نے کلاسز شروع کر دیں۔ دالبندین ڈپٹی کمشنر چاغی بختیار اسماعیل کی خصوصی کاوشوں سے نوجوانوں کو جدید ڈیجیٹل مہارتوں سے آراستہ کرنے کے لیے فری لانسنگ آن لائن کلاسز کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ پہلے بیچ میں 30 طلبا و طالبات نے باقاعدہ کلاسز کا آغاز کر دیا ہے اس سلسلے میں دالبندین پریس کلب کے وفد نے آئی ٹی ہب کا دورہ کیا، جہاں ڈپٹی کمشنر چاغی بختیار اسماعیل نے پریس کلب کے وفد میں شامل محمد بخش بلوچ حیدر عاجز طاہر شہزاد شبیر مینگل اور آغا مطلب شاہ کو منصوبے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر چاغی بختیار اسماعیل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ چاغی کے نوجوانوں بالخصوص طلبا و طالبات کے لیے ایک بہترین موقع ہے۔ فری لانسنگ اور آن لائن کاروبار کے ذریعے نوجوان نہ صرف جدید ہنر سیکھ سکیں گے بلکہ گھر بیٹھے باعزت روزگار بھی حاصل کر سکیں گے انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کا بنیادی مقصد چاغی کے نوجوانوں کو ڈیجیٹل دنیا سے جوڑنا اور انہیں معاشی طور پر خودمختار بنانے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ امید ہے کہ یہ اقدام نوجوانوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانے کا سبب بنے گا انہوں نے کہا کہ آئی ٹی ہب دالبندین کے قیام کا مقصد علاقے کے نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہے۔ اس مرکز میں نوجوانوں کو فری لانسنگ، آن لائن روزگار اور دیگر ڈیجیٹل مہارتوں کی تربیت فراہم کرنے کے مواقع میسر آئیں گے، تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے نہ صرف اپنے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرسکیں۔

عماد خان کو پی ٹی سی ایل کا چیف مارکیٹنگ آفیسر مقرر کر دیا گیا



اسلام آباد (پ ر) پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کمپنی لمیٹڈ (پی ٹی سی ایل) نے کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری کے بعد عماد خان کو چیف مارکیٹنگ آفیسر (سی ایم او) مقرر کرنے کا اعلان کیا ہے۔ عماد خان کو ٹیلی کمیونی کیشن، ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کے شعبوں میں دو دہائیوں سے زائد کا تجربہ حاصل ہے۔ وہ اپنے پیشہ ورانہ سفر کے دوران پاکستان، آسٹریلیا اور مشرق وسطیٰ میں خدمات انجام دے چکے ہیں۔ وہ کمرشل حکمت عملی، پروڈکٹ مینجمنٹ، آمدن میں اضافے، صارفین کے تجربے میں بہتری اور بڑے پیمانے پر ٹیکنالوجی میں جدت انگیزی کے شعبوں میں مہارت رکھتے ہیں۔ عماد خان نے پی ٹی سی ایل میں وائر لائن پورٹ فولیو کے مختلف شعبوں میں اعلیٰ سطح پر ذمہ داریاں انجام دی ہیں، جن میں فائبر، وائس، ٹی وی، او ٹی ٹی اور آئی او ٹی شامل ہیں۔ انہوں نے پی ٹی سی ایل کی فائبر حکمت عملی کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کیا، جس سے کمپنی کو پاکستان کے سرکردہ فائبر آپریٹر کی اپنی حیثیت مستحکم کرنے میں مدد ملی۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے آمدن میں اضافے، صارفین کے تجربے کو بہتر بنانے اور ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کے اقدامات کو فروغ دینے میں بھی اہم کردار ادا کیا۔ پی ٹی سی ایل میں شمولیت سے قبل عماد خان نے آسٹریلوی کمپنی آپٹس (Optus) میں اعلیٰ عہدوں پر خدمات انجام دیں، جہاں انہوں نے فائبر اور فائیو جی فکسڈ وائرلیس ایکسس (5G Fixed Wireless Access) کی حکمت عملی کی تیاری میں حصہ لیا اور پروڈکٹ و ٹیکنالوجی ٹرانسفارمیشن سے متعلق اقدامات کی قیادت کی۔ ان کے پیشہ ورانہ سفر کے ابتدائی مراحل میں وارد ٹیلی کام، ہواوے، انٹرنیشنل ٹرن کی سسٹمز اور سعودی بزنس مشینز میں خدمات شامل ہیں، جہاں انہیں ٹیلی کمیونی کیشن آپریشنز، پروڈکٹ میں جدت اور ٹیکنالوجی کی بنیاد پر کاروباری تبدیلی کے وسیع تجربات حاصل ہوئے۔ چیف مارکیٹنگ آفیسر کی حیثیت سے عماد خان پی ٹی سی ایل کی مارکیٹنگ اور صارفین کی تعداد میں اضافے کی حکمتِ عملی کی قیادت کریں گے۔ ان کی ذمہ داریوں میں برانڈ حکمتِ عملی، مصنوعات کی مارکیٹ پوزیشننگ، صارفین کے تجربے میں بہتری، ڈیجیٹل رابطہ کاری اور مصنوعات و خدمات کو مارکیٹ میں متعارف کرانے کے اقدامات شامل ہوں گے۔ ان کی توجہ پی ٹی سی ایل کی مارکیٹ میں پوزیشن مزید مستحکم کرنے، صارفین کی ترجیح حاصل کرنے اور کنیکٹیویٹی و ڈیجیٹل سروسز کے پورٹ فولیو میں پائیدار ترقی کو فروغ دینے پر مرکوز ہوگی۔ عماد خان نے لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز (لمز) سے ماسٹرز اِن بزنس ایڈمنسٹریشن (ایم بی اے) کی ڈگری حاصل کر رکھی ہے، جہاں وہ ڈینز آنرز لسٹ میں بھی شامل رہے۔ قبل ازیں، انہوں نے فاسٹ نیشنل یونیورسٹی آف کمپیوٹر اینڈ ایمرجنگ سائنسز (FAST-NUCES) سے کمپیوٹر سائنس میں بیچلر کی ڈگری حاصل کی تھی۔



دکی اسسٹنٹ کمشنر محمد اکرم حریفال ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کر رہے ہیں

آل بلوچستان لوکل کونسل فورم کے شدید احتجاج نے کوئی رنگ نہیں لایا

ژوب (نامہ نگار) گزشتہ چار ماہ سے نان سیلری کی بندش کے خلاف گزشتہ ہفتے بلوچستان اسمبلی کے سامنے آل بلوچستان لوکل کونسل فورم کے شدید احتجاج نے کوئی رنگ نہیں لایا صوبے کے تمام لوکل کونسل کے ادارے کروڑوں روپے مقروض ہے ڈیلی ویجز ملازمین خودکشی کرنے پر مجبور ہے ان کے گھرانے و بچے نان شبینہ کے محتاج ہے وزیراعلیٰ بلوچستان کے پرنسل سیکرٹری نے احتجاج کے دوران چار ماہ سے بند نان سیلری کو فوری جاری کرنے کا وعدہ بھی کیا گیا لیکن تاحال اس پر کوئی عمل درآمد نہیں ہوا احتجاج کے دوران صوبے بھر سے میئرز، ڈپٹی میئرز، ڈسٹرکٹ کونسلو کے چیئرمینز و وائس چیئرمینز، میونسپل کمیٹیوں کے چیئرمینز و وائس چیئرمینز اور یونین کونسلو کے چیئرمینز و وائس چیئرمینز نے بھرپور انداز میں شرکت کی گئی انہوں نے کہا کہ اگر محکمہ فنانس نے فوری طور پر چار ماہ سے بند نان سیلری کو جاری نہیں کیا گیا تو اس دفعہ صوبے بھر کے بلدیاتی نمائندے محکمہ فنانس کے سامنے بھرپور انداز میں احتجاج کرے گی جس کی تمام تر ذمہ داری محکمہ خزانہ پر عائد ہوگی انہوں نے کہا کہ نان سیلری بجٹ کی بندش سے صوبے بھر کی لوکل کونسلو کی کارکردگی متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بلدیاتی ادارے عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، تاہم فنڈز کی عدم فراہمی سے ان اداروں کی فعالیت اور ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت متاثر ہونے کا شدید خدشہ ہے۔

ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ کوئٹہ ڈویژن ڈاکٹر سلطان لہڑی کا ڈی ایچ کیو ہسپتال مستونگ کا دورہ

مستونگ (نامہ نگار) ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز کوئٹہ ڈویژن ڈاکٹر سلطان لہڑی نے آج ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال مستونگ کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرتے ہوئے طبی سہولیات، مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات اور ادارے کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال مستونگ ڈاکٹر سعید احمد میروانی نے ڈویژنل ڈائریکٹر کو ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی دورہ کروایا اور انہیں ہسپتال کی مجموعی کارکردگی، طبی سہولیات اور انتظامی امور سے متعلق بریفنگ دی۔ ڈاکٹر سلطان لہڑی نے اپنے دورے کے دوران او پی ڈی، میل وارڈ، فی میل وارڈ، ایکسرے ڈیپارٹمنٹ، ڈینٹل ڈیپارٹمنٹ، ای پی آئی سینٹر، پیڈز وارڈ، شعبہ حادثات (ایمرجنسی)، لیبارٹری ڈیپارٹمنٹ، بے نظیر نشونما سینٹر، ایم سی ایچ سینٹر سمیت ہسپتال کے دیگر تمام اہم شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے مختلف شعبہ جات میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور انتظامی امور کا جائزہ لیتے ہوئے ہسپتال کی مجموعی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور ایم ایس ڈاکٹر سعید احمد میروانی سمیت ہسپتال انتظامیہ کی پیشہ ورانہ خدمات، محنت اور بہتر انتظامی کارکردگی کو سراہا۔ اس موقع پر ہسپتال کے ایڈمن اسٹاف صالح محمد بزنجو سمیت دیگر متعلقہ عملہ بھی ان کے ہمراہ موجود تھا۔ انہوں نے کہا کہ مستونگ میرا گھر ہے۔

کوئٹہ میں دوروزہ ویکسنیٹ کاروباری نمائش کامیابی سے اختتام پذیر

خواتین کو معاشی سرگرمیوں میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی

کوئٹہ (خ ن) ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) کے زیر اہتمام حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ کوئٹہ اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ کے اشتراک سے منعقدہ دو روزہ کاروباری نمائش "ویکسنیٹ (WEXNET)" کامیابی کے ساتھ منعقد ہوئی، جس میں ملک بھر سے تعلق رکھنے والی خواتین کاروباری شخصیات، صنعت کاروں، ہنرمند خواتین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ نمائندگان نے بھرپور شرکت کی۔ نمائش میں 100 سے زائد اسٹالز قائم کیے گئے، جن میں خواتین کی تیار کردہ مصنوعات، دستکاری، مقامی ہنر، کاروباری مصنوعات اور مختلف تجارتی شعبوں سے متعلق اشیاء کو نمائش کے لیے پیش کیا گیا۔ اس موقع پر خواتین کو اپنی کاروباری صلاحیتوں کے اظہار، مصنوعات کی تشہیر، تجارتی روابط کے فروغ اور نئی کاروباری راہیں تلاش کرنے کے مواقع فراہم کیے گئے۔ تقریب میں حکومت بلوچستان اور وفاقی حکومت کے نمائندگان، متعلقہ محکموں کے افسران، کاروباری شخصیات اور دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ شرکاء نے نمائش میں گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے خواتین کی کاروباری سرگرمیوں، تخلیقی صلاحیتوں اور محنت کو سراہا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے نمائش کا تفصیلی دورہ کیا اور تمام اسٹالز کا معائنہ کیا۔ انہوں نے مختلف اسٹالز پر موجود خواتین کاروباری شخصیات اور نمائش کنندگان سے ملاقاتیں کیں، ان کی تیار کردہ مصنوعات، کاروباری سرگرمیوں اور درپیش مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے خواتین کی محنت، صلاحیتوں اور کاروباری جذبے کو سراہتے ہوئے کہا کہ خواتین کو معاشی سرگرمیوں میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ایسی نمائشیں خواتین کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار، کاروبار کو وسعت دینے اور ملکی معیشت میں مؤثر کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے نمائش کے مختلف حصوں کا جائزہ لیتے ہوئے انتظامی امور اور شرکاء کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا بھی معائنہ کیا۔ نمائش کے انعقاد کے دوران ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے مسلسل نگرانی اور مؤثر انتظامی اقدامات یقینی بنائے گئے۔ پروگرام کے تمام تر سکیورٹی، ٹریفک مینجمنٹ، انتظامی اور دیگر ضروری انتظامات ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے مکمل کیے گئے، تاکہ شرکاء، مہمانوں اور نمائش کنندگان کو محفوظ اور سازگار ماحول فراہم کیا جا سکے۔ ضلعی انتظامیہ کی مسلسل نگرانی، اور مربوط حکمت عملی کے باعث پروگرام خوش اسلوبی سے جاری رہا۔



گرینڈ بلوچستان ٹی ٹوئنٹی کرکٹ لیگ میچز میں جاری میچ کا منظر

دکی میں بیکریوں اور تندوروں کے معائنے، روٹی کے وزن، سرکاری نرخنامے اور صفائی کی صورتحال کا جائزہ

مقررہ نرخوں سے زائد قیمت، کم وزن روٹی اور غیر معیاری اشیا کی فروخت پر کارروائی ہوگی، اسسٹنٹ کمشنر محمد اکرم حریفال

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال نے دکی شہر کے مختلف بازاروں کا دورہ کرتے ہوئے بیکریوں اور تندوروں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر اشیائے خوردونوش کی قیمتوں، روٹی کے مقررہ سرکاری نرخ، وزن و معیار، صفائی ستھرائی اور حفظانِ صحت کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا اسسٹنٹ کمشنر محمد اکرم حریفال نے مختلف بیکریوں اور تندوروں میں اشیائے خوردونوش کے معیار، قیمتوں اور صفائی کی صورتحال کا معائنہ کیا اور دکانداروں کو ہدایت کی کہ عوام کو معیاری اور صاف ستھری اشیائے خوردونوش کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ روٹی سمیت دیگر اشیائے ضروریہ کی فروخت مقررہ سرکاری نرخنامے کے مطابق کی جائے اور نرخنامہ نمایاں جگہ پر آویزاں کیا جائے انہوں نے بیکری اور تندور مالکان کو صفائی کے خصوصی انتظامات کرنے، کھانے پینے کی اشیاء کو ڈھانپ کر رکھنے، صاف پانی کے استعمال اور حفظانِ صحت کے اصولوں پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی صحت اور مفاد پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اسسٹنٹ کمشنر نے دکانداروں کو متنبہ کیا کہ مقررہ نرخوں سے زائد قیمت وصول کرنے، کم وزن روٹی فروخت کرنے، غیر معیاری اشیاء کی فراہمی یا صفائی کے ناقص انتظامات کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ دکی عوام کو ریلیف فراہم کرنے، مہنگائی پر قابو پانے اور اشیائے ضروریہ کی مناسب قیمتوں پر دستیابی یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ بازاروں میں پرائس کنٹرول، صفائی ستھرائی اور اشیائے خوردونوش کے معیار کی نگرانی کا سلسلہ مزید مؤثر بنایا جائے گا، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اور دیگر کاروباری مراکز کے اچانک معائنے جاری رہیں۔

گرینڈ بلوچستان ٹی ٹوئنٹی کرکٹ لیگ میچز جاری

کوئٹہ (پ ر) گرینڈ بلوچستان ٹی ٹوئنٹی کرکٹ لیگ کوئٹہ لیگ میچز کا شاندار سلسلہ جاری گرینڈ بلوچستان ٹی ٹوئنٹی کرکٹ لیگ کوئٹہ آل بلوچستان جو کہ ایف سی بلوچستان (نارتھ) کے تعاون سے جاری ہے۔ جس کا پندرھواں لیگ میچ میں چاغی اسٹیڈیم، کوئٹہ کینٹ میں قلات خیر اور جعفر آباد لائنز کے درمیان کھیلا گیا۔ شاندار مقابلے کے بعد جعفر آباد لائنز کی ٹیم نے 20 رنز سے کامیابی اپنے نام کی۔ مزید نظریں چیمپئن ٹرافی کی جانب۔ جوش بھی، جذبہ بھی منزل صرف چیمپئن ٹرافی! کھیلو_بلوچستان

آل بلوچستان فٹبال ٹورنامنٹ ضلع دکی کا انعقاد شاندار مقابلے اور عوام کی بڑی تعداد میں شرکت

دکی (نامہ نگار) سردار در محمد خان ناصر کے نام سے منعقدہ آل بلوچستان فٹبال ٹورنامنٹ کا انعقاد سردارزادہ شیریار خان ناصر کی جانب سے کیا گیا۔ ضلع دکی میں کھیلے گئے شاندار مقابلے اور عوام کی بڑی تعداد میں شرکت نے اس ایونٹ کو مزید یادگار بنا دیا۔ تماشائیوں کا جوش و جذبہ، کھلاڑیوں کی بہترین کارکردگی اور فٹبال سے محبت قابلِ دید تھی۔ ہمارا مقصد صرف کھیلوں کا انعقاد نہیں بلکہ بلوچستان کے نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنا، کھیلوں کے فروغ اور آپس میں اتحاد، بھائی چارے اور یکجہتی کو مضبوط بنانا ہے۔ بلوچستان کے نوجوان ہمارا سرمایہ ہیں، اور ان کی حوصلہ افزائی ہماری اولین ترجیح ہے۔

گرینڈ بلوچستان ٹی ٹوئنٹی کرکٹ لیگ میچز جاری

کوئٹہ (پ ر) گرینڈ بلوچستان ٹی ٹوئنٹی کرکٹ لیگ کوئٹہ لیگ میچز کا شاندار سلسلہ جاری گرینڈ بلوچستان ٹی ٹوئنٹی کرکٹ لیگ کوئٹہ آل بلوچستان جو کہ ایف سی بلوچستان (نارتھ) کے تعاون سے جاری ہے۔ جس کا پندرھواں لیگ میچ میں چاغی اسٹیڈیم، کوئٹہ کینٹ میں قلات خیر اور جعفر آباد لائنز کے درمیان کھیلا گیا۔ شاندار مقابلے کے بعد جعفر آباد لائنز کی ٹیم نے 20 رنز سے کامیابی اپنے نام کی۔ مزید نظریں چیمپئن ٹرافی کی جانب۔ جوش بھی، جذبہ بھی منزل صرف چیمپئن ٹرافی! کھیلو_بلوچستان۔

عبدالواحد شاکر کو دوبارہ ایم ڈی بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن تعینات کیا جائے

قلعہ سیف اللہ (پ ر) سینئر میجر عبدالوکیل خان کاکڑ نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور وزیر تعلیم بلوچستان سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے سابق مینجنگ ڈائریکٹر عبدالواحد شاکر کو دوبارہ اسی عہدے پر تعینات کیا جائے۔ عبدالوکیل خان کاکڑ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ عبدالواحد شاکر ایک ایماندار، قابل اور فرض شناس آفیسر ہیں۔ ان کے دور میں بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن نے تعلیم کے میدان میں نمایاں ترقی کی، ہزاروں بچوں کو تعلیم کے مواقع ملے اور فاؤنڈیشن کا نظام شفاف اور بہتر ہوا۔



مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ بلیدی گورنر ہاؤس میں منعقدہ کانفرنس سے خطاب کر رہی ہیں

لورالائی ٹیچنگ ہسپتال کی عارضی خالی آسامیوں پر بھرتی کیلئے انٹرویوز کا آغاز

ڈیٹا انٹری آپریٹر، ڈینٹل ٹیکنیشن سمیت مختلف آسامیوں پر انٹرویوز کا سلسلہ دو روز تک جاری رہے گا، انتظامیہ

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی میں ٹیچنگ ہسپتال لورالائی کی عارضی خالی آسامیوں پر بھرتی کے لیے انٹرویوز کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ انٹرویوز ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لورالائی علی نواز جمالی کی زیرِ صدارت منعقد ہوئے، جن میں مختلف آسامیوں کے لیے امیدواروں کی تعلیمی قابلیت، تجربے اور متعلقہ شعبے میں اہلیت کا جائزہ لیا گیا انٹرویو کمیٹی کے دیگر اراکین میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ لورالائی ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فہیم خان شامل تھے، جبکہ سپرنٹنڈنٹ حاجی عصمت اللہ اور بابو داؤد خان حمزہ زئی نے انٹرویوز کے انتظامی امور اور امیدواروں کی معاونت میں اپنا کردار ادا کیا اس موقع پر ڈیٹا انٹری آپریٹر، ڈینٹل ٹیکنیشن سمیت دیگر عارضی خالی آسامیوں کے لیے امیدواروں کے انٹرویوز لیے گئے۔ امیدواروں کی اسناد، متعلقہ شعبے میں تجربے اور پیشہ ورانہ قابلیت کو مدنظر رکھتے ہوئے میرٹ اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق انٹرویوز کا عمل مکمل کیا جا رہا ہے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر علی نواز جمالی نے کہا کہ عارضی خالی آسامیوں پر بھرتی کے عمل میں میرٹ، شفافیت اور اہلیت کو بنیادی ترجیح دی جائے گی تاکہ ٹیچنگ ہسپتال میں دستیاب انسانی وسائل کو مزید مؤثر بنایا جا سکے اور مریضوں کو بہتر طبی و معاون خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فہیم خان نے کہا کہ ہسپتال میں طبی اور معاون عملے کی دستیابی سے مختلف شعبہ جات کی کارکردگی میں بہتری آئے گی اور مریضوں کو بروقت اور معیاری سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی انتظامیہ کے مطابق انٹرویوز کا سلسلہ آئندہ دو روز تک جاری رہے گا، جس دوران مزید خالی آسامیوں کے لیے امیدواروں کے انٹرویوز کیے جائیں گے۔ متعلقہ کمیٹی تمام امیدواروں کا جائزہ مقررہ معیار اور میرٹ کے مطابق لے گی، جبکہ بھرتی کے عمل کو شفاف اور منظم انداز میں مکمل کیا جائے گا ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کے حکام نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ٹیچنگ ہسپتال لورالائی میں طبی سہولیات اور انتظامی استعداد کار کو مزید بہتر بنانے کے لیے دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جائے گا تاکہ لورالائی سمیت ڈویژن کے مختلف علاقوں سے آنے والے مریضوں کو بہتر طبی سہولیات میسر آسکیں۔

لورالائی میں صوبائی محتسب کی کھلی کچہری بجلی، صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق شکایات پیش

شکایات کے ازالے میں غفلت اور تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، ریجنل ڈائریکٹر عبدالغفار میاں خیل

لورالائی (خ ن) لورالائی ڈسٹرکٹ کونسل ہال میں صوبائی محتسب بلوچستان کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت صوبائی محتسب کے ریجنل ڈائریکٹر عبدالغفار میاں خیل نے کی۔ کھلی کچہری میں اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کاکڑ، ڈی ایس پی کریم مندوخیل سمیت مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور سربراہان نے شرکت کی کھلی کچہری میں لورالائی کی مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندگان، انجمن تاجران کے عہدیداران، سماجی کارکنان، قبائلی رہنماؤں، عمائدین علاقہ، شہریوں اور صحافیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر شہریوں نے اپنے مسائل اور شکایات براہ راست صوبائی محتسب کے ریجنل ڈائریکٹر اور متعلقہ سرکاری افسران کے سامنے پیش کیں شہریوں کی جانب سے پینے کے صاف پانی کی عدم فراہمی، بجلی کی لوڈشیڈنگ، صحت کی سہولیات کی کمی، سرکاری سکولوں کی بندش، تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کا فقدان، بنیادی مراکز صحت (BHUs/BHQs) میں ادویات کی قلت، سڑکوں، صفائی، نکاسی آب اور دیگر عوامی مسائل سے متعلق متعدد شکایات پیش کی گئیں۔ شرکاء نے شکایت کرتے ہوئے کہا کہ بعض علاقوں میں بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ سرکاری اداروں سے متعلق بعض شکایات کے ازالے میں تاخیر سے عوامی مشکلات میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ اس موقع پر صوبائی محتسب کے ریجنل ڈائریکٹر عبدالغفار میاں خیل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری افسران اور اہلکار عوام کے خادم ہیں، انہیں عوام پر حکمرانی کے بجائے خدمت کے جذبے کے ساتھ اپنے فرائض انجام دینے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا حکومت اور سرکاری اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 01

اطلاعات عطا تارڑ کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ وزیر پٹرولیم علی پرویز نے کہا کہ عالمی سطح پر توانائی کی قیمتوں میں اضافے سے پاکستانی معیشت پر بھی اثرات مرتب ہوئے، خطے کی صورتحال کے پیش نظر نقل و حمل کے اخراجات میں بھی اضافہ ہوا ہے، عوام کو ریلیف کی فراہمی وزیراعظم کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، حکومت نے عوامی ریلیف کے لیے فیول سبسڈی اسکیم کا اجرا کیا، کروڑوں افراد فیول سبسڈی اسکیم سے مستفید ہو رہے ہیں، عالمی منڈیوں میں قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے، انشورنس اور لاجسٹکس کے خرچے بڑھ رہے ہیں، خطے میں کشیدہ صورتحال کی وجہ سے مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشکل وقت میں عوام کو ریلیف دینے کے لیے آئل ریفائنریز سے تعاون کی درخواست کی ہے، آئل ریفائنریز کے تعاون سے عوام کو 15 روپے فی لٹر سستا پٹرول فراہم کرنے کے قابل ہوں گے، ریفائنریز کی مدد سے پٹرول کی قیمتوں کو برقرار رکھا گیا، آج بھی پٹرول کی قیمتوں میں کچھ نہ کچھ ریلیف ملے گا، ریفائنریز نے 3 مہینے کے اندر اتنا منافع کمایا جو برسوں میں نہیں کمایا، جمعہ کے روز پٹرول کی قیمتوں میں 15 روپے کا اضافہ ہونا تھا، مگر ریفائنریز نے اس حوالے سے تعاون کیا، حکومت کیساتھ مل کر 15 ارب کا لوڈ ان ریفائنریز نے اٹھایا ہے۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ 13 ملین سے زائد صارف حکومتی ریلیف سے پٹرولیم مصنوعات سے مستفید ہو رہے ہیں، کسی کے ساتھ حکومت کوئی زیادتی نہیں کرنا چاہتی، شفاف طریقے سے بین الاقوامی بحران سے نکلنا چاہتے ہیں۔ وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ وزیراعظم کا پہلے دن سے وژن تھا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا کم سے کم بوجھ عوام پر ڈالا جائے، دنیا بھر کی طرح خطے کی صورتحال سے پاکستانی معیشت بھی متاثر ہوئی، باب المندب اور آبنائے ہرمز میں صورتحال کا ہر ملک کی معیشت پر اثر پڑا ہے، پاکستان کی معیشت پر بھی اثرات مرتب ہوئے لیکن ہمارے میکرو اکنامک انڈیکیٹرز بہتر رہے، جمعہ کو پٹرول کی قیمت 15 روپے بڑھنی تھی، وزیراعظم کی ہدایت پر یہ بوجھ ریفائنریز پر ڈالا گیا، کم سے کم بوجھ عوام پر منتقل کرنا وزیراعظم کا مشن ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ وزیراعظم فیول ریلیف جیسا نظام وضع کرنا ممکن نہیں تھا، وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم کے تحت 15 ملین سے زائد رجسٹریشن ہو چکی ہیں، اتنی بڑی تعداد میں افراد کا رجسٹرڈ ہونا اور انہیں سستے تیل کی فراہمی کسی اسکیم کی کامیابی کا بڑا ثبوت ہے، اب تک اسکیم کے تحت 27 ارب روپے ریلیف کی مد میں دیے جا چکے ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ عوام کو ریلیف کی فراہمی کے لیے فیول ریلیف اسکیم جاری رہے گی، موٹر سائیکل، چنگ چی اور چھوٹی گاڑیوں کے لیے ریلیف اسکیم شروع کی گئی، فیول سبسڈی اسکیم کے لیے متعلقہ محکموں نے مل کر اقدامات کیے، حکمت عملی کے تحت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید اضافہ روکا گیا۔

بقیہ 02

تحفظ کا حامل ملک بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ کہا آبی تحفظ کا معاملہ ہماری بین الاقوامی ذمہ داریوں سے بھی براہ راست جڑا ہوا ہے۔ یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے پر ہمارا مؤقف غیر متزلزل ہے۔ کوئی ایک فریق اسے یکطرفہ طور پر تبدیل نہیں کر سکتا۔ پاکستان پانی کو جغرافیائی و سیاسی دباؤ کے ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دے گا۔

بقیہ 03

ہم سمجھتے ہیں کہ وہاں حکومت کی تبدیلی آئینی وقانونی ضوابط کے مطابق ہوئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ خیبرپختونخوا کے عوام امن واستحکام کا مطالبہ کرتے ہیں، ہمارے پاس دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے واضح حکمت عملی موجود ہے۔

بقیہ 04

ڈپارٹمنٹ کے وزیر لیو ہائی شنگ نے جی ایچ کیو راولپنڈی میں ملاقات کی، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی و عالمی سیکیورٹی کی بدلتی ہوئی صورتحال اور دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پاکستان اور چین کے درمیان ہر موسم کی سٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے مشترکہ عزم کا اظہار کیا گیا۔ بیان کے مطابق چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز نے پاکستان اور چین کے درمیان تاریخی اور آزمودہ تعلقات کی اہمیت اجاگر کی، دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح کے مسلسل روابط، ادارہ جاتی روابط کے فروغ اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ چینی وزیر نے علاقائی امن واستحکام کے لیے پاکستان کی خدمات کی تعریف کرتے ہوئے پاکستان اور چین کے دیرینہ سٹریٹجک تعلقات کو مزید آگے بڑھانے کے اعتماد کا اظہار کیا۔

بقیہ 05

ہونے والے بیان میں کہا گیا ہے پاکستان ایس سی او رکن ممالک کے درمیان تجارتی اور معاشی تعاون کے فروغ کے لیے پرعزم ہے، پاکستان نے رکن ممالک کے درمیان سرمایہ کاری اور مالیاتی روابط مضبوط بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ سرحد پار تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ ایس سی او ممالک کے درمیان علاقائی اقتصادی روابط اور انضمام کو فروغ دیا جائے گا۔ پاکستان نے علاقائی خوشحالی اور مشترکہ اقتصادی ترقی کے لیے پاکستان کا تعاون جاری رکھنے کا عزم کیا ہے

بقیہ 06

معدنی وسائل ہیں۔ پشاور میں ڈیجیٹل میڈیا ورکرز جمعیت فاٹا کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ قبائلی اضلاع کے انضمام کو تقریباً دس سال مکمل ہونے والے ہیں، لیکن اب تک وہاں بندوبستی علاقوں جیسا انتظامی نظام قائم نہیں کیا جا سکا، اعلیٰ سطح پر انہیں بتایا گیا ہے کہ انضمام کا فیصلہ غلط تھا، سوال یہ ہے کہ پہلے انضمام کا فیصلہ کس کے کہنے پر کیا گیا اور اب اسے ختم کرنے کی باتیں کس کے اشارے پر ہو رہی ہیں، یہ سب جانتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ سے پہلے بھی وہ نشاندہی کرتے رہے ہیں کہ قبائلی علاقوں میں اصل مسئلہ معدنی ذخائر کا ہے، ہمیں معدنیات کی تلاش اور ترقی پر کوئی اعتراض نہیں تاہم وسائل سے متعلق معاہدے عوام کے سامنے لائے جائیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ قیمتی پتھر امریکی حکام کے دفاتر میں پیش کیے گئے اور امریکی اس بات کا اعتراف بھی کر چکے ہیں کہ وہ اس معاملے میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ مولانا فضل الرحمان نے گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ یہ اقدامات دہشت گردی کے بیانیے کی بنیاد پر کیے گئے، لیکن جیسے ہی گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ ہوئی، دہشت گردی کا شور بھی ختم ہو گیا، ایک ہی صوبے میں دو الگ نظام کیوں قائم کیے جا رہے ہیں؟ گورنر راج کے تحت گورنر کونسل وزیراعظم کے ماتحت ہے، جبکہ ایمرجنسی والے اضلاع وزارت داخلہ کے ماتحت ہیں۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ کوہاٹ کو بھی ایمرجنسی والے اضلاع میں شامل کرنے کی تیاری کی جا رہی ہے۔

بقیہ 07

جائیں، جناح میڈیکل کمپلیکس میں کم آمدن اور متوسط طبقے کو تشخیص کی جدید سہولیات فراہم کی جائیں، پیٹ اسکین و دیگر جدید تشخیصی سہولیات کو منصوبے کا کلیدی حصہ بنایا جائے۔ پیر کو وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت اسلام آباد میں زیر تعمیر بین الاقوامی معیار کے ہسپتال، جناح میڈیکل کمپلیکس پر جائزہ اجلاس پیر کو اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جناح میڈیکل کمپلیکس اسلام آباد سمیت پورے پاکستان بالخصوص خیبر پختونخوا، آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان کے مریضوں کو علاج کیلئے جدید ترین سہولیات فراہم کرے گا شہباز شریف نے کہا کہ جناح میڈیکل کمپلیکس کی تعمیر پر پیش رفت تسلی بخش ہے، معینہ مدت میں اہداف کا حصول یقینی بنایا جائے۔ شہباز شریف نے کہا کہ جناح میڈیکل کمپلیکس میں تمام تر تقرریاں میرٹ پر شفاف طریقے سے کی جائیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ جناح میڈیکل کمپلیکس کو چلانے کیلئے نجی ادارے کی خدمات لی جائیں جو عالمی سطح پر بہترین معیار کی علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے۔

بقیہ 08

ہیں، شہر میں جو صفائی ہو رہی ہے کیا یہ وہ نہیں کر سکتے تھے، اب ملازمین ان کے گھروں میں نوکری کر رہے تھے یا گھر بیٹھے تنخواہ لے رہے تھے جس نے اب گھر بیٹھے تنخواہ لینی ہے وہ نوکری سے جائے گا، جرم ثابت ہونے پر سزا و جزا کا نظام ہوگا۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ سوال ہی نہیں پیدا ہوتا ہم مذاکرات کریں، پی ٹی آئی کی 4 فرنچائز ہیں، ایک جماعت اپنے چیئرمین، جنرل سیکرٹری، اسپیکر کو نہیں مانتی تو ہمیں کیا مانیں گے۔ گورنر کے پی کا کہنا تھا کہ وہ آپس میں لڑ رہے ہیں، وہ بتائیں اور بجلی فرنچائزان کی کون سی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سہیل آفریدی کے وارنٹ گرفتاری کے قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے

بقیہ 09

میں سہولت کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار، ہاؤسنگ اور زراعت کی ترقی سے معیشت میں بہتری اور نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ ایسے بینکس جو زراعت، ہاؤسنگ اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباروں کو حکومتی اقدامات کے تحت قرضوں کی آسان فراہمی میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں، قابل ستائش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی اقدامات کے تحت کسانوں، چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباروں اور وزیراعظم اپنا گھر اسکیم میں صارفین کو قرضوں کی فراہمی میں سست روی اختیار کرنے والے بینکس کے ساتھ اسٹیٹ بینک اور وزارت خزانہ کی طرف سے کسی قسم کی رعایت نہ برتی جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نجی شعبے کی ترقی کے لیے بینکس کلیدی اہمیت کے حامل ہیں، ترجیحی شعبوں کو قرضوں کی فراہمی میں بینکوں سے ویسے ہی تعاون کی توقع رکھتے ہیں جیسا تعاون حکومت اور حکومتی ادارے بینکوں کے ساتھ کرتے ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار معیشت کی ترقی، برآمدات کے فروغ اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی بھرپور استعداد رکھتے ہیں۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ زراعت کا شعبہ ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے، زرعی اجناس کی ویلیو ایڈیشن سے برآمدات میں اضافے کے لیے کوشاں ہیں۔ اپنا گھر اسکیم سے ہاؤسنگ اور تعمیرات کے شعبے سے منسلک کئی صنعتوں کو فروغ ملے گا۔ شہباز شریف نے وزیر خزانہ کو ایس ایم ای سیکٹر، زراعت اور ہاؤسنگ کے شعبے کے اسٹیک ہولڈرز کے فنانسنگ سے متعلق مسائل حل کرنے اور جامع لائحہ عمل مرتب کرنے کی ہدایت کی

بقیہ 10

اسرائیلی یرغمالی بھی ہلاک ہوئے۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق فوج سے استعفیٰ دینے کے ڈیڑھ سال بعد اپنے پہلے عوامی بیان میں ہرزی حالیوی نے کہا ہے کہ حماس کا 7 اکتوبر کا حملہ ایک ایسی ناکامی تھی جسے روکا جا سکتا تھا، لیکن اس میں قطعی طور پر کوئی اندرونی غداری شامل نہیں تھی۔ نیویارک میں ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ہرزی حالیوی نے دعویٰ کیا کہ غزہ کے اندر شدید فوجی دباؤ کے بغیر ہم یرغمالیوں کو واپس لانے کے قابل نہیں ہوتے، ساتھ ہی انہوں نے یہ اعتراف بھی کیا کہ ہماری بمباری سے کچھ یرغمالی بھی مارے گئے۔ ہمیں معلوم نہیں تھا کہ وہ وہاں موجود ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ 7 اکتوبر کے حملے کے بعد غزہ میں حماس کے خلاف زمینی کارروائی کرنے کیلئے سیاسی قیادت کو قائل کرنے میں کافی وقت لگا۔ 7 اکتوبر حملے کی تحقیقات کرنے والے کمیشن کے حوالے سے ہرزی حالیوی نے کہا کہ اسرائیل کو لازمی طور پر انکوائری مکمل کرنی چاہیے اور مشکل سوالات پوچھنے چاہئیں۔ غلطیوں کی اصلاح کرنے کے لئے ہمیں اپنی ناکامیوں کا سامنا کرنا ہوگا۔ ہرزی حالیوی نے یہ بھی انکشاف کیا کہ 7 اکتوبر کی صبح جب حماس کا حملہ جاری تھا تب اسرائیل نے حزب اللہ کو ایک سخت پیغام بھیجا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ ہم تم پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہیں۔ اگر تم نے ذرا سی بھی حرکت کی، تو لبنان کو سخت ردعمل کا سامنا کرنا پڑے گا۔

بقیہ 11

عوام پر مودی حکومت کے اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔ ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی نے کہا کہ مسئلہ کشمیر تقسیم ہند کا نامکمل باب ہے، کشمیری عوام گزشتہ 79 برس سے حق خودارادیت کی جدوجہد کر رہے ہیں، حریت قیادت کی مسئلہ کشمیر کو زندہ رکھنے کی کوششیں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرنا چاہتے ہیں اور حق خودارادیت کے ذریعے پاکستان کے حق میں فیصلہ کرنا چاہتے ہیں، کشمیری عوام چاہتے ہیں کہ ریاست جموں و کشمیر پاکستان کا حصہ بنے۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ انسانی حقوق کی بات کرنے والی عالمی برادری کشمیر کے معاملے پر خاموش کیوں ہے؟ کشمیری عوام کے ساتھ مبینہ مظالم پر عالمی برادری کی خاموشی افسوسناک ہے، عالمی برادری کو مسئلہ کشمیر پر خاموشی توڑنا ہوگی۔ افتخار گیلانی نے کہا کہ میڈیا اور سوشل میڈیا مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے تمام متعلقہ حلقوں کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی، کشمیری عوام کی آواز دنیا بھر میں پہنچانے کے لیے مشترکہ جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ 12

مقدمے میں دو بھائیوں میں سے ایک ملزم شہریار کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے بری جبکہ دوسرے ملزم اسفندیار کی عمر قید کی سزا برقرار رکھی ہے۔ جسٹس اشتیاق ابراہیم کی جانب سے تحریر کردہ فیصلے کے مطابق سپریم کورٹ کے تین رکنی بنچ نے 21 اکتوبر 2026 کو فریقین کے دلائل سننے کے بعد فوجداری درخواست کو اپیل میں تبدیل کر کے اسے جزوی طور پر منظور کیا۔ بنچ میں جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ، جسٹس صلاح الدین پنہور اور جسٹس اشتیاق ابراہیم شامل تھے۔ مقدمے کے مطابق دونوں بھائیوں پر 18 فروری 2019 کو نوشہرہ کلاں میں کفایت اللہ کو فائرنگ کر کے قتل کرنے کا الزام تھا۔ مقتول نے زخمی حالت میں ہسپتال میں بیان دیا تھا جبکہ اعجاز خان کو واقعہ کا عینی شاہد قرار دیا گیا تھا۔ ٹرائل کورٹ نے 19 مارچ 2025 کو دونوں ملزمان کو قتل کے جرم میں عمر قید اور پانچ پانچ لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنائی تھی جسے پشاور ہائیکورٹ نے 17 جولائی 2025 کو برقرار رکھا تھا۔ سپریم کورٹ نے فیصلے میں قرار دیا کہ مقتول کے آخری بیان اور عینی شاہد نے دونوں ملزمان پر فائرنگ کا الزام تو عائد کیا تاہم یہ واضح نہیں کیا کہ مقتول کو لگنے والی گولیاں کس ملزم کے اسلحے سے چلائی گئی تھیں۔ جائے وقوعہ سے فائرنگ کے خول بھی برآمد نہیں ہوئے تھے۔ عدالت کے مطابق ملزم شہریار کی نشاندہی پر ریپیٹر گن جبکہ اسفندیار کے قبضے سے تیس بور پستول برآمد ہوا تھا۔ مقتول کے جسم پر گولیوں کے دو زخموں کی نوعیت تیس بور پستول سے چلائی گئی گولیوں سے زیادہ مطابقت رکھتی تھی، ریپیٹر گن سے نہیں۔ فیصلے میں کہا گیا کہ استغاثہ ملزم شہریار کو مقتول کو لگنے والی گولیوں سے منسلک نہیں کر سکا، اس لئے اس کے جرم میں ملوث ہونے کے بارے میں شک کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ 13

جن میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جماعت ری پبلکن پارٹی کو کانگریس میں اپنی اکثریت برقرار رکھنے کا چیلنج درپیش ہے۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق انتخابات میں ایوان نمائندگان کی تمام 435 نشستوں اور سینیٹ کی 35 نشستوں پر ووٹنگ ہوگی۔ رائے عامہ کے جائزوں میں ڈیموکریٹک پارٹی کو ایوان نمائندگان میں کامیابی کا مضبوط امکان ظاہر کیا جا رہا ہے، تاہم سینیٹ میں دونوں جماعتوں کے درمیان مقابلہ سخت ہے۔ ایوان نمائندگان میں اکثریت حاصل کرنے کیلئے 218 نشستیں درکار ہیں، سینیٹ کی 35 نشستوں میں 33 باقاعدہ اور 2 خصوصی انتخابات شامل ہیں۔

بقیہ 14

نے پولیو ورکرز کو اغوا کیا۔ پولیس کے مطابق مسلح افراد چاروں پولیو ورکرز کو اپنے ساتھ لے کر نامعلوم مقام پر منتقل ہو گئے۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ دریں اثنا آج خیبر پختونخوا کے اضلاع ہنگو، بنوں اور ڈیرہ اسماعیل خان میں چار روزہ انسداد پولیو مہم کا آغاز ہو گیا ہے، ہنگو میں ڈی پی او شفیع اللہ گنڈاپور جبکہ ڈیرہ اسماعیل خان میں ڈی پی او ضیاء الدین احمد انسداد پولیو مہم کے سکیورٹی انتظامات کی براہ راست نگرانی کر رہے ہیں۔ انہوں نے اہلکاروں کو بلٹ پروف جیکٹس اور ہیلمٹ کے استعمال، موبائل فون سے گریز اور دوران ڈیوٹی مکمل الرٹ رہنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 15

زخمی ہوئے ہیں۔ پاکستان انسٹی ٹیوٹ فار کنفلکٹ اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (پکس) کے اعداد و شمار کے مطابق ستمبر کے مقابلے میں اکتوبر میں دہشت گردانہ حملوں میں 37 فیصد کمی ہوئی جبکہ ان حملوں سے ہلاکتوں میں 57 فیصد اور زخمیوں کی تعداد میں 71 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق اکتوبر میں ملک بھر میں 143 دہشت گردانہ حملے ہوئے جو ستمبر کے 226 حملوں کے مقابلے میں کافی کم ہیں۔ ان حملوں میں 111 افراد جاں بحق ہوئے جبکہ ستمبر میں یہ تعداد 260 تھی۔ زخمیوں کی تعداد بھی 242 سے کم ہو کر صرف 69 رہ گئی۔ دہشت گردانہ حملوں اور سیکیورٹی فورسز کے آپریشنز میں مجموعی طور پر 272 افراد ہلاک ہوئے جن میں 53 سیکیورٹی اہلکار، 5 امن کمیٹی کے ارکان، 45 شہری اور 169 دہشت گرد شامل ہیں۔ زخمی ہونے والوں میں 29 سیکیورٹی اہلکار، 11 امن کمیٹی کے ارکان اور 31 شہری شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں سب سے زیادہ بہتری دیکھی گئی جہاں حملوں میں 46 فیصد کمی ہوئی۔ ستمبر میں 132 حملے ہوئے تھے جو اکتوبر میں کم ہو کر 71 رہ گئے

بقیہ 16

پیسے فی لیٹر کمی کر دی گئی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرول کی نئی قیمت 374 روپے 51 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے، جبکہ ڈیزل کی قیمت کم ہو کر 395 روپے 20 پیسے فی لیٹر ہو گئی ہے۔ نئی قیمتوں کا اطلاق 3 نومبر کیلئے ہوگا۔

بقیہ 17

سراہتے ہیں، چین اور پاکستان کی سیاسی پارٹیوں کے درمیان تعاون قائم ہے۔ تقریب سے خطاب میں چینی وزیر کا کہنا تھا کہ آج کے چین کو سمجھنے کیلئے چینی کمیونسٹ پارٹی کو سمجھنا ضروری ہے، چین کے نظام حکمرانی کے پیچھے مضبوط سیاسی جماعت موجود ہے۔

بقیہ 18

کے قونصل جنرل خواجہ خرم نعیم نے وفاقی وزیر تجارت کا استقبال کیا۔ جام کمال خان اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے، جہاں اسلامی ممالک کے درمیان باہمی تجارت کے فروغ اور اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے سے متعلق اہم امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ دورے کے دوران وفاقی وزیر تجارت کی ترکیہ، سعودی عرب اور مصر کے ہم منصب وزرائے تجارت سے اہم دوطرفہ ملاقاتیں بھی شیڈول ہیں، ان ملاقاتوں میں دوطرفہ تجارت کے فروغ، نئی منڈیوں تک رسائی اور اقتصادی تعاون بڑھانے کے امکانات پر گفتگو ہوگی۔ کامسیک کے 42ویں اجلاس میں اسلامی ممالک کے درمیان تجارتی و اقتصادی روابط مستحکم بنانے، برآمدات کے فروغ، تجارتی مالی معاونت کے مؤثر نظام اور نجی شعبے کے کردار کو مزید مضبوط بنانے پر غور کیا جائے گا۔

بقیہ 19

انہوں نے کہا کہ ایران نے امریکی حملے کی صورت میں جوابی کارروائی سے متعلق پیشگی اطلاع دی تھی، خلیجی ممالک میں ایرانی میزائلوں کے گرنے کی ذمہ داری ایران پر نہیں ہے۔ عباس عراقچی نے کہا کہ دوست ممالک اب سمجھتے ہیں کہ امریکی اڈے انہیں تحفظ نہیں دے سکتے، امریکی اڈے خود اپنی حفاظت کی صلاحیت بھی نہیں رکھتے۔ ایرانی وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ خطے کے ممالک ایران کے خلاف نئی امریکی جنگ کی حمایت نہ کریں، دوست ممالک امریکا کو نئی جنگ سے روکنے میں کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ جنگ کی حوصلہ افزائی کے بجائے کشیدگی کم کرنے کی کوشش کی جائے

بقیہ 20

سرمایہ کاروں کی توجہ امریکی وسط مدتی انتخابات پر مرکوز ہوگی۔ سرمایہ کار آج (منگل کو) امریکا کے وسط مدتی انتخابات، اکتوبر کے روزگار کے اعداد و شمار اور برطانیہ، آسٹریلیا، ناروے اور سویڈن کے مرکزی بینکوں کی شرح سود سے متعلق فیصلوں کے منتظر ہیں۔ یورو ایشیائی کاروباری سیشن کے آغاز پر یورو کی قدر 1.1159 ڈالر رہی جو گزشتہ 17 ماہ کی کم ترین سطح کے قریب ہے۔ فرانس کے کریڈٹ آؤٹ لک کو مستحکم سے منفی کرنے کے فیصلے کے بعد یورو دباؤ میں رہا۔ برطانوی پاؤنڈ کی قدر میں زیادہ تبدیلی نہیں ہوئی اور یہ 1.3387 ڈالر پر مستحکم رہا جبکہ مختلف کرنسیوں کے مقابلے میں ڈالر انڈیکس 101.94 پر برقرار رہا۔

بقیہ 21

عالمی سفارتکاری کے میدان میں ایک بلند مقام حاصل کیا اسی طرح اب اندرونی استحکام کیلئے بھی پولیٹیکل ڈائیلاگ، عوام کو اعتماد میں لینے اور نوجوانوں کو تعمیری سرگرمیوں میں مصروف رکھنے کیلئے ٹھوس اقدامات کرنا ہونگے۔ ہمیں یہ حقیقت پیش نظر رکھنی چاہیے کہ دشمن کسی بھی وقت ہماری داخلی کمزوریوں سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ پاکستان نے دہشتگردی اور مذہبی فرقہ واریت کے خاتمے کیلئے اہم کامیابیاں حاصل کی ہیں اور اب ہمیں یقین ہے کہ ہم سیاسی ہم آہنگی، قومی اتحاد اور مشترکہ کوششوں کے ذریعے ہم درپیش چیلنجز پر بھی بہت جلد قابو پالینگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں قومی کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس کا انعقاد انٹرنیشنل ریسرچ کونسل فار ریلیجس افیئرز نے پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ (PPAF) کے مالی تعاون اور سینٹر آف ایکسیلنس آن کاؤنٹرنگ وائلنٹ ایکسٹریمزم (CVE-CoE) بلوچستان کے اشتراک سے کیا۔ واضح رہے کہ گورنر ہاؤس کوئٹہ میں "معرکہ حق" کے بعد کے دور میں عالمی ثالثی، اسٹریٹجک سفارتکاری، تنازعات کے حل اور معاشی مواقع میں پاکستان کا ابھرتا ہوا کردار کے موضوع پر ایک قومی کانفرنس منعقد ہوئی جس میں حکومتی نمائندوں، پالیسی سازوں، ماہرین تعلیم، علمائے کرام اور ترقیاتی شعبے کے رہنماؤں نے شرکت کی۔

بقیہ 22

میں پائیدار اور برآمدات پر مبنی معاشی ترقی کے فروغ، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کی معاونت اور مجموعی کاروباری ماحول کو بہتر بنانے کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ برآمدات کو ملکی ترقی کی حکمت عملی میں مرکزی حیثیت حاصل ہونی چاہیے اور ایسی پالیسیاں تشکیل دی جانی چاہئیں جو پاکستانی برآمد کنندگان کو علاقائی اور عالمی منڈیوں میں زیادہ مسابقتی بنانے میں معاون ہوں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ کاروبار میں آسانی کے لیے سازگار اور قابل پیش گوئی پالیسی ماحول، سادہ ضابطہ جاتی طریقہ کار اور متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری برادری، بالخصوص چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو درپیش مسائل کا حل ضروری ہے تاکہ حکومتی پالیسیاں سرمایہ کاری، پیداواری صلاحیت، روزگار کے مواقع اور کاروباری سرگرمیوں میں توسیع کو فروغ دے سکیں اس موقع پر لاہور چیمبر آف کامرس کے صدر علی حسام اصغر نے ایس ایم ایز کے فروغ، مالی وسائل تک رسائی میں بہتری اور کاروباری سرگرمیوں کو وسعت دینے کے حوالے سے چیمبر کا نقطہ نظر پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ کاروبار کے لیے معاون ماحول، پالیسیوں میں تسلسل و شفافیت، جدید خطوط پر استوار کرنے اور برآمدات میں اضافے کی ضرورت ہے

بقیہ 23

سرکاری افسران عوامی مسائل کے حل کو اپنی ذاتی ذمہ داری سمجھیں، شفافیت اور احساس ذمہ داری کے ساتھ فرائض انجام دیں اور ضلعی سطح پر حکومتی اقدامات کے ثمرات عوام تک پہنچائیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقی، سستی اشیاء کی دستیابی اور عوامی شکایات کا فوری حل صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں ترقیاتی منصوبوں کی رفتار، اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کی نگرانی، غیر قانونی طور پر مقیم تارکین وطن کی واپسی، کھلی کچہریوں کا انعقاد اور لوکل کونسلز میں صفائی کی صورتحال سمیت اہم عوامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن سیکشن نے کل 2,935 ترقیاتی منصوبوں میں سے 2,632 منصوبوں کا دورہ کیا ہے، جن میں سے 90 فیصد منصوبے مکمل ہو چکے ہیں۔ اسی طرح بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (بی ایس ڈی آئی) کے تینوں مراحل میں کل 4,063 منصوبوں کی منظوری دی گئی، جن میں سے 2,181 منصوبے تکمیل کے مراحل میں ہیں

بقیہ 24

رفت کے طور پر سپریم کورٹ آف پاکستان اور جمہوریہ کوریا کی سپریم کورٹ نے دوطرفہ عدالتی تعاون کی مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے۔ اس اقدام سے ادارہ جاتی اشتراک، عدالتی علم و تجربات کے تبادلے اور ٹیکنالوجی میں جدت کی نئی راہیں کھلی ہیں۔ کوریا کے سرکاری دورے پر موجود چیف جسٹس آف پاکستان کا سیول میں کوریا کی سپریم کورٹ آمد پر جمہوریہ کوریا کی سپریم کورٹ کے چیف جسٹس مسٹر جسٹس جو ہی دے، نے پرتپاک استقبال کیا۔ دونوں چیف جسٹس صاحبان نے ادارہ جاتی تعلقات کے استحکام، ایک دوسرے کے تجربات سے استفادے اور دونوں ممالک کی عدلیہ کے درمیان قریبی تعاون کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات کے اختتام پر دونوں چیف جسٹس صاحبان نے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے، جو پاکستان اور جمہوریہ کوریا کے عدالتی تعلقات میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ مفاہمت کی یادداشت مسلسل ادارہ جاتی روابط کے لیے ایک جامع لائحہ عمل فراہم کرتی ہے، جس میں عدالتی وفود کے تبادلے، پیشہ ورانہ استعداد میں اضافہ، عدالتی تعلیم، مشترکہ تحقیق اور ادارہ جاتی تجربات و بہترین طریقہ ہائے کار کا تبادلہ شامل ہے۔ اس میں عدالتی اصلاحات و جدت، الیکٹرانک عدالتی نظام، ڈیجیٹل انصاف، مصنوعی ذہانت اور عدالتی انتظام میں اس کے ذمہ دارانہ استعمال، اسمارٹ عدالتوں، عدالتی اعداد و شمار کے تجزیے اور سائبر سیکیورٹی پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

بقیہ 25

گے۔ صدر ٹرمپ نے یہ بات نیویارک پوسٹ کو انٹرویو دیتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ایسی صورت میں وہ خود کو مسترد ویٹو بنا لیں گے اور ڈیموکریٹس کو اپنے ایجنڈے پر عمل درآمد نہیں کرنے دیں گے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا مزید کہنا تھا کہ ڈیموکریٹس کی جانب سے پیش کیے جانے والے بلوں کو مسترد کرنے کے بعد بالآخر وہ مذاکرات کی میز پر آنے اور معاہدے کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مسلسل ویٹو کیے جانے کے بعد ڈیموکریٹس کا وقت ضائع ہوگا اور ایک یا دو ماہ بعد وہ معاملات طے کرنے کے لیے ان کے پاس آئیں گے۔

بقیہ 26

شمس، تحصیل کچلاک امیر مولانا محمد سلیمان، حاجی قاسم خان خلجی، مولانا عبدالمجید مولوی محمد اقبال اور دیگر نے تحصیل کچلاک کے زیر اہتمام منعقدہ عظیم الشان تربیتی کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علما اسلام کے کارکنان موجودہ پرفتن دور میں جماعت مخالف قوتوں کی جانب سے جاری منفی پروپیگنڈے کا مقابلہ دلیل سیاسی بصیرت اور اخلاقی اقدار کے دائرے میں رہتے ہوئے کریں۔ کارکنان کی ذمہ داری ہے کہ وہ جماعت کے مختلف اکابرین کی جدوجہد اور قیادت کے کردار سے عوام کو آگاہ کریں اور منفی پروپیگنڈے کا مدلل اور مؤثر جواب دے کر جماعت کے حقیقی پیغام کو عام کریں۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام کی قیادت نے ہمیشہ اصولوں، جمہوری جدوجہد، آئینی بالادستی اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ آج جب نااہل حکومت اپنی ناکامیوں، عوامی مسائل کے حل میں عدم دلچسپی اور ناقص حکومتی کارکردگی پر پردہ ڈالنے کے لیے سیاسی قیادت کی کردار کشی اور بے بنیاد الزام تراشی کا سہارا لے رہی ہے تو جمعیت کے کارکنان پر لازم ہے کہ وہ اپنی سیاسی شعور اور جماعتی وابستگی کا عملی مظاہرہ کرتے ہوئے قیادت کا دفاع کریں۔

بعدالت تحصیلدار/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل سریاب کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست گزار عبدالہادی ولد عبدالمبین نے جناب ڈپٹی کمشنر صاحب کوئٹہ کو اپنے، بحوالہ انتقال نمبر 5837 محال و موضع خشکابہ کاریزات تحصیل سریاب میں درستگی قوم/قبیلہ کی بابت درخواست جمع کروائی ہے کہ انکا قوم/قبیلہ جو کہ ریونیو ریکارڈ میں سید لکھا گیا ہے کی بجائے شلغی اندراج کیا جائے۔ لہٰذا اس بابت کسی بھی شخص، ادارہ، حصہ داران کو کوئی اعتراض ہو تو اندر چودہ 14 روز زیر دستخطی کو آگاہ کریں بعد از معیاد کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ اشتہار ہذا 2/11/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

تحصیلدار سریاب کوئٹہ

بعدالت تحصیلدار/اسسٹنٹ کلکٹر اول سٹی کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی محمد انور ولد زین الدین قوم یوسفزئی ساکن کوئٹہ بقضائے الٰہی وفات پاچکا ہے، جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے۔ جائیداد ہذا بحوالہ انتقال نمبر 384 وارڈ نمبر 44 اربن نمبر 5 میں واقع ہے شرعی فتویٰ کے مطابق متوفی محمد انور کے پسماندگان میں بی بی زرینہ، محمد شریف، بی بی نوریہ، صائمہ گل دختران محمد انور بحق جائز وارث ہیں اس کے علاوہ دیگر جائز وارث نہ ہے۔ لہٰذا اس بارے میں اگر کسی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر و اعتراض ہو تو اندر 7 یوم زیر دستخطی کو پیش کرے بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ اشتہار ہذا 2/11/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

تحصیلدار سٹی کوئٹہ

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان



کوئٹہ اور بلوچستان بھر سے

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے

صوبائی وزیر صحت

صحت کا شعبہ براہ راست عوام کی زندگیوں سے وابستہ ہے، اس لیے اس شعبے میں بہتری لانا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، بخت محمد کاکڑ صوبائی وزیر صحت بلوچستان

ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کے عوام کو علاج معالجے کے لیے دوسرے صوبوں کا رخ نہ کرنا پڑے اور انہیں اپنے ہی صوبے میں بہتر طبی سہولیات میسر آئیں، مختلف وفود سے بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی، سرکاری ہسپتالوں کی بہتری اور علاج معالجے کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ صحت کا شعبہ براہ راست عوام کی زندگیوں سے وابستہ ہے، اس لیے اس شعبے میں بہتری لانا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے' یہ بات انہوں نے

بقیہ نمبر 01 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل معرکہ حق میں فتح حاصل کرنے کے بعد پاکستان کا ابھرتا ہوا کردار کے موضوع پر قومی کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں



صوبائی مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کا گورنر ہاؤس میں تقریب کے شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

بلوچستان کی ترقی وخوشحالی ملک کی مجموعی ترقی سے وابستہ ہے، جمال شاہ کاکڑ

عوام اور پارٹی کارکن مسائل کی نشاندہی کریں، ان کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے، جمال شاہ کاکڑ

سبی (نامہ نگار) رکن قومی اسمبلی پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ ملک کی ترقی خوشحالی بلوچستان سے وابستہ ہے موجودہ حکومت کی عوام دوست پالیسیوں سے بلوچستان میں ترقی خوشحالی کا نیا دور شروع ہو چکا ہے

بقیہ نمبر 02 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



سیکرٹری کالجز ہائر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن ہاشم غلزئی الجبرہ ریزیڈنشل اسکول اینڈ کالج زیارت کے پروفیسر شبیر احمد بڑیچ کو بس کی چابی دے رہے ہیں

ہزارہ ٹاؤن پولیس کی کارروائی، 4 کلوگرام چرس برآمد، ملزم گرفتار کرلیا ایس ایچ او تنویر احمد باجوہ

کوئٹہ (اے این این) ایس ایچ او تھانہ ہزارہ ٹاؤن تنویر احمد باجوہ نے کہا ہے کہ ایس پی آپریشنز ضیاء مندوخیل کی نگرانی اور ڈی ایس پی/ایس ڈی پی او سریاب سرکل کی زیر نگرانی منشیات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ معمول کی اسنیپ چیکنگ کے دوران ہزارہ ٹاؤن پولیس نے ایک مشتبہ شخص کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 4 کلوگرام چرس برآمد کر لی۔ گرفتار ملزم کی

بقیہ نمبر 04 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

پولیو کا مکمل خاتمہ حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین

پولیو مہم میں پانچ سال تک کی عمر کے ہر بچے کو قطرے پلانے کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں، فریدہ ترین

پولیو ٹیموں کی نگرانی، تمام علاقوں تک رسائی اور سکیورٹی وسہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، ڈپٹی کمشنر

صحبت پور (خ ن) ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے بچوں کو عمر بھر کی معذوری

بقیہ نمبر 05 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

ژوب پولیس کی کارروائی، چوری شدہ آلٹو گاڑی برآمد، دو ملزمان گرفتار

ژوب (نامہ نگار) ایس ایچ او ژوب عدنان جلالزئی ایڈیشنل ایس ایچ او سہراب خان، سے ایس آئی سید شاہ کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے چند روز قبل ڈیرہ اسماعیل خان سے تعلق رکھنے والے ایک مسافر کی چوری شدہ آلٹو گاڑی برآمد کر لی۔ پولیس نے کارروائی کے دوران پہلے ملزم نقیب اللہ ولد حاجی ملا محمد زاہد، قوم خوستی، سکنہ شیخان آبادی ژوب کو گرفتار

بقیہ نمبر 06 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



ژوب پولیس کی کارروائی، چوری شدہ آلٹو گاڑی برآمد، دو ملزمان گرفتار



حکومت بلوچستان اور ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پاکستان کے زیر اہتمام ویکسٹ ایگزیبیشن کے موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی مختلف اسٹالز کا معائنہ کر رہے ہیں

صوبے سے 2310 میگاواٹس بجلی پیدا ہو کر نیشنل گرڈ میں جاتی ہے، محکمہ توانائی بلوچستان

صوبے کو نیشنل گرڈ سے 450 میگاواٹس بجلی بھی نہیں مل رہی ہے، کیسکو

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے محکمہ توانائی نے انکشاف کیا ہے کہ صوبے سے 2310 میگاواٹس بجلی پیدا ہو کر نیشنل گرڈ میں جاتی ہے،،، جبکہ کیسکو حکام کا کہنا ہے کہ صوبے کو نیشنل گرڈ سے 450 میگاواٹس بجلی بھی نہیں مل رہی ہے، کوئٹہ میں آٹھ سے دس گھنٹے

بقیہ نمبر 07 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

خواتین کو معاشی سرگرمیوں میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

ڈی سی کوئٹہ

کوئٹہ میں دو روزہ ویکسنیٹ کاروباری نمائش کامیابی سے اختتام پذیر، 100 سے زائد اسٹالز پر خواتین کی تیار کردہ مصنوعات اور دستکاری پیش کی گئیں

(WEXNET) نمائش خواتین کو با اختیار بنانے، انکی کاروباری صلاحیتوں کو اجاگر کرنے، مقامی مصنوعات کی تشہیر اور تجارتی روابط کے فروغ کے حوالے سے اہم پیش رفت ثابت ہوئی

کوئٹہ (خ ن) ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) کے زیر اہتمام حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ کوئٹہ اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ کے اشتراک سے منعقدہ دو روزہ کاروباری نمائش "ویکسنیٹ (WEXNET)" کامیابی کے ساتھ منعقد ہوئی، جس میں ملک بھر سے تعلق رکھنے والی خواتین کاروباری شخصیات، صنعت کاروں، ہنرمند خواتین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے

بقیہ نمبر 03 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر جعفرآباد جاوید احمد بلوچ کا ایکسائز آفس اوستہ محمد کا دورہ

منشیات فروشوں کے خلاف سخت کارروائی اور عملے کو الرٹ رہنے کی ہدایت

اوستہ محمد (نامہ نگار) ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر (ETO) جعفرآباد جاوید احمد بلوچ نے ایکسائز آفس اوستہ محمد کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے محکمانہ امور کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ عملے کو شہر میں منشیات کی روک تھام، غیر قانونی سرگرمیوں کے سدباب

بقیہ نمبر 08 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان میں ایم ای آر سی 1122 کے ڈائریکٹر جنرل تبدیل، عبدالواحد خان تعینات

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے میڈیکل ایمرجنسی رسپانس سینٹر (ایم ای آر سی) 1122 کے ڈائریکٹر جنرل کو تبدیل کرتے ہوئے عبدالواحد خان کو نیا ڈائریکٹر جنرل تعینات کر دیا ہے، جبکہ موجودہ ڈائریکٹر جنرل محمد ذوالفقار جتوئی کو محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن (ایس اینڈ جی اے ڈی) میں رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق عبد الواحد خان، جو اس سے قبل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان تعینات تھے، کو ڈائریکٹر جنرل

بقیہ نمبر 09 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو مرزا اعزاز بیگ سے صوبائی وزیر اقلیتی امور سنجے کمار اور رکن صوبائی اسمبلی روی کمار ملاقات کر رہے ہیں



رکھنی، کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی پی ایس ڈی پی کے تحت جاری اور نئی اسکیموں کی پیش رفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جامعہ بلوچستان ریٹائر اساتذہ کو واجبات کی عدم ادائیگی ظلم ہے، پروفیسر حلیم صادق

ریٹائرڈ اساتذہ کو پانچ سال بعد بھی پنشن اور لیو انکیشمنٹ کی ادائیگی نہ ہونا بدانتظامی کی بدترین مثال ہے

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے جامعہ بلوچستان کے ریٹائرڈ اساتذہ کو تاحال پنشن اور لیو انکیشمنٹ کی عدم ادائیگی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے صوبائی حکومت اور جامعہ

بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

اے پی ایل ایف کا محنت کشوں کیلئے گرانٹس جاری کرنے پر حکام سے اظہارِ تشکر

سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ، سیکرٹری ایچ آر ڈی اسلام آباد اور سیکرٹری ورکرز ویلفیئر بورڈ بلوچستان کا خصوصی شکریہ ادا کیا گیا

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان لیبر فیڈریشن اور پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے عہدیداروں نے محنت کشوں کی فلاح و بہبود کیلئے ڈیتھ گرانٹ، میرج گرانٹ اور بچوں کے تعلیمی وظائف کی رقوم جاری ہونے پر ورکرز ویلفیئر فنڈ اور متعلقہ حکام سے

بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

گنداخہ میں مچھر مار اسپرے نہ ہونے سے شہری پریشان

گنداخہ (نامہ نگار) گنداخہ شہر اور گردونواح میں مچھر مار اسپرے نہ ہونے کے باعث مچھروں کی افزائش میں اضافے سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا

بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

جاغی، ضلعی پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح، ڈپٹی کمشنر بختیار اسماعیل بلوچ نے بچوں کو قطرے پلائے

5 نومبر تک جاری رہنے والی مہم کے دوران 5 سال سے کم عمر تمام بچوں کو ویکسین پلائی جائیگی، ڈی ایچ او ڈاکٹر منیر بلوچ

چاغی (نامہ نگار) چاغی ضلع چاغی میں SNID نومبر پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح ڈپٹی کمشنر چاغی بختیار اسماعیل بلوچ نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا آغاز کیا اور انسداد پولیو کے خلاف قومی عزم کو دہرایا۔ انہوں نے والدین اور معاشرے کے

بقیہ نمبر 14 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

زیارت میں قائداعظم ڈے کی تیاریوں کے سلسلے میں تقریب، طلبا وطالبات کی تقاریر اور ٹیبلو پیش

کوئٹہ (خ ن) گورنمنٹ گرلز ہائی سکول زیارت میں 25 دسمبر کو بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کا یوم ولادت (قائداعظم ڈے) شایان شان اور بھرپور انداز میں منانے کی تیاریوں کے سلسلے میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ضلع زیارت کے مختلف کالجوں اور اسکولوں کے طلباء وطالبات نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران طلباء وطالبات نے قائداعظم محمد علی جناح کی زندگی، جدوجہد، سیاسی بصیرت اور قیام پاکستان کے حوالے سے اردو اور انگریزی زبان میں تقاریر پیش کیں، جبکہ مختلف ٹیبلو

بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کو شیلڈ دے رہے ہیں



کوئٹہ، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، ڈائریکٹر کلچر ڈاکٹر داؤد ترین، ڈی جی خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری و دیگر کلچر ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام بلوچی کے نامور شاعر و ادیب سید ظہور شاہ ہاشمی کی صد سالہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ میں ایل پی جی 650 روپے فی کلو، 12 کلو کا گھریلو سلنڈر 7 ہزار 800 روپے تک پہنچ گیا

ایران بارڈر کی بندش سے ایل پی جی بحران کا خدشہ، لوگوں کی مشکلات بڑھ گئی

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ایل پی جی کی قیمتوں میں ایک بار پھر نمایاں اضافہ ہو گیا، فی کلو قیمت 650 روپے جبکہ 12 کلوگرام کا گھریلو سلنڈر 7 ہزار 800 روپے تک فروخت ہونے لگا، جس کے باعث گھریلو صارفین، رکشہ

بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

عماد خان کو پی ٹی سی ایل کا چیف مارکیٹنگ آفیسر مقرر کر دیا گیا

اسلام آباد (اے این این) پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کمپنی لمیٹڈ (پی ٹی سی ایل) نے کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری کے بعد عماد خان کو چیف

بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

آل پاکستان لیبر فیڈریشن کا سیدال خان لونی سے والد کے انتقال پر تعزیت کا اظہار

مرحوم عبدالعزیز خان لونی ایک شفیق، ملنسار، خوش اخلاق اور قابل احترام شخصیت کے مالک تھے، سلطان محمد خان

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی وصوبائی رہنماؤں نے سیکرٹری مائنز اینڈ منرلز ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بلوچستان سیدال خان لونی کے والد محترم عبدالعزیز خان لونی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار

بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

سرکاری خدمات میں شفافیت اور تیزی کیلئے جدید ٹیکنالوجی کا فروغ ضروری ہے

ڈاکٹر ربابہ بلیدی

ڈیجیٹل گورننس محض ٹیکنالوجی کے استعمال کا نام نہیں بلکہ سرکاری نظام میں اصلاحات، شفافیت، جوابدہی اور عوامی ضروریات کے مطابق خدمات کی فراہمی کا ایک جامع طریقہ کار ہے

ڈیجیٹل گورننس سے عوامی مشکلات میں کمی اور سرکاری اداروں پر اعتماد مستحکم کیا جا سکتا ہے، خواتین کی ضروریات کو خصوصی اہمیت دی جائے، مشیر برائے ترقی نسواں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل سروس ڈیلیوری جدید طرز حکمرانی کا بنیادی تقاضا ہے، جس کے ذریعے سرکاری خدمات کی فراہمی میں شفافیت، تیزی اور مؤثریت لانے کے ساتھ عوامی مشکلات میں کمی اور سرکاری اداروں پر شہریوں کا اعتماد مستحکم کیا جا سکتا ہے۔ بلوچستان جیسے وسیع رقبے اور دور دراز آبادیوں پر مشتمل صوبے میں

بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



جمعیت بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع، مولانا عبدالرحمٰن رفیق، حاجی عین اللہ شمس و دیگر تحصیل کچلاک کے زیر اہتمام تربیتی کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان کی مزدور فیڈریشنوں کا مجوزہ لیبر کوڈ پر اعتراض، غیر نمائندہ فورمز کے ذریعے قانون سازی مسترد

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کی مختلف مزدور فیڈریشنوں اور مزدور تنظیموں نے بلوچستان لیبر کوڈ کی تیاری کے حوالے سے مبینہ غیر قانونی اجلاسوں، سیمینارز اور مشاورتی سرگرمیوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے انہیں مزدوروں کو تقسیم کرنے کی کوشش قرار دیا ہے۔ مزدور رہنماؤں نے الزام عائد کیا ہے کہ مائنز اونرز اور صنعت کاروں کی ایما پر غیر نمائندہ تنظیموں، چیمبر آف کامرس اور انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن) آئی ایل او (کے بعض نمائندوں کے مبینہ گٹھ جوڑ کے ذریعے لیبر کوڈ کے نام پر ایسی قانون سازی کی کوشش کی جا رہی ہے جس کا مقصد مزدوروں کے بجائے مائنز مالکان اور صنعت کاروں کو قانونی تحفظ فراہم کرنا ہے۔ مزدور رہنماؤں نے

بقیہ نمبر 30 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



سیکرٹری صحت مجیب الرحمٰن بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر بلوچستان کے 31 اضلاع میں پولیو مہم کا آغاز کر رہے ہیں

پارلیمان میں خواتین کا مؤثر کردار معاشرے کی ترقی کی ضمانت ہے

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری

خواتین کی پارلیمانی نمائندگی محض نشستوں تک محدود نہیں، قانون سازی میں اہم کردار ہے، خواتین کو با اختیار بنائے بغیر ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا

پارلیمنٹ کو خواتین کے خلاف امتیازی رویوں، تشدد، معاشی استحصال اور بنیادی حقوق کی خلاف ورزیوں کے خاتمے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا

پارلیمنٹ اور سینیٹ میں خواتین کی مؤثر آواز عوامی مسائل کے حل اور منصفانہ معاشرے کے قیام میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے، چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق

اسلام آباد/ کوئٹہ (آئی این پی) چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا ہے کہ خواتین کا پارلیمنٹ، سینیٹ اور قانون سازی کے عمل میں مؤثر کردار ایک مضبوط، ترقی پسند اور منصفانہ معاشرے کی تشکیل کے لیے ناگزیر ہے۔

بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

سرکاری کالونیوں میں گیس اور بجلی کا بحران شدید، نوٹس کا مطالبہ

سخت سردی میں گیس پریشر ناپید اور بھاری بلنگ ناانصافی ہے، لوڈشیڈنگ ختم کی جائے، سابق میئر کوئٹہ

کوئٹہ (پ ر) تحریک انصاف کے رہنما سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے اپنے مذمتی بیان میں سرکاری کالونیوں سینئر جونیئر کالونی چمن کالونیوں پوسٹل کالونی میں گیس پریشر کو بہتر بنایا جائے موجودہ سخت سردی میں پورا دن گیس پریشر ناپید ہو چکا ہے دن

بقیہ نمبر 19 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



ڈپٹی کمشنر سیوری الیاس کبزئی BSDI فیز تھری کے تحت واٹر سپلائی پائپ لائن کی بچھائی کے منصوبے کا معائنہ کر رہے ہیں



لورالائی، اسسٹنٹ کمشنر احمد زیب کاکڑ شہر میں تجاوزات کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں

ژوب، نان سیلری بجٹ کی عدم فراہمی کے خلاف آل بلوچستان لوکل کونسل فورم کا دوبارہ احتجاج کا انتباہ

محکمہ خزانہ نے فوری فنڈز جاری نہ کیے تو اس بار دفتر کے سامنے بھرپور مظاہرہ ہوگا، بلدیاتی نمائندگان


ژوب (نامہ نگار) گزشتہ چار ماہ سے نان سیلری کی بندش کے خلاف گزشتہ ہفتے بلوچستان اسمبلی کے سامنے آل بلوچستان لوکل کونسل فورم کے شدید احتجاج نے کوئی رنگ نہیں لایا صوبے کے تمام لوکل کونسل کے ادارے کروڑوں روپے مقروض ہے ڈیلی ویجز ملازمین خودکشی کرنے پر مجبور ہے ان کے گھرانے و بچے نان شبینہ کے محتاج ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان

بقیہ نمبر 29 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

رکھنی، سپورٹس وثقافتی میلہ سیزن ٹو اختتام پذیر، شائقین اور شہریوں کی بڑی تعداد میں شرکت

رکھنی (نامہ نگار) ضلع بارکھان کے علاقے رکھنی میں سپورٹس و ثقافتی میلہ سیزن ٹو شاندار اور پروقار تقریب کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا، جس میں روایتی کھیلوں اور ثقافتی مظاہروں کو دیکھنے کے لیے شائقین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ رکھنی کرکٹ گراؤنڈ میں منعقدہ اس سپورٹس و ثقافتی میلے کے دوران کرکٹ فائنل میچ، گھوڑا ریس، رسہ کشی کے مقابلے اور بلوچی ثقافت کی عکاسی کرتے روایتی رقص کا اہتمام کیا گیا، جنہوں نے شائقین کی توجہ حاصل کیے رکھی۔ میلے کا بنیادی مقصد نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے کے ساتھ ساتھ بلوچی ثقافت کو قومی اور عالمی سطح پر اجاگر کرنا تھا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اور ذرائع

بقیہ نمبر 28 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



بلوچستان ڈویلپمنٹ فورم کے ملک سعید احمد، کلیم اللہ، سید عبدالقیوم آغا، یاسین آغا اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

جاوید منان، سیٹھ محمد اعظم آرچری (تیراندازی) کلب کوئٹہ کے صدر منتخب

محمد شعیب کلب کے جنرل سیکرٹری اور محمد سلمان سیکرٹری فنانس منتخب ہو گئے

کوئٹہ (پ ر) سیٹھ محمد اعظم آرچری کلب کوئٹہ کے انتخابات 2 نومبر 2026 بروز سوموار کو ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر کوئٹہ کے دفتر میں ڈسٹرکٹ سپورٹس آفس کوئٹہ، بلوچستان آرچری ایسوسی ایشن اور ضلع کوئٹہ آرچری ایسوسی ایشن کے مبصرین کی زیر نگرانی

بقیہ نمبر 21 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، بجلی کی لوڈشیڈنگ اور گیس کے بھاری بلوں کے خلاف جے یو آئی حلقہ 20 شالدرہ کا ہنگامی اجلاس

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علما اسلام حلقہ 20 شالدرہ یونٹ کی مجلس عاملہ کا ایک اہم اور ہنگامی اجلاس حیات ماما کی صدارت میں منعقد ہوا، جس سے یونٹ امیر حافظ نقیب اللہ اور جنرل سیکرٹری مفتی عطا الرحمٰن رحمانی نے خطاب کیا۔ اجلاس میں شالدرہ اور گردونواح کے عوام کو درپیش گیس کے بھاری بھرکم اور اضافی بلوں، بجلی کی شدید غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور وولٹیج کی کمی جیسے سنگین مسائل پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ ان مسائل کے پائیدار حل اور عوامی آواز کو متعلقہ حکام تک مؤثر انداز میں پہنچانے کے لیے اجلاس میں باقاعدہ مسجد وار کمیٹیاں تشکیل دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ تنظیمی طریقہ کار کے تحت یہ کمیٹیاں متعلقہ مساجد کے ائمہ کرام سے ملاقاتیں کریں گی اور اپنے اپنے علاقوں کے تمام گھرانوں سے رابطہ

بقیہ نمبر 22 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

سید ظہور شاہ ہاشمی کی زندگی، ادبی خدمات اور ان کی یاد میں سیمینار کا انعقاد

بلوچی شاعری کو بلندیوں تک پہنچایا اور اپنی پوری زندگی بلوچی زبان کی خدمت کیلئے وقف کردی، مقررین

سابق وزیراعلیٰ اور تقریب کے مہمانِ خصوصی، ڈاکٹر مالک بلوچ نے شاندار خراج تحسین پیش کیا

کوئٹہ (پ ر) ممتاز بلوچی شاعر اور دانشور سید ظہور شاہ ہاشمی کی زندگی، ادبی خدمات اور ان کی یاد میں منعقدہ تقریبات کے حوالے سے ایک خصوصی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ یہ تقریب بلوچی لبزانکی دیوان اور ڈائریکٹوریٹ کلچر اینڈ ٹورزم بلوچستان کے زیر اہتمام منعقد کی گئی۔ بلوچی لبزانکی دیوان کے چیئرمین یار جان بادینی نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا اور

بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈی جی معدنیات عبداللہ شاہوانی کی ذاتی کاوشوں کی بدولت عوام کے مسائل حل ہو رہے ہیں، خان کاکڑ

موصوف ایک تجربہ کار اور میرٹ پر فیصلے کرنے والے آفیسر ہیں، عبدالمالک بلوچ

کوئٹہ (پ ر) ضلع کوئٹہ کے سیاسی رہنما عبدالمالک بلوچ خان کاکڑ نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ڈی جی معدنیات بلوچستان عبداللہ شاہوانی کی ذاتی کاوشوں کی بدولت صوبے میں معدنیات کے شعبے سے وابستہ لوگوں کو تمام بنیادی سہولیات دیگر صوبے میں معدنیات کا شعبہ ترقی کر رہا ہے اور صوبے کا معیشت بھی مضبوط ہو رہا ہے

بقیہ نمبر 27 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



کوئٹہ، خضدار کے زمیندار ملک عبداللطیف شاہوانی، الٰہی بخش مینگل، جاوید کرد اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں



کوئٹہ، الطاف ڈویلپمنٹ کے سی ای او الطاف پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بھاگ، تاجر برادری کی بڑھتی ہوئی بدامنی، چوری ڈکیتی کی وارداتوں اور نیشنل بینک برانچ کی بی منتقلی کی شدید مذمت

بھاگ (یو این اے) بھاگ بازار یونین کے صدر حاجی محمد رمضان جمالی جنرل سیکرٹری سردار رینمش کمار نینش خدا بخش مغیری وڈیرہ دل مراد خان ابڑو اور لکھمیر خان گولا نے گزشتہ روز راج کمار بیاسی سے موٹر سائیکل چھیننے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھاگ شہر و گردونواح میں بڑھتی ہوئی بدامنی چوری ڈکیتی اور موٹر سائیکل چھیننے کی بڑھتی ہوئی وارداتیں باعث تشویش ہیں انہوں نے تاجروں اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ لوٹی گئی رقوم کی ریکوری اور عوامی شکایت کی شنوائی کا موثر نظام کو بحالی کا مطالبہ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بازار یونین کے عہدیداران کے ہمراہ گزشتہ روز ڈکیتی سے متاثرہ بھاگ کے اقلیتی تاجر راج کمار بیاسی سے ملاقات کے دوران کیا تاجر برادری نے کہا کہ مسلسل جرائم

بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



کوہلو کے رہائشی وڈیرہ رب نواز مری، میر وسیم مری، میر حکمت مری اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کا محمد شریف شاہوانی کے انتقال پر اظہارِ تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن، جامعہ بلوچستان کے صدر پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ، جنرل سیکرٹری فرید اچکزئی، پروفیسر رحمت اللہ اچکزئی، ڈاکٹر باز محمد کاکڑ، ڈاکٹر محب اللہ کاکڑ، میڈم زارا ملغانی، میڈم فرحانہ عمر مگسی، مسعود مندوخیل اور ڈاکٹر گل بلوچ نے جامعہ بلوچستان کے ڈپٹی ٹریژرار محمد شریف شاہوانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور

بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



مشرقی بائی پاس کے رہائشی شیخ محمد عمر صدیقی، مولانا محمد شعیب جدون، شیخ عبداللہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سول سیکرٹریٹ انتخابات میں عرفان نیچاری کامیابی کے بعد دلوں کو جیتنا چاہئیں گے، رفیق جنگ

اسٹار پینل کی مخلص قیادت ملازمین کے حقوق کے لئے انقلابی اقدامات کا عزم کیے ہوئے ہیں، صادق ہنگورگی

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاسی ورکر رفیق جنگ اور صادق ہنگورگی نے جاری کردہ مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کے ہونے والے انتخابات میں اسٹار پینل بھرپور حصہ لے رہی ہے عرفان نیچاری اسٹار پینل کی جانب سے صدارت کے عہدے کیلئے امیدوار ہے، الیکشن میں مخلص اور کردار کے غازیوں کی جیت ہی انقلابی

بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

روزنامہ باخبر کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو پرنٹر پبلشر شاغاسی نے آریانہ پرنٹرز منب چیمبر شارع عدالت کوئٹہ سے چھپوا کر روزنامہ باخبر کے دفتر منب چیمبر شارع عدالت کوئٹہ سے شائع کیا بانی اکرم اللہ خان

روزنامہ "باخبر" کوئٹہ 03 نومبر 2026 ء

سندھ طاس معاہدے پر پاکستان کی قانونی جنگ اور آبی خودمختاری کا تحفظ

پاکستان کے اٹارنی جنرل منصور اعوان نے باور کرایا ہے کہ پاکستان بھارت کے ساتھ سندھ طاس معاہدے پر قانونی جنگ جاری رکھے گا اور دنیا کو یکطرفہ بھارتی اقدامات سے آگاہ کرتا رہے گا۔ گذشتہ روز یہاں ایک قومی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے سندھ طاس معاہدے کے پس منظر اور بھارتی یکطرفہ اقدامات سے آگاہ کرتے ہوئے اس امر سے آگاہ کیا کہ کوئی ملک یکطرفہ طور پر معاہدے سے انحراف یا اس میں ردوبدل نہیں کرسکتا۔ ان کا کہنا تھا کہ بھارت کے موجودہ رویے پر پاکستان کو سخت تحفظات ہیں۔ ہمیں بھارتی شرانگیزیاں کسی صورت قبول نہیں۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ پاکستان کی زرعی معیشت کا دارومدار کشمیر کے راستے سے پاکستان آنے والے دریاؤں کے پانی پر ہے جبکہ بھارت نے اس پانی کو پاکستان کے خلاف آبی دہشت گردی کے لئے استعمال کرنے کے مقصد کے تحت ہی کشمیر کا تنازعہ کھڑا کیا اور اس کا پاکستان کے ساتھ الحاق نہیں ہونے دیا۔ پاکستان نے اسی تناظر میں بھارت کے ساتھ سندھ طاس معاہدے پر قانونی جنگ جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کر کے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ ملکی آبی وسائل اور آبی حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ اٹارنی جنرل منصور اعوان نے ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے بجا طور پر باور کرایا کہ کوئی ملک یکطرفہ طور پر کسی بین الاقوامی معاہدے سے انحراف یا اس میں تبدیلی نہیں کرسکتا۔ بھارت کے موجودہ طرزعمل پر پاکستان کے تحفظات بھی اسی تناظر میں ہیں کہ وہ سندھ طاس معاہدے کی روح اور طے شدہ بین الاقوامی اصولوں کو نظرانداز کر کے پاکستان کے حصے کے پانی پر اثرانداز ہونے کی کوشش کرتا ہے۔ یہ معاملہ محض دو ملکوں کے مابین پانی کی تقسیم کا نہیں بلکہ بین الاقوامی معاہدوں کی پاسداری، علاقائی استحکام اور کروڑوں انسانوں کے مستقبل کا ہے۔ سندھ طاس معاہدہ 1960 میں عالمی بینک کی معاونت سے پاکستان اور بھارت کے مابین طے پایا تھا۔ اس معاہدے نے دونوں ممالک کے درمیان دریاؤں کے پانی کی تقسیم کا ایک متفقہ قانونی نظام وضع کیا۔ اس معاہدے کی موجودگی میں بھارت کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ اپنی مرضی سے اس کی کسی شق کو تبدیل کرے یا پاکستان کے آبی حقوق متاثر کرنے والے یکطرفہ اقدامات اٹھائے۔ پاکستان کا موقف ہے کہ معاہدے کے تحت تنازعات کے حل کے لیے طے شدہ قانونی طریقہ کار موجود ہے اور بھارت کو اسی کی پابندی کرنا ہوگی۔ عالمی ثالثی عدالت کی جانب سے پاکستان کے موقف کی تائید اور بھارتی اقدامات کے حوالے سے قانونی فیصلے بھی اس امر کی اہمیت اجاگر کرتے ہیں کہ بین الاقوامی معاہدوں کی تشریح اور ان پر عملدرآمد کسی ایک فریق کی خواہش کے تابع نہیں ہوسکتا۔ بدقسمتی سے بھارت اس معاملے میں مسلسل ایسا طرزعمل اختیار کر رہا ہے جس سے پاکستان کے لیے آبی تحفظ کے خدشات بڑھ رہے ہیں۔ پاکستان پہلے ہی موسمیاتی تبدیلیوں، پانی کی قلت، زیرزمین پانی کی سطح میں کمی اور زرعی ضروریات کے دباؤ جیسے سنگین مسائل سے دوچار ہے۔ ہماری معیشت کا بڑا حصہ زراعت سے وابستہ ہے اور ملک کی غذائی ضروریات کی تکمیل بھی دریاؤں کے پانی سے جڑی ہوئی ہے۔ ایسے میں بھارت کی جانب سے پانی کے بہاؤ کو اپنے سیاسی اور تزویراتی مقاصد کے لیے استعمال کرنے کی کسی بھی کوشش کے اثرات صرف زراعت تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ اس سے قومی معیشت، غذائی تحفظ اور عوامی زندگی بھی متاثر ہوسکتی ہے۔ اسی لیے پاکستان کے لیے پانی کا مسئلہ محض سفارتی یا قانونی تنازعہ نہیں بلکہ قومی سلامتی کا بنیادی معاملہ ہے۔ پاکستان نے ہر سطح پر واضح کیا ہے کہ وہ سندھ طاس معاہدے کے تحت اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے قانونی راستہ اختیار کرتا رہے گا۔ یہ راستہ اس لیے بھی ضروری ہے کہ عالمی برادری کے سامنے بھارت کے یکطرفہ اقدامات اور معاہدے سے انحراف کے قانونی پہلوؤں کو اجاگر کیا جاسکے۔ تاہم اس مقصد کے لیے پاکستان کو اپنی قانونی اور سفارتی کوششوں میں تسلسل، ٹھوس شواہد اور موثر عالمی رابطہ کاری کو یقینی بنانا ہوگا۔ عالمی بینک اور متعلقہ بین الاقوامی اداروں کو بھی معاہدے کے طے شدہ طریقہ کار کے مطابق اپنا کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ کسی فریق کو یکطرفہ اقدامات کے ذریعے دوسرے کے حقوق متاثر کرنے کا موقع نہ ملے۔ بھارت کو بہرصورت یہ حقیقت پیش نظر رکھنی چاہیے کہ پانی کو دباؤ، دھمکی یا سیاسی سودے بازی کا ہتھیار بنانے سے خطے میں کشیدگی بڑھے گی اور اس کے نتائج دونوں ممالک کے لیے نقصان دہ ہوں گے۔ جنوبی ایشیا پہلے ہی متعدد تنازعات اور سکیورٹی چیلنجوں کی زد میں ہے۔ ایسے حالات میں پانی جیسے بنیادی انسانی اور معاشی مسئلے کو مزید تنازعہ کا باعث بنانا کسی کے مفاد میں نہیں۔ عالمی قیادتوں کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ بھارت کو بین الاقوامی معاہدوں کی پابندی پر آمادہ کرنے اور خطے میں آبی تنازعات کے پرامن حل کے لیے موثر کردار ادا کریں۔ بے شک پاکستان امن اور قانونی راستے پر کاربند رہتے ہوئے اپنے آبی حقوق کا تحفظ کرے گا، تاہم یہ حقیقت بھی واضح رہنی چاہیے کہ پاکستان کے حصے کے پانی پر کسی قسم کی دست درازی قابل قبول نہیں۔ پانی پاکستان کی ریڈ لائن ہے اور اس کے تحفظ کے لیے ہر قانونی، سفارتی اور آئینی راستہ اختیار کرنا ہماری قومی ضرورت ہے۔

جب روم جل رہا تھا۔

تحریر: علیشبا بگٹی

تاریخ کا سب سے بڑا المیہ یہ نہیں کہ قومیں تباہ ہو جاتی ہیں، بلکہ یہ ہے کہ بعض اوقات قوموں کی تباہی کے وقت ان کے حکمران اپنی ذات، شہرت اور خواہشات میں گم ہوتے ہیں۔ محل آباد رہتے ہیں، دربار سجے رہتے ہیں، موسیقی کی محفلیں جاری رہتی ہیں، مگر سلطنت کے اندر آگ لگ چکی ہوتی ہے۔ روم کا شہنشاہ نیرو اسی انسانی المیے کی ایک نمایاں مثال ہے۔

نیرو 15 دسمبر 37 کو پیدا ہوا۔ اس کا اصل نام لوسیس ڈومیٹیس آہنوباربس (Lucius Domitius Ahenobarbus) تھا۔ اس کی والدہ اگریپینا ایک غیر معمولی سیاسی ذہانت رکھنے والی خاتون تھیں۔ انہوں نے سیاسی تعلقات، شاہی رشتوں اور درباری جوڑتوڑ کے ذریعے اپنے بیٹے کے لیے اقتدار کا راستہ ہموار کیا۔ بعد ازاں اس کی شادی شہنشاہ کلاڈیس سے ہوئی اور نیرو کو اس کا جانشین بنانے کی راہ نکل آئی۔ 54 میں کلاڈیس کی وفات کے بعد، صرف سولہ برس کی عمر میں نیرو رومی سلطنت کا شہنشاہ بن گیا۔ ابتدا میں اس کی حکومت نسبتاً بہتر رہی۔ اس کے مشیروں میں مشہور فلسفی سینیکا اور تجربہ کار سیاست دان شامل تھے۔ انتظامی معاملات میں اعتدال دکھائی دیتا تھا اور سلطنت بظاہر استحکام کی طرف بڑھ رہی تھی۔ لیکن اقتدار کا اصل امتحان تخت حاصل کرنے میں نہیں، اسے سنبھالنے میں ہوتا ہے۔ وقت گزرنے کے ساتھ نیرو کی دلچسپی ریاستی امور سے زیادہ اپنی شہرت میں بڑھنے لگی۔ وہ چاہتا تھا کہ دنیا اسے صرف شہنشاہ کے طور پر نہیں بلکہ شاعر، گلوکار، موسیقار اور اداکار کے طور پر بھی پہچانے۔ وہ عوامی محفلوں میں لائر بجاتا، گاتا اور اسٹیج پر اپنی فنکارانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتا۔ مسئلہ فن سے محبت نہیں تھا، مسئلہ یہ تھا کہ ایک پوری سلطنت کے وسائل، وقت اور توجہ ایک حکمران کی ذاتی شہرت کے تابع ہوتے جا رہے تھے۔ پھر اقتدار کے ساتھ خوف اور بدگمانی بھی بڑھنے لگی۔ نیرو پر اپنی والدہ اگریپینا، سوتیلے بھائی برٹانیکس، پہلی بیوی اوکٹاویا اور متعدد سیاسی مخالفین کے قتل میں ملوث ہونے کے الزامات لگے۔ اس کے دور میں اختلاف رائے برداشت کرنے کی گنجائش کم ہوتی گئی۔ جب حکمران تنقید کو دشمنی اور اختلاف کو بغاوت سمجھنے لگے تو ریاست میں قانون کمزور اور خوف مضبوط ہونے لگتا ہے۔ 18 جولائی 64 کی رات روم کی تاریخ کا ایک ہولناک باب شروع ہوا۔ شہر میں اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ اس زمانے میں روم کی بیشتر عمارتیں لکڑی کی تھیں، گلیاں تنگ اور گنجان آباد تھیں اور آگ بجھانے کے جدید وسائل بھی موجود نہیں تھے۔ تیز ہوا نے شعلوں کو ایک محلے سے دوسرے محلے تک پہنچا دیا۔ آگ چھ دن تک شہر کو اپنی لپیٹ میں لیے رہی۔ کچھ عرصے کے لیے اس پر قابو پایا گیا، لیکن پھر دوبارہ بھڑک اٹھی اور مزید تین دن تباہی پھیلاتی رہی۔ چودہ میں سے چار اضلاع مکمل طور پر تباہ ہوئے، سات کو شدید نقصان پہنچا اور صرف تین محفوظ رہ سکے۔ یہاں تاریخ کا ایک اہم پہلو سمجھنا ضروری ہے۔ مشہور مقولہ ہے کہ روم جل رہا تھا اور نیرو بانسری بجا رہا تھا۔ لیکن حقیقت اس روایت سے کچھ مختلف ہے۔ بانسری تو دور، اس زمانے میں آج کا وائلن بھی موجود نہیں تھا۔ نیرو کو لائر (Lyre) نامی ساز بجانے کا شوق تھا۔ مورخ ٹیسیٹس کے مطابق آگ لگنے کے وقت نیرو روم میں نہیں بلکہ اینٹیئم میں تھا۔ اطلاع ملنے پر وہ واپس آیا اور متاثرین کے لیے اپنے محلات اور باغات کھولے، خوراک اور رہائش کا انتظام بھی کیا۔ تاہم اس کے بارے میں یہ افواہ پھیل گئی کہ وہ شہر کی تباہی کے دوران ٹرائے کی بربادی کا گیت گا رہا تھا۔ اس الزام کی قطعی تصدیق نہیں ہو سکی۔ لیکن عوام کا شک اس وقت مزید گہرا ہو گیا جب آگ سے تباہ ہونے والے علاقے میں نیرو نے اپنا عظیم الشان محل گولڈن ہاؤس تعمیر کروایا۔ اس کے بعد اس نے آگ کا الزام ابتدائی مسیحیوں پر ڈال دیا۔ انہیں گرفتار کیا گیا، اذیتیں دی گئیں اور بے رحمی سے سزائیں دی گئیں۔ یوں ایک تباہ کن آگ نے صرف عمارتیں نہیں جلائیں بلکہ انسانی جانوں، انصاف اور حکمران و عوام کے درمیان اعتماد کو بھی شدید نقصان پہنچایا۔ اس کے بعد 66 اور 67 میں نیرو یونان کے طویل دورے پر گیا۔ اسے فنون لطیفہ، موسیقی اور کھیلوں سے غیر معمولی دلچسپی تھی۔ 67 میں اس نے اولمپک مقابلوں میں بھی حصہ لیا۔ روایت کے مطابق اس نے دس گھوڑوں والے رتھ کی دوڑ میں شرکت کی، حالانکہ عام مقابلوں میں چار گھوڑوں کے رتھ کا رواج تھا۔ وہ دوران مقابلہ رتھ سے گر پڑا اور دوڑ مکمل نہ کر سکا، مگر اس کے باوجود اسے فاتح قرار دے دیا گیا۔ مزید دلچسپ بات یہ ہے کہ اس کے لیے خصوصی مقابلے بھی منعقد کیے گئے اور اسے متعدد انعامات دیے گئے۔ یہ کھیلوں کی تاریخ کا ایک ایسا واقعہ تھا جس میں صلاحیت سے زیادہ شہنشاہ کی حیثیت فیصلہ کن نظر آتی ہے۔ نیرو کی موت کے بعد ان کھیلوں کے نتائج بھی منسوخ کر دیے گئے۔ ادھر روم میں اس کی حکومت کے خلاف بے چینی بڑھ رہی تھی۔ 68 میں سلطنت کے مختلف علاقوں میں بغاوتیں شروع ہو گئیں۔ فوجی حمایت کمزور پڑ گئی اور سینیٹ نے بھی اس کا ساتھ چھوڑ دیا۔ کل تک جو شخص دوسروں کی قسمت کے فیصلے کرتا تھا، آج خود اپنی جان بچانے کے لیے بھاگ رہا تھا۔ اسے دشمنِ ریاست قرار دے دیا گیا۔ گرفتاری اور عبرت ناک انجام سے بچنے کے لیے اس نے 9 جون 68 کو خودکشی کر لی۔ اس وقت اس کی عمر صرف تیس برس تھی۔ روایت ہے کہ اس کے آخری الفاظ تھے۔ میرے اندر ایک عظیم فنکار مر رہا ہے۔ اس کی موت کے بعد روم کی سینیٹ نے اس کی یاد مٹانے اور اس کے نام و نشان کو سرکاری طور پر ختم کرنے کی کوشش کی۔ اس کے کئی مجسمے اور اعزازات بھی نشانہ بنے۔ جس شخص نے اپنی زندگی میں ہر شعبے میں داد اور تعریف حاصل کرنے کی کوشش کی، وہ موت کے بعد اپنی شہرت کا دفاع بھی نہ کر سکا۔ تاریخ کا فیصلہ ہمیشہ فوری نہیں ہوتا، لیکن وقت گزرنے کے ساتھ واقعات کے گرد بننے والی داستانوں اور حقیقی شواہد میں فرق بھی واضح ہوتا جاتا ہے۔ نیرو کے بارے میں بھی یہی ہوا۔ اس پر روم جلانے کا الزام ثابت نہیں، لیکن اس کے دور کی سیاسی بے رحمی، مخالفین کے خلاف کارروائیاں اور ذاتی شہرت کا جنون تاریخ کے اہم سوالات بن کر باقی ہیں۔

نیرو کی کہانی صرف ایک رومی شہنشاہ کی داستان نہیں، انسانی نفسیات اور اقتدار کے رویوں کا مطالعہ بھی ہے۔ جب انسان اپنی ذات کو ادارے سے بڑا سمجھنے لگتا ہے، جب عہدہ خدمت کے بجائے اپنی تشہیر کا ذریعہ بن جائے اور جب خوشامد کو سچائی پر ترجیح دی جانے لگے تو زوال کی بنیاد رکھ دی جاتی ہے۔ ایک اچھا حکمران وہ نہیں ہوتا جس کے سامنے لوگ تالیاں بجائیں، بلکہ وہ ہوتا ہے جس کے جانے کے بعد بھی لوگ اس کے فیصلوں، انصاف اور کردار کو یاد رکھیں۔ تالیاں خوف سے بھی بج سکتی ہیں، تعریف خوشامد سے بھی مل سکتی ہے اور کامیابی اقتدار کے زور پر بھی حاصل کی جا سکتی ہے، مگر عزت کبھی زبردستی نہیں لی جا سکتی۔ اصل سوال یہ نہیں کہ روم میں آگ کس نے لگائی تھی؟ اصل سوال یہ ہے کہ جب ایک شہر جل رہا ہو تو اس کا حکمران اپنی ترجیحات کیا رکھتا ہے؟ اقتدار انسان کو وقتی طور پر قانون سے اوپر ضرور لے جا سکتا ہے، مگر تاریخ سے اوپر نہیں۔ کیونکہ تخت کی مدت مقرر ہوتی ہے، لیکن کردار کا فیصلہ آنے والی نسلیں کرتی ہیں۔

صنعتوں کا زوال اور معیشت کا مستقبل

تحریر: حمید علی

پاکستان کی معیشت آج جس دوراہے پر کھڑی ہے وہاں سب سے بڑا سوال یہ نہیں کہ ملک کے مالیاتی اشاریے کب بہتر ہوں گے بل کہ اصل سوال یہ ہے کہ ہماری صنعتیں کب اپنے قدموں پر کھڑی ہوں گی۔ کسی بھی ملک کی معاشی خود مختاری کا انحصار محض قرضوں کے حصول، بیرونی امداد یا مالیاتی معاہدوں پر نہیں ہوتا بل کہ اس کی حقیقی طاقت مضبوط صنعتی ڈھانچہ، پیداواری صلاحیت اور عالمی منڈیوں میں مسابقت کی اہلیت سے جنم لیتی ہے۔ بدقسمتی سے پاکستان میں صنعتی ترقی کا پہیہ ایک طویل عرصے سے سست روی کا شکار ہے اور اس جمود نے قومی معیشت کی بنیادوں کو کمزور کر دیا ہے۔ گزشتہ چند برسوں کے معاشی حالات کا جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ توانائی کی بلند قیمتیں۔ مہنگی بجلی۔ بھاری ٹیکسوں کا بوجھ۔ شرح سود میں غیر یقینی کیفیت۔ خام مال کی درآمد میں مشکلات اور حکومتی پالیسیوں کے عدم تسلسل نے صنعتی شعبے کی مشکلات میں اضافہ کیا ہے۔ چھوٹی اور بڑی صنعتیں یکساں طور پر ان مسائل سے نبرد آزما ہیں۔ کئی کارخانوں نے اپنی پیداواری سرگرمیاں محدود کر دی ہیں جب کہ بعض اداروں نے لاگت پوری نہ ہونے کے باعث کاروبار بند کرنے یا ملازمین کی تعداد کم کرنے کو ترجیح دی ہے۔ یہ صورت حال محض صنعتی مالکان کا نقصان نہیں بل کہ قومی پیداواری قوت کا ضیاع ہے۔ پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس کے تجارتی اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 2024-25 میں ملکی برآمدات تقریباً 32 ارب ڈالر کی سطح تک پہنچیں جب کہ گزشتہ مالی سال میں یہ حجم تقریباً 30.7 ارب ڈالر تھا۔ بظاہر یہ اضافہ حوصلہ افزا دکھائی دیتا ہے مگر عالمی منڈی میں پاکستان کے امکانات اور صنعتی استعداد کو سامنے رکھا جائے تو یہ پیش رفت ناکافی محسوس ہوتی ہے۔ خصوصاً ٹیکسٹائل اور ملبوسات کا شعبہ جو ہماری برآمدی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی سمجھا جاتا ہے عالمی مسابقت۔ پیداواری لاگت اور علاقائی حریفوں کی پالیسیوں کے باعث مسلسل دباؤ میں ہے۔ بنگلہ دیش۔ ویت نام اور بھارت جیسی معیشتیں اپنی برآمدی صلاحیت بڑھانے کے لیے صنعتی سہولتوں اور تجارتی روابط کو وسعت دے رہی ہیں جب کہ ہم اب بھی بنیادی پیداواری مسائل کے گرداب سے نکلنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ معاشی ترقی کے اعداد و شمار بھی اس صورت حال کی عکاسی کرتے ہیں۔ پاکستان اکنامک سروے 2024-25 کے مطابق مالی سال 2024-25 میں ملکی مجموعی قومی پیداوار کی شرح نمو تقریباً 2.68 فیصد رہی۔ یہ شرح اس حقیقت کی نشان دہی کرتی ہے کہ معیشت ابھی تک ایسی رفتار حاصل نہیں کر سکی جو بڑھتی ہوئی آبادی کے لیے خاطر خواہ روزگار اور بہتر معیار زندگی کی ضمانت بن سکے۔ اسی طرح بڑی صنعتی پیداوار کے شعبے میں بھی بحالی کی رفتار غیر تسلی بخش رہی۔ یاد رکھنا چاہیے کہ جب صنعتیں پوری استعداد سے کام نہیں کرتیں تو صرف پیداوار ہی متاثر نہیں ہوتی بل کہ خام مال فراہم کرنے والے کاروبار۔ ٹرانسپورٹ۔ گوداموں۔ ہول سیل مارکیٹوں اور لاکھوں محنت کش خاندانوں کی آمدن بھی سکڑنے لگتی ہے۔ اس صنعتی جمود کا سب سے المناک پہلو بے روزگاری اور غربت میں اضافہ ہے۔ ایک کارخانے کا بند ہونا دراصل سیکڑوں گھروں کے چولہوں کی حرارت کم ہونے کے مترادف ہے۔ جب کسی مزدور کی ملازمت ختم ہوتی ہے تو اس کے بچوں کی تعلیم۔ خاندان کی صحت اور بنیادی ضروریات سب غیر یقینی صورت حال سے دوچار ہو جاتی ہیں۔ مہنگائی نے پہلے ہی عام شہری کی قوت خرید محدود کر رکھی ہے۔ اب صنعتی شعبے کی کمزوری نے متوسط طبقے کے لیے بھی معاشی تحفظ کا احساس کمزور کر دیا ہے۔ چھوٹے دکاندار۔ مقامی صنعت کار۔ ہنرمند اور خدمات فراہم کرنے والے افراد بھی اس بحران کی زد میں ہیں۔ یوں معاشی مشکلات کا دائرہ صرف غریب طبقے تک محدود نہیں رہا۔ یہاں ایک اہم سوال پیدا ہوتا ہے کہ آخر پاکستان اپنی صنعتی صلاحیت سے بھرپور فائدہ کیوں نہیں اٹھا پا رہا؟ اس کا جواب کسی ایک شعبے کی ناکامی میں تلاش نہیں کیا جا سکتا۔ توانائی کی قیمتوں میں استحکام نہ ہونا۔ پالیسیوں کا بار بار تبدیل ہونا۔ کاروباری طبقے پر ٹیکسوں کا غیر متوازن بوجھ۔ جدید ٹیکنالوجی کی کمی۔ تحقیق اور جدت سے دوری اور برآمدی منڈیوں تک محدود رسائی ایسے عوامل ہیں جنہوں نے صنعتی ترقی کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی کر رکھی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ سرکاری اداروں کی پیچیدہ کارروائیوں اور سرمایہ کاری کے لیے غیر یقینی ماحول نے بھی نئے کاروباروں کی حوصلہ شکنی کی ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ صنعتی بحالی کو قومی ترجیحات میں اولین مقام دیا جائے۔ حکومت کو چاہیے کہ صنعتوں کے لیے بجلی اور گیس کے نرخوں میں قابل پیش گوئی اور مسابقتی نظام متعارف کرائے۔ ٹیکس پالیسی کو سادہ اور مستقل بنایا جائے تاکہ صنعت کار طویل المدتی منصوبہ بندی کر سکیں۔ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کو آسان قرضے۔ ٹیکنالوجی کی منتقلی اور ٹیکس مراعات فراہم کی جائیں۔ برآمدی صنعتوں کو عالمی معیار کے مطابق جدید مشینری اور تربیت یافتہ افرادی قوت سے آراستہ کیا جائے۔ زراعت اور صنعت کے درمیان مضبوط تعلق قائم کر کے مقامی خام مال کی بنیاد پر ویلیو ایڈیشن کو فروغ دینا بھی ناگزیر ہے۔ پاکستان کے نوجوانوں کی بڑی تعداد ہمارا سب سے قیمتی سرمایہ ہے۔ اگر انہیں فنی تعلیم۔ جدید ہنر اور صنعتی تربیت کے مواقع فراہم کیے جائیں تو یہی نوجوان ملکی صنعتوں کو نئی زندگی دے سکتے ہیں۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی۔ انجینئرنگ۔ ادویہ سازی۔ کھیلوں کے سامان۔ سرجیکل آلات۔ خوراک کی پراسیسنگ اور انجینئرڈ مصنوعات جیسے شعبوں میں برآمدات بڑھانے کی بے پناہ گنجائش موجود ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم خام مال فروخت کرنے کے بجائے تیار مصنوعات کی تیاری اور عالمی منڈیوں تک رسائی کو اپنی معاشی حکمت عملی کا بنیادی حصہ بنائیں۔ کوئی بھی قوم محض قرضوں کے سہارے ترقی یافتہ نہیں بن سکتی۔ معاشی استحکام کا راستہ کارخانوں کی چمنیوں سے اٹھتے دھوئیں۔ مزدور کے ہاتھ میں باعزت روزگار۔ صنعت کار کے اعتماد اور عالمی منڈی میں پاکستانی مصنوعات کی بڑھتی ہوئی طلب سے ہو کر گزرتا ہے۔ حکومت کو وقتی مالیاتی اہداف سے آگے بڑھ کر ایک ایسی صنعتی پالیسی تشکیل دینا ہوگی جس کے ثمرات آنے والی نسلوں تک پہنچ سکیں۔ اگر آج بھی ہم نے اپنی صنعتوں کو سہارا نہ دیا تو معاشی انحصار مزید گہرا ہوگا۔ غربت کا دائرہ وسیع ہوگا اور روزگار کی تلاش میں نوجوانوں کی مایوسی بڑھے گی۔ پاکستان کو محض معاشی اعداد و شمار کی بہتری نہیں بل کہ پیداواری انقلاب کی ضرورت ہے۔ کیوں کہ مضبوط صنعت ہی مضبوط معیشت کی ضمانت اور خود مختار پاکستان کی حقیقی بنیاد ہے۔

ایک مشین، پوری دنیا اس کی محتاج

تحریر: انجینئر بخت سید یوسفزئی

آج کا دور ٹیکنالوجی کا دور ہے۔ ہمارے ہاتھوں میں موجود اسمارٹ فونز، کمپیوٹرز، جدید گاڑیاں، مصنوعی ذہانت اور دفاعی نظام سب ایک ایسی چھوٹی سی چیز پر انحصار کرتے ہیں جسے سیمی کنڈکٹر چپ کہا جاتا ہے۔ یہ چپس جس قدر چھوٹی اور طاقتور ہوتی جا رہی ہیں، انہیں تیار کرنے کی ٹیکنالوجی بھی اتنی ہی پیچیدہ ہوتی جا رہی ہے۔ اس جدید ٹیکنالوجی کی دنیا میں ایک ایسی کمپنی موجود ہے جس کی اہمیت شاید عام لوگوں کو معلوم نہیں، لیکن دنیا کی بڑی بڑی ٹیکنالوجی کمپنیاں اس کی محتاج ہیں۔ اس کمپنی کا نام ASML ہے، جو نیدرلینڈز کے ایک چھوٹے سے قصبے ویلڈ ہوون میں قائم ہے۔ ASML کی سب سے بڑی طاقت اس کی انتہائی جدید مشین ہے، جسے EUV Lithography Machine کہا جاتا ہے۔ یہ مشین جدید ترین سیمی کنڈکٹر چپس تیار کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ اس کی مدد سے سلیکون کی سطح پر انتہائی باریک سرکٹ بنائے جاتے ہیں، جنہیں انسانی آنکھ سے دیکھنا بھی ممکن نہیں۔ آئی فون، سام سنگ اور دنیا کے دیگر جدید اسمارٹ فونز میں استعمال ہونے والی طاقتور چپس کی تیاری میں اسی ٹیکنالوجی کا بنیادی کردار ہے۔ چین کی بعض جدید چپس بھی اس عالمی ٹیکنالوجی کے اثرات سے جڑی ہوئی ہیں، اگرچہ ہر چپ کی تیاری میں EUV مشین کا استعمال ضروری نہیں ہوتا۔ اس مشین کی سب سے حیران کن بات یہ ہے کہ اسے بنانے کے لیے سائنس، انجینئرنگ، لیزر ٹیکنالوجی اور انتہائی درست پیمائش کو ایک ہی نظام میں جمع کیا گیا ہے۔ یہ دنیا کی پیچیدہ ترین صنعتی مشینوں میں شمار ہوتی ہے۔ اس کے اندر ہر سیکنڈ تقریباً پچاس ہزار مرتبہ ٹن دھات کے انتہائی چھوٹے قطرے چھوڑے جاتے ہیں۔ پھر ایک طاقتور لیزر ان قطروں کو نشانہ بناتا ہے، جس سے انتہائی گرم پلازما پیدا ہوتا ہے۔ اس عمل کے دوران درجہ حرارت تقریباً دو لاکھ بیس ہزار ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ سکتا ہے، جو سورج کی سطح کے درجہ حرارت سے تقریباً چالیس گنا زیادہ ہے۔ یہاں ایک دلچسپ بات یہ ہے کہ اتنے شدید درجہ حرارت کے باوجود مشین کا باقی نظام محفوظ اور فعال رہتا ہے۔ اس کے لیے انتہائی جدید انجینئرنگ، خصوصی حفاظتی نظام اور درجہ حرارت پر غیر معمولی کنٹرول درکار ہوتا ہے۔ اس مشین کا ایک اور حیرت انگیز حصہ اس کے آئینے ہیں، جو جرمنی کی کمپنی ZEISS تیار کرتی ہے۔ یہ آئینے عام شیشے کی طرح نہیں ہوتے بلکہ انتہائی جدید اور باریک سطحوں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ ان کی سطح اتنی ہموار ہوتی ہے کہ اگر ان کے حجم کو پورے جرمنی کے برابر تصور کیا جائے تو اس پر موجود سب سے بڑا ابھار ایک ملی میٹر کے دسویں حصے سے بھی چھوٹا ہوگا۔ EUV مشین میں عام روشنی استعمال نہیں کی جاتی بلکہ انتہائی مختصر طول موج والی روشنی استعمال ہوتی ہے، جس کی مدد سے چپ پر نہایت باریک سرکٹ بنائے جا سکتے ہیں۔ اس روشنی کو پیدا کرنا اور پھر اسے آئینوں کے ذریعے مطلوبہ مقام تک پہنچانا ایک غیر معمولی سائنسی کارنامہ ہے۔ اس مشین کی قیمت تقریباً پچیس کروڑ امریکی ڈالر تک پہنچ سکتی ہے۔ اس کے بڑے حجم اور پیچیدہ ساخت کی وجہ سے اسے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا بھی آسان نہیں۔ اسے تقریباً چالیس بڑے کنٹینرز میں تقسیم کر کے خصوصی کارگو طیاروں کے ذریعے دنیا کے مختلف ممالک میں پہنچایا جاتا ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ دنیا کی اتنی بڑی ٹیکنالوجی کمپنیاں خود یہ مشین کیوں نہیں بنا سکتیں؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کی تیاری کے لیے صرف سرمایہ کافی نہیں۔ اس کے لیے کئی دہائیوں کی تحقیق، ہزاروں ماہر انجینئرز، مخصوص صنعتی مہارت اور دنیا بھر کے درجنوں بڑے سپلائرز کا تعاون درکار ہے۔ ASML کی کہانی بھی اچانک شروع نہیں ہوئی تھی۔ اس کا آغاز 1984 میں نیدرلینڈز کی کمپنی Philips اور ایک مقامی ٹیکنالوجی ادارے ASM International کے اشتراک سے ہوا۔ ابتدائی دنوں میں اس کا دفتر ایک معمولی اور خستہ حال عمارت میں قائم تھا، جہاں محدود وسائل کے ساتھ جدید چپ ٹیکنالوجی پر کام شروع کیا گیا۔ اس وقت شاید کسی نے تصور بھی نہیں کیا ہوگا کہ ایک دن یہی کمپنی عالمی معیشت، ٹیکنالوجی اور بڑی طاقتوں کی سیاسی حکمت عملی میں اتنی اہم حیثیت اختیار کر لے گی۔ ASML نے مسلسل تحقیق اور تجربات کے ذریعے اپنی ٹیکنالوجی کو بہتر بنایا اور بالآخر دنیا میں ایک منفرد مقام حاصل کر لیا۔ اس کامیابی کے پیچھے صرف ASML کی اپنی محنت نہیں بلکہ عالمی تعاون بھی شامل ہے۔ جرمنی کی ZEISS، امریکی ٹیکنالوجی کمپنیاں اور دیگر یورپی و ایشیائی سپلائرز اس نظام کے مختلف حصے تیار کرتے ہیں۔ یوں یہ مشین دراصل کئی ممالک کی سائنسی اور صنعتی صلاحیتوں کا مشترکہ نتیجہ ہے۔ اس منصوبے کو کامیاب بنانے کے لیے بعض بڑی سیمی کنڈکٹر کمپنیوں نے بھی بھاری سرمایہ کاری کی۔ ان کمپنیوں کو معلوم تھا کہ اگر EUV ٹیکنالوجی کامیاب نہ ہوئی تو مستقبل کی جدید چپس کی تیاری شدید مشکلات کا شکار ہو سکتی ہے۔ اسی لیے انہوں نے اپنے اہم سپلائر کی تحقیق اور ترقی میں اربوں ڈالر کی مدد فراہم کی۔ ان سرمایہ کاری کرنے والی کمپنیوں میں تائیوان کی TSMC، جنوبی کوریا کی Samsung اور امریکی کمپنی Intel شامل رہی ہیں۔ ان اداروں کے لیے ASML محض ایک مشین بنانے والی کمپنی نہیں بلکہ مستقبل کی چپ صنعت کا ایک بنیادی ستون ہے۔ دوسری طرف چین کے لیے یہ ٹیکنالوجی ایک بڑا چیلنج بن چکی ہے۔ چین دنیا کی بڑی معاشی اور صنعتی طاقتوں میں شامل ہے۔ اس کے پاس بھاری سرمایہ، لاکھوں انجینئرز، جدید تحقیقی ادارے اور مضبوط صنعتی ڈھانچہ موجود ہے، لیکن اس کے باوجود وہ ابھی تک ASML جیسی مکمل EUV مشین تیار کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکا۔ اس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ EUV ٹیکنالوجی کسی ایک ایجاد کا نام نہیں بلکہ ہزاروں پیچیدہ حصوں، انتہائی درست پیمائش اور کئی دہائیوں کے تجربات کا مجموعہ ہے۔ اس میں استعمال ہونے والے خصوصی آئینے، طاقتور لیزر، ویکیوم نظام اور انتہائی حساس آلات تیار کرنا الگ الگ بڑے سائنسی چیلنج ہیں۔ امریکا نے چین کو جدید سیمی کنڈکٹر ٹیکنالوجی تک رسائی سے روکنے کے لیے برآمدی پابندیاں بھی عائد کر رکھی ہیں۔ نیدرلینڈز پر بھی دباؤ رہا ہے کہ وہ چین کو انتہائی جدید مشینیں فراہم نہ کرے۔ اس طرح ASML کی مشینیں اب صرف تجارتی مصنوعات نہیں رہیں بلکہ عالمی سیاسی اور معاشی کشمکش کا اہم حصہ بن چکی ہیں۔ 2019 میں چین کے لیے ایک جدید لیتھوگرافی مشین کی فراہمی کا معاملہ بھی سامنے آیا تھا، لیکن برآمدی اجازت نہ ملنے کے باعث یہ مشین چین نہیں پہنچ سکی۔ اس واقعے نے واضح کر دیا کہ جدید چپ ٹیکنالوجی تک رسائی اب صرف خریداری اور سرمایہ کاری کا معاملہ نہیں بلکہ عالمی سیاست اور قومی سلامتی سے بھی جڑی ہوئی ہے۔ چین نے ان پابندیوں کے باوجود اپنی مقامی چپ صنعت کو ترقی دینے کی کوششیں جاری رکھیں۔ 2023 میں ہواوے کے ایک جدید اسمارٹ فون نے دنیا کی توجہ حاصل کی، کیونکہ اس میں ایسی چپ استعمال ہوئی جس نے یہ ظاہر کیا کہ چین محدود وسائل اور پابندیوں کے باوجود قابل ذکر تکنیکی پیش رفت کر سکتا ہے۔ تاہم اس کامیابی کو مکمل EUV ٹیکنالوجی حاصل کرنے کے برابر قرار دینا درست نہیں ہوگا۔ اب چین کے شہر شین ژین میں جدید سیمی کنڈکٹر ٹیکنالوجی پر تحقیق اور مقامی مشین تیار کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ چین کی خواہش ہے کہ وہ بیرونی کمپنیوں پر انحصار کم کرے اور مستقبل میں اپنی ضرورت کی جدید ترین چپس خود تیار کر سکے۔ اس مقصد کے لیے حکومت بھاری سرمایہ کاری اور مقامی تحقیقی اداروں کی مدد کر رہی ہے۔ 2026 میں بھی امریکا اور چین کے درمیان جدید ٹیکنالوجی کی برتری کی جنگ جاری ہے۔ واشنگٹن کو خدشہ ہے کہ چین سیمی کنڈکٹر کے شعبے میں تیزی سے خود کفالت حاصل کر سکتا ہے، جبکہ بیجنگ کا مؤقف ہے کہ اسے اپنی صنعتی ترقی اور ٹیکنالوجی کے لیے دوسروں پر انحصار نہیں کرنا چاہیے۔ یہی اختلاف عالمی ٹیکنالوجی کی سیاست کو مزید پیچیدہ بنا رہا ہے۔ اصل حقیقت یہ ہے کہ ASML کی اجارہ داری محض کسی کمپنی کی کاروباری کامیابی نہیں بلکہ کئی دہائیوں کی سائنسی تحقیق، صنعتی مہارت اور عالمی تعاون کا نتیجہ ہے۔ چین جیسی بڑی طاقت کے لیے بھی اس ٹیکنالوجی کی نقل تیار کرنا آسان نہیں، کیونکہ پیسہ اور انسانی وسائل ہونے کے باوجود ہر پیچیدہ سائنسی راز کو سمجھنے اور عملی طور پر دہرانے میں وقت لگتا ہے۔

اینگلو مغل جنگ 1690 ہماری تاریخ سے غائب کیوں؟

تحریر: عامر معان

یہ 8 فروری 1690 کا دن ہے۔ مغل دربار سجا ہوا ہے۔ شہنشاہ ہندوستان اورنگزیب عالمگیر پورے طمطراق سے رونق تخت افروز ہے؛ سامنے تمام درباری حاضر ہیں۔ دربار میں انگریز وفد کے آمد کی اطلاع دی جاتی ہے۔ اورنگزیب عالمگیر کی اجازت سے انگریز وفد دربار میں حاضر ہوتا ہے۔ وفد میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے نمائندے جارج ویلڈن اور ابراہام نیوار شامل ہیں۔ وفد مغل آداب کے مطابق سجدہ ریز ہو کر عام معافی کی کمپنی کی طرف سے التجا پیش کرتا ہے۔ اورنگزیب اصولی طور پر ان کی معافی قبول کرنے کا اشارہ دیتا ہے، لیکن حتمی شرائط پر مزید کارروائی کا حکم جاری کرتا ہے۔

اس سے پہلے 1686 میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے گورنر سر جوسیا چائلڈ نے بنگال اور مغل بندرگاہوں پر غلبہ پانے اور اپنے تجارتی مفادات اور ٹیکسوں میں چھوٹ کے لیے مغل سلطنت کو چیلنج کرنے کا فیصلہ کیا۔ وہ ایک انتہائی امیر تاجر اور سیاست دان تھا۔ جس نے برطانیہ سے بیٹھ کر مغلوں کے خلاف اس جنگ کا حکم دیا تھا۔

حکم ملتے ہی 1686 میں انگریزوں نے برطانوی بحریہ اور سپاہیوں کو چٹاگانگ اور ہگلی پر قبضے کے لیے بھیج دیا۔ مغل شہنشاہ اورنگزیب عالمگیر نے انگریزوں کی اس جسارت کا بھرپور فوجی جواب دیا۔ مغل افواج نے انگریزوں کو سمندر اور خشکی دونوں محاذوں پر عبرتناک شکست دی۔ اس جنگ میں جو چار سال جاری رہی انگریزوں کو ہر محاذ پر شکست ہوئی، ان کی تجارتی فیکٹریاں) بمبئی، مصولی پٹم وغیرہ (مغلوں نے اپنے قبضے میں لے لیں۔ آخرکار 1690 میں انگریزوں کو ہتھیار ڈالنے پڑے اور ان کے سفیروں کو اورنگزیب عالمگیر کے دربار میں آ کر معافی مانگنی پڑی۔

اینگلو مغل جنگ میں مغل فوج کے سب سے اہم اور مرکزی سپہ سالار سیدی یعقوب خان تھے، جنہیں اورنگزیب عالمگیر نے انگریزوں کو کچلنے کے لیے بحری اور خشکی کا کمانڈر مقرر کیا تھا۔ چونکہ یہ جنگ ہندوستان کے مختلف علاقوں میں لڑی گئی، اس لیے اس میں تین بڑے مغل کمانڈرز نے حصہ لیا،

سیدی یعقوب خان جو مغل سلطنت کے امیر البحر اور جنجیرہ کے حکمران تھے، انہوں نے 1689 میں اپنے طاقتور بحری بیڑے کے ساتھ بمبئی پر حملہ کیا، انگریزوں کو عبرتناک شکست دی اور بمبئی کا تاریخی محاصرہ کر کے ایسٹ انڈیا کمپنی کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا۔ جنگ کے آغاز میں بنگال کے مغل گورنر نواب شائستہ خان نے ہگلی اور چٹاگانگ کے علاقوں میں انگریزوں کے حملوں کو ناکام بنایا اور انہیں بنگال سے مار بھگایا۔ مطہر خان نے بمبئی کے اردگرد کے مغل علاقوں کا دفاع کیا اور انگریزوں کی سپلائی لائنیں کاٹ دیں۔ ان تمام سپہ سالاروں میں سب سے فیصلہ کن کردار سیدی یعقوب خان کا تھا، جن کی عسکری حکمت عملی کی وجہ سے انگریزوں کو اورنگزیب سے معافی مانگنی پڑی۔

اورنگزیب نے صلح کی شرائط میں ایک شرط ایسٹ انڈیا کمپنی کے ہندوستان میں سربراہ سر جان چائلڈ کی ہندوستان بدرطرفی بھی رکھی تھی، لیکن صلح کے معاملات طے پا ہی رہے تھے، کہ 4 فروری 1690 میں سر جان چائلڈ بمبئی میں بیماری کی وجہ سے ہلاک ہو گیا۔ یوں اسے مغلوں کے نکالنے سے پہلے ہی موت نے آ لیا۔ دوسری طرف، لندن میں بیٹھے سر جوسیا چائلڈ کو اس شکست سے شدید مالی اور سیاسی دھچکا لگا۔

8 فروری 1690 وہ دن تھا جب انگریز وفد نے مغل وزرا کے ساتھ بیٹھ کر تاوانِ جنگ) ڈیڑھ لاکھ روپے (کی ادائیگی کے طریقہ کار اور دیگر قانونی کاغذات کو حتمی شکل دی تھی۔ مغل وزیر اعظم اسد خان نے مغل پروٹوکول کے مطابق انگریزوں کو شرائط پر سختی سے عمل کرنے کی تنبیہ کی۔ چونکہ بمبئی کا گورنر جان چائلڈ مغلوں کی سزا سے پہلے ہی مر چکا تھا، اس لیے انگریز وفد 8 فروری کو دربار میں پیش ہوا اور 10 فروری تک تمام قانونی و سفارتی مراحل طے کیے، جس کے بعد 27 فروری کو شہنشاہ نے تحریری معافی نامہ شاہی فرمان کی صورت جاری کر دیا۔

معافی قبول کرنے اور تمام شرائط) ڈیڑھ لاکھ روپے جرمانہ اور ضبط شدہ سامان کی واپسی (تسلیم کروانے کے بعد، شہنشاہ اورنگزیب عالمگیر نے ایسٹ انڈیا کمپنی کو دوبارہ تجارت شروع کرنے کا باضابطہ شاہی فرمان 27 فروری 1690 کو جاری کیا۔ اس فرمان کے بعد ہی بمبئی کا مغل محاصرہ ختم کیا گیا۔

یہ ایک ایسی فتح ہے جو نصاب کی کتابوں سے اور عام لوگوں کے ذہنوں سے محو کر دی گئی، جبکہ ضرورت یہ ہے کہ نئی نسل ان کارناموں کو یاد رکھے اور مزید کامیابیوں کے در کھولنے کی پرکھوں کی روایات دہرانے پر کمر کس سکے۔

خشک سالی کی آزمائش اور ہماری ذمہ داریاں

تحریر: ذوالفقار علی طارق قادری

بلوچستان سمیت کوئٹہ شہر خصوصی طور پر خشک سالی کا شکار ہو چکا ہے۔ عرصہ دراز سے رحمت کے قطرے نہیں برسے، پانی کی سطح انتہائی نیچے جا چکی ہے اور بارش نہ ہونے کے باعث عوام کو مختلف مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ پانی کی سطح نیچے جانے کی وجہ سے باغات خشک ہو رہے ہیں اور زمینداروں کو بھی شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ بارش نہ ہونے اور خشک سالی کی وجہ سے گلے کی بیماریاں اور دیگر بیماریاں جنم لے چکی ہیں۔ بارش نہ برسنے کی یقیناً کافی وجوہات ہیں، لیکن ہمیں اس مسئلے کو صرف موسمیاتی تبدیلی یا قدرتی حالات تک محدود نہیں رکھنا چاہیے بلکہ اپنی ذمہ داریوں پر بھی غور کرنا چاہیے۔

اسلام کے حوالے سے دیکھا جائے تو اس کی ایک وجہ ہمارے گناہ، خیر خواہی، رحم دلی اور خدمتِ خلق کا ختم ہونا بھی ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ ہم نے پودوں اور درختوں سے پیار کرنا چھوڑ دیا ہے۔ شجرکاری مہم سرکاری طور پر شروع تو ہو جاتی ہے، لیکن وہ بھی کرپشن کا شکار ہو کر رہ جاتی ہے اور لگائے جانے والے پودے اور درخت خشک ہو جاتے ہیں۔ ہم نے ہر چیز کو سرکار پر چھوڑ رکھا ہے، حالانکہ اسلام تو ہمیں خیر خواہی، محبت اور ہر چیز سے پیار کرنا سکھاتا ہے، لیکن ہم اسلام کے نام لیوا تو ضرور ہیں، عمل کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔

اسلام نے صفائی کو نصف ایمان قرار دیا ہے۔ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ اپنے علاقے اور محلے کو صاف رکھیں اور خاص طور پر گلی محلوں اور گھروں میں شجرکاری کریں، پودے اور درخت لگائیں۔ جتنے درخت زیادہ ہوں گے، وہاں بارش ہونے کے امکانات بھی زیادہ پائے جاتے ہیں۔ درخت نہ صرف ماحول کو خوبصورت بناتے ہیں بلکہ گرمی کی شدت کم کرنے، سایہ فراہم کرنے اور قدرتی ماحول کو بہتر بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ہم اکثر اوقات دوستوں میں بیٹھ کر اور ٹھیلوں پر دیگر اخراجات میں لاکھوں روپے خرچ کر دیتے ہیں، لیکن گرمی سے بچنے کے لیے اور سایہ حاصل کرنے کے لیے کبھی بھی درخت نہیں لگائیں گے اور نہ ہی ان پر توجہ دیں گے۔ ہمیں یہ سوچنا چاہیے کہ اگر ہم آج ایک پودا لگاتے ہیں تو آنے والے وقت میں وہ ایک تناور درخت بن کر نہ صرف ہمیں بلکہ ہماری آنے والی نسلوں کو بھی سایہ فراہم کر سکتا ہے۔ اس لیے شجرکاری صرف حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ ہر شہری کا فرض ہے۔ آج جن جن ملکوں نے ترقی کی ہے، وہاں سرکار کے ساتھ ساتھ عوام نے بھی اپنا اہم کردار ادا کیا ہے۔ ہمارے پالیسی ساز عوام کے لیے اچھی پالیسیاں بنانے میں بری طرح ناکام ہو چکے ہیں۔ ہر کوئی اپنی تجوریاں بھرنے اور لوٹنے میں مصروفِ عمل رہتا ہے اور خود بیرونی ممالک کے سفر اور گھومنے کو ترجیح دیتا ہے۔ ہمارے حکمرانوں کو بیرونی ٹرپس تو اچھے لگتے ہیں، لیکن یہ اچھا نہیں لگتا کہ اپنے ملک کو سرسبز بنائیں، اپنے ملک میں ایسا قانون بنائیں جو اعلیٰ کردار کا ہو۔ آج بنیادی وجہ یہ ہے کہ ہم نے اپنی تجوریاں بھرنے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ تجوریاں بھر کر خود اپنی کچھ نسلوں کو ساتھ لے کر بیرونی ممالک منتقل ہو جاتے ہیں۔ ملک کو یا تو ہم نے کرپشن کا ایسا مرکز بنا رکھا ہے یا مرنے کے بعد قبرستان بنا رکھا ہے۔ ہونا تو یہ چاہیے کہ اپنے وسائل میں سے کچھ حصہ دینِ اسلام اور کچھ حصہ آنے والی نسلوں کے لیے رکھا جائے اور ملک کی تعمیر کی جائے۔ ہمارے حکمران اپنے علاج معالجے اور تعلیم کے لیے بیرونی ممالک کو پسند کرتے ہیں، لیکن اپنے ملک میں علاج معالجے اور تعلیم کے حوالے سے کوئی ادارہ بنانے کے لیے تیار نہیں۔ ہمیں ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ کیونکہ یہ ملک اسلام کے نام پر حاصل ہوا، اس ملک میں وہ چیزیں رائج ہوتیں جنہیں دیکھ کر بیرونی ممالک سے لوگ آتے اور کہتے کہ واقعی یہ ملک جس نام پر حاصل ہوا، اسی نام پر ملک چل رہا ہے۔ اسلام صرف نام رکھنے کا نہیں بلکہ اس کے اصولوں پر عمل کرنے کا بھی تقاضا کرتا ہے۔

اللہ کریم نے بلوچستان کو بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے۔ یہاں پہاڑ، نہریں، دریا اور دیگر قدرتی وسائل موجود ہیں، لیکن ان سے فائدہ اٹھانے کے بجائے ہم نے انہیں اپنے ذاتی مفادات کی بھینٹ چڑھا رکھا ہے۔ بلوچستان کے قدرتی وسائل کو عوام کی فلاح و بہبود، زراعت، باغات، پانی کے ذخائر اور ملک کی تعمیر و ترقی کے لیے استعمال ہونا چاہیے۔ اگر ان وسائل کو صحیح طریقے سے بروئے کار لایا جائے تو آنے والی نسلوں کے لیے بھی بہتر مستقبل بنایا جا سکتا ہے۔ آپ تجوریاں بھر کر بیرونی ممالک تو منتقل ہو سکتے ہیں، لیکن آپ کسی کا حق کھا کر کسی بھی صورت سکون سے نہیں رہ سکتے۔ آپ اپنی طاقت، زبان اور مختلف طریقوں سے مال تو جمع کر سکتے ہو، لیکن آپ کو آگے جواب دینا ہوگا۔ آپ سے ایک ایک ذرے کا پوچھا جائے گا کہ کہاں کھایا، کہاں کمایا، کس کو کھلایا اور کہاں خرچ کیا؟ یہ کبھی آپ نہ سوچیں کہ آپ بیرونی ملک منتقل ہو کر ان تمام سوالوں کے جواب سے محفوظ ہو جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ہر انسان کو اپنے اعمال اور اپنے حقوق و فرائض کا جواب دینا ہے۔ میں یہاں ضرور کہنا چاہوں گا کہ حکمران اور عوام مل کر اس ملک کی تعمیر کریں، اس ملک میں شجرکاری کر کے اسے سرسبز بنائیں۔ آج جو بلوچستان خشک سالی کا شکار ہے، اس کی ذمہ داری ہم سب پر ہے۔ موجودہ صورتحال یہ ہے کہ ہمارے ڈیموں کے ذخائر بہت کم ہو چکے ہیں اور پانی کی سطح انتہائی نیچے جا چکی ہے۔ اگر ہم نے آج بھی اپنی ذمہ داریوں کو محسوس نہ کیا تو آنے والے وقت میں پانی کا بحران مزید سنگین ہو سکتا ہے۔ شجرکاری مہم کے ساتھ ساتھ ہمیں دعاں کا بھی سہارا لینا چاہیے۔ علما کرام، مشائخ عظام، اولیا کرام اور صوفیا کرام سب مل کر رحمت کے چند قطروں کے لیے خصوصی دعاں کا اہتمام کریں۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں گڑگڑا کر دعا کریں کہ وہ ہم سب پر اپنی رحمت نازل فرمائے، خشک سالی کو ختم فرمائے اور ہمارے کھیتوں، باغات، زمینوں اور شہروں کو دوبارہ سرسبز و شاداب فرمائے۔ جب رحمت کے قطرے روک دیے جاتے ہیں تو ہمیں اپنے اعمال کا جائزہ لینا چاہیے۔ بے گناہ خون کا بہنا، گناہوں کی کثرت ہونا، بے نمازی اور بے دینی کا عام ہونا، یہ سب ایسے معاملات ہیں جن پر ہمیں سنجیدگی سے غور کرنے کی ضرورت ہے۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم توبہ و استغفار کی طرف لوٹیں، دینِ اسلام کی طرف لوٹیں، اپنے اعمال کی اصلاح کریں اور کسی کے ساتھ ناجائز نہ کریں، کسی کے ساتھ غلط نہ کریں۔ ہمیں چاہیے کہ ایک دوسرے کے لیے خیر خواہی پیدا کریں، رحم دلی کو فروغ دیں، خدمتِ خلق کو اپنا شعار بنائیں، اپنے گھروں، گلیوں، محلوں اور شہروں کو صاف رکھیں اور زیادہ سے زیادہ پودے اور درخت لگائیں۔ صرف حکومت سے امیدیں وابستہ کرنے کے بجائے خود بھی عملی کردار ادا کریں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے گناہوں سے سچی توبہ کرنے، دینِ اسلام پر عمل کرنے، مخلوقِ خدا کے ساتھ خیر خواہی کرنے اور اپنے ملک کو سرسبز و شاداب بنانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

پٹرولیم لیوی اور قیمتوں میں کمی کی بازگشت

تحریر: مشتاق الرحمٰن

حکومت کی جانب سے پٹرولیم لیوی میں کمی اور اس کو وصول کرنے کا طریقہ کار تبدیل کرنے کی خبریں ان دنوں عوامی و معاشی حلقوں میں شدید سرگرم بحث ہیں۔ بظاہر تو یہ ایک خالصتاً تکنیکی، مالیاتی یا بجٹ سے متعلقہ پیچیدہ معاملہ نظر آتا ہے، جس کا تعلق سرکاری دستاویزات اور شماریات سے ہے، لیکن درحقیقت اس کا براہِ راست اور گہرا تعلق عام آدمی کی جیب، روزمرہ کی مہنگائی اور پیٹرول و ڈیزل کی فی لیٹر قیمت سے ہے۔

عام اور سادہ الفاظ میں سمجھا جائے تو پٹرولیم لیوی دراصل وہ ٹیکس، چارج یا اضافی رقم ہے جو حکومت پیٹرولیم مصنوعات کی ہر لیٹر فروخت پر شہریوں سے وصول کرتی ہے۔ ماضی کے روایتی نظام میں پیٹرول پر ایک مخصوص یا مقررہ لیوی وصول کی جاتی تھی، جو عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتیں کم یا زیادہ ہونے کے باوجود اکثر ایک ہی سطح پر قائم رہتی تھی یا اس میں بروقت توازن برقرار رکھنا خاصا مشکل ہو جاتا تھا۔ اس پرانے نظام کی وجہ سے جب عالمی سطح پر تیل سستا بھی ہوتا تھا تو لیوی کی شرح کے باعث اس کا پورا فائدہ عام صارف تک نہیں پہنچ پاتا تھا، اور جب تیل مہنگا ہوتا تو حکومت کے لیے ریونیو کا التزام سنبھالنا مشکل ہو جاتا تھا۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ پٹرولیم لیوی کے اس طریقہ کار میں بنیادی تبدیلی اور اس کی شرح میں کمی سے ایک عام آدمی کی زندگی اور ملکی معیشت پر کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں

لیوی میں کمی کا سیدھا اور براہِ راست مطلب یہ ہوتا ہے کہ فی لیٹر پیٹرول کی وہ کل قیمت جو ایک عام صارف پٹرول پمپ پر ادا کرتا ہے، اس میں سے حکومتی ٹیکس کا تناسب یا بوجھ کم ہو جائے گا۔ اگر عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتیں مستحکم رہیں یا ان میں مزید کمی آئے، تو اس اقدام کے نتیجے میں مقامی سطح پر پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں نمایاں اور واضح کمی دیکھنے کو مل سکتی ہے، جس سے عام گاڑی اور موٹر سائیکل چلانے والوں کو فوری طور پر سانس لینے کا موقع ملے گا۔

ہمارے ملک میں اشیائے خورد و نوش اور بنیادی ضرورت کے سامانوں کی قیمتوں کا بڑا دار و مدار ان کی نقل و حمل پر ہوتا ہے۔ پیٹرول اور بالخصوص ڈیزل سستا ہونے سے مال برداری کی گاڑیوں اور عوامی سواریوں کے کرائے کم ہوتے ہیں۔ جب سامان لانے لے جانے کی لاگت گھٹتی ہے تو منڈیوں اور بازاروں میں فروٹ، سبزیوں، دالوں اور عام استعمال کی دیگر تمام چیزوں کی لاگت میں بھی خود بخود کمی آتی ہے۔ یوں اس ایک اقدام کا حتمی فائدہ عام صارف کو اپنے کچن کے بجٹ اور مہنگائی میں کمی کی صورت میں حاصل ہوتا ہے۔ اگر اس نئے طریقہ کار کو عالمی مارکیٹ کی قیمتوں کے تغیرات کے ساتھ شفاف انداز میں جوڑ دیا جائے، تو اس سے قیمتوں کے تعین کا عمل پہلے سے کہیں زیادہ واضح ہو جاتا ہے۔ اس سے عوام کے اندر یہ اعتماد پیدا ہوگا کہ قیمتیں کسی سیاسی یا مصنوعی فیصلے کے تحت نہیں بلکہ ایک کھلے اور منصفانہ نظام کے تحت طے ہو رہی ہیں، جس سے آئے دن پھیلنے والی افواہوں اور بے یقینی کی فضا کا خاتمہ ہوگا۔

ایک طرف جہاں اس فیصلے سے عوام کو ریلیف ملنے کی امید پیدا ہوتی ہے، وہاں دوسری طرف حکومت کے لیے اپنے مالیاتی خسارے اور ریونیو کا توازن برقرار رکھنا ایک بڑا چیلنج بن جاتا ہے۔ لیوی میں کمی کا مطلب حکومتی خزانے میں جمع ہونے والے ٹیکس کا کم ہونا ہے، جس کے اثرات قومی بجٹ پر پڑ سکتے ہیں۔ اس صورتحال میں حکومت کو اپنے غیر ضروری اخراجات میں کمی لانا ہوگی اور ریونیو کے دیگر متبادل اور پائیدار ذرائع تلاش کرنا ہوں گے تاکہ معاشی استحکام متاثر نہ ہو۔

پٹرولیم لیوی میں کمی اور اس کا نیا، جدید طریقہ کار عوام کے لیے ایک خوش آئند اور امید افزا قدم ثابت ہو سکتا ہے، بشرطیکہ اس کے تمام تر مثبت اثرات کو بلا تاخیر، براہِ راست اور مکمل شفافیت کے ساتھ عام صارف تک پہنچایا جائے۔ اگر حکومت، وزارتِ توانائی اور آئل مارکیٹنگ کمپنیاں اس نئی پالیسی پر اس کی اصل روح کے مطابق عمل درآمد یقینی بنائیں، تو یہ فیصلہ عام آدمی کی زندگی سے مہنگائی کا بوجھ کم کرنے اور معیشت کے پہیے کو مزید تحرک دینے میں ایک سنگِ میل ثابت ہو سکتا ہے۔

اور اس کیساتھ ساتھ حکومت کی جانب سے پٹرول ریلیف کا سلسلہ بھی جاری رکھنا ہوگا تاکہ عوام پر کم سیکم بوجھ پڑے

ادارتی صفحے پر شائع ہونے والے کالم اور مضامین کالم اور مضمون نگاروں کی ذاتی آراء ہیں ادارے کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ ادارہ



باکسنگ چیمپئن شپ کے اختتام کے موقع پر میر جواد جان لہڑی باکسر حفیظ یٰسین کو میڈل اور سند دے رہے ہیں اس موقع پر سابقہ انٹرنیشنل باکسر عبداللہ رند بھی موجود ہے

بھارتی کرکٹر ارشدیپ سنگھ سے شہرت کیلئے تعلق کے الزام پر ثمرین کور کا جواب

نئی دہلی (آئی این پی) بھارتی اداکارہ اور ماڈل ثمرین کور نے کرکٹر ارشدیپ سنگھ کے ساتھ تعلقات پر ہونے والی تنقید اور سوشل میڈیا ٹرولنگ پر خاموشی توڑ دی۔ 27 سالہ ثمرین کور نے انسٹاگرام اسٹوریز پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر خواتین کو ہر صورت تنقید کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اگر کوئی اپنے تعلقات کو نجی رکھے تو اسے اپنے ساتھی پر فخر نہ کرنے کا طعنہ دیا جاتا ہے، جبکہ محبت کا کھل کر اظہار کرنے پر شہرت حاصل کرنے کی کوشش کا الزام لگایا جاتا ہے۔ اداکارہ نے ان الزامات کو بھی مسترد کیا ہے کہ وہ ارشدیپ سنگھ کی شہرت یا دولت کی وجہ سے ان کے ساتھ تعلقات میں ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ میں 17 سال کی عمر سے کام کر رہی ہوں، مالی اور پیشہ ورانہ طور پر خود مختار ہوں، 20 سے زائد ممالک کا سفر کر چکی ہوں اور میں نے اپنی الگ شناخت بنانے کے لیے محنت کی ہے۔ ثمرین کور نے خواتین کی جانب سے خواتین پر تنقید کرنے کے رجحان پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ غیر ضروری تبصرے، مفروضے اور منفی رویے تھکا دینے والے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا ہے کہ میں اپنے تعلقات میں خوش ہوں اور نفرت انگیز تبصرے کرنے والوں کو بلاک کر دوں گی۔ اداکارہ کا کہنا ہے کہ میں محبت میں ہوں اور اپنی زندگی خوشی سے گزار رہی ہوں، اس لیے مجھے اپنی زندگی جینے دی جائے۔ ثمرین کور کی پوسٹ پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے بھارتی فاسٹ بولر ارشدیپ سنگھ نے اپنی گرل فرینڈ کی حمایت کی

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ ماشکیل بمقام دالبندین

1۔ محمد اکبر ولد محمد بخش 2۔ رحیمہ (والدہ) زوجہ محمد اکبر 3۔ بی بی یاسمین 4۔ عابد 5۔ زاہد علی 6۔ جاوید اکبر 7۔ موبینہ 8۔ عمر آتون 9۔ حامد 10۔ محمد بخش برادران وہمشیرگان اقوام ساسولی ساکنان ماشکیل ضلع واشک سائلان/درخواست گزاران **بنام** عوام الناس

درخواست زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1925ء برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ سائلان/درخواست گزاران نے ایک درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ عدالت ہذا میں گزاری ہے یہ کہ مسمی اصغر مورخہ 28 مئی 2024 کو ایران میں شہید ہو گئے یہ کہ سائلان کو مرحوم کی شہادت کی بابت ایران حکومت کی جانب سے شہیدی فنڈ کے حصول کیلئے سائلان کو جانشینی سرٹیفکیٹ مطلوب ہے۔ سائلان/درخواستگزاران مرحوم کے حقیقی وارث ہیں درخواست گزاران/سائلان کو متوفی کے شرعی ورثاء قرار دیئے جانے کی بابت درخواست جانشینی عدالت ہذا میں گزاری گئی ہے۔ جس کی آئندہ تاریخ پیشی 10/11/2026 کو مقرر ہو چکی ہے۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا کے ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست ہذا کی نسبت کسی کو کوئی اعتراض ہو تو وہ پندرہ دن کے اندر عدالت میں مقررہ تاریخ پیشی پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر درخواست ہذا کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ آج مورخہ 22/10/2026 کو بدستخط میرے ومہر عدالت کے جاری ہوا

جوڈیشل مجسٹریٹ ماشکیل بمقام دالبندین

TENDER NOTICE

The Assistant Director Local Govt & Rural Development Department Killa Saifullah invites sealed tenders as per Government of Balochistan *Composite Schedule of Rates 2026* from the interested firms/ contractors for the following works:

S. NO	NAME OF WORK	E/COST
1	CONSTRUCTION OF LINK ROADS FROM DIFFERENT STREETS AT MC KILLA SAIFULLAH (BSDI Phase-III) **TSE-2627101217813**	20,000,000/-

The Procurement shall be carried out in accordance with ***Balochistan Public Procurement Regulatory Authority Rules, 2014*** (amended till date) **BASIC ELIGIBILITY:** The Firms must have valid registration with Pakistan Engineering Council who have also submitted the case for renewal (2026-27) in relevant Category, and registration with tax authorities i.e. (FBR and BRA), including similar nature work experience & Turnover Firms (Single Entity) having valid registration with Pakistan Engineering Council (PEC) in the Category C-6 or above along with relevant specialization codes. Valid Registration with Income Tax with active tax payer list Valid Registration with BRA with active tax payer list The bid proposals shall be sequentially page-numbered, duly signed, stamped, and properly hard-bound. Other Mandatory conditions and Detailed Marking Criteria mentioned in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope procedure. **ISSUANCE:** The Firms can obtain the bidding Documents from the office of the Assistant Director Local Govt & Rural Development District Killa Saifullah upon payment (nonrefundable) of bidding documents fee each Rs. 1000/- deposited in A/c title: *AD Local Govt District Killa Saifullah, A/c No. 1061004078852272* in National Bank of Pakistan (NBP). (The NIT & Bidding Document can also be downloaded from www.bppra.org.pk. **Bid Security**: The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Guarantee, Deposit at Call of 2% specified in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents**: The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk. **Issuance of tender Documents**: Complete Bidding Documents can be viewed at www.bppra.gob.pk. **Last Date of bid submission**: Bids can only be submitted latest by 17th November, 2026 till 11:00 AM in the office of the undersigned. **Tender opening**: All bids will be opened on same day at 12:00 PM in the office of the undersigned **Address**: Office of the Assistant Director Local Govt & Rural Development Department Main National Highway District Killa Saifullah Phone No: 0823610254, Bid Validity Period: Ninety (90)
Email: shengrila_q86@yahoo.com

ASSISTANT DIRECTOR
Local Govt & Rural Development Killa Saifullah

DPRQ/PRQ No.2217/02-11-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2627101217593 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The PD Upgradation of THQ Baiker to DHQ Baiker & Establishment of 50 Bedded Hospital at Rakni Barkhan invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Upgradation THQ to DHQ Baiker Hospital under UPGRADATION OF THQ BAIKER TO DHQ BAIKER	461,278,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 320,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-3 and above (Upto 500 million)In Relevant Category And Specialized Code is EE04 (Low Voltage Installation), EE05 (High Voltage Installation), CE10(i) (General Civil Engineering Works) , CE10(vii) (General Buildings and Maintenance). Bid Security of 2% of estimated cost Tender processing fee of amount Rs. 1000 in account No. C02716 having head, PD,UEHBB. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 19 November, 2026till Invalid date through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at Invalid date on EPPS System Address: B&R office Rakhni Town Phone no: 3333097844
Email: ahtishambaloch@gmail.com

PD Upgradation of THQ Baiker to DHQ Baiker & Establishment of 50 Bedded Hospital at Rakni Barkhan

DAB/AB No.509/02-11-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت قاضی جھالاوان I بااختیارات فیملی جج خضدار

مقدمہ نمبر 25/25 محمد یوسف وغیرہ **بنام**:۔ بھائی خان وغیرہ **اجرائی کارروائی**

اشتہار بنام:۔ 4۔ محمد ابراہیم 5۔ غلام مرتضیٰ 6۔ علی حسن 7۔ محمد اسماعیل 8۔ امام زادی پسران ودختران کریم بخش اقوام وانڑ۔۔۔۔ کاری باڑہ گھر باغبانہ خضدار ہرگاہ عنوان بالا مقدمہ میں تاریخ سماعت مورخہ 5/11/2026 مقرر ہو چکی ہے تمہارے بارے میں مروجہ طریقے سے تعمیل نہ ہو پائی لہٰذا اشتہار ہذا کے ذریعے تم مدعاعلیہ کو حکم دیا جاتا ہے کہ تاریخ سماعت مورخہ 5/11/2026 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر جوابدہی کریں بصورت دیگر عدم حاضری تمہارے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 20/10/2026 کو بدستخط میرے ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

قاضی جھالاوان I خضدار

بعدالت جناب سینئر سول جج IV سریاب کوئٹہ

آئندہ تاریخ ساعت 3/11/2026 1۔ نازانی بی بیوہ سرور خان 2۔ محمد اظہر 3۔ مسعود احمد 4۔ بی بی عضیفہ 5۔ بی بی ماریہ 6۔ محمد نادر 7۔ محمد عادل پسران ودختران سرور خان سکنہ سریاب روڈ کوئٹہ

بنام:۔ عوام الناس **درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ**

اشتہار بنام ہر خاص وعام:۔ ہرگاہ یہ کہ سائل/سائلہ/سائلان نے ایک درخواست جانشینی عدالت ہذا میں برائے حصول پنشن وبینک رقم متوفی سرور خان گزاری ہے جسکی آئندہ تاریخ پیشی 3/11/2026 کو مقرر ہو چکی ہے۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی عذر ہو تو تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہذا ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 31/10/2026 کو بدستخط میرے ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

سینئر سول جج IV سریاب کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہر خاص وعام کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ میرے نام (عبدالظاہر ولد میر افضل) پر 9 موٹر سائیکلوں کے رجسٹریشن درج ہے یہ کہ اپنی جانب سے مذکورہ 9 موٹر سائیکلوں کی رجسٹریشن کو بلاک کر رہا ہوں۔ تا کہ میرے نام سے جتنے بھی موٹر سائیکلیں محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس میں درج ہے وہ ختم ہو سکے اور میں اس سے بری الذمہ ہو جاؤ۔ موٹر سائیکلوں کی رجسٹریشن نمبر درج ذیل ہے۔

1۔MF-3191، 2۔QAX-0211، 3۔MD-2155، 4۔QAW-7852، 5۔MF-1349، 6۔QAZ-4450، 7۔MD-3321، 8۔MJ-5953، 9۔ME-0564

المشتہر:۔ عبدالظاہر ولد میر افضل سکنہ کوئٹہ موبائل نمبر 03003333793

بعدالت جناب سینئر سول جج IV سریاب کوئٹہ

مثل نمبر 50/2026 آئندہ تاریخ ساعت 3/11/2026

1۔ بی بی صفورا بیوہ عبدالخالق 2۔ محمد احمد ولد عبدالخالق سکنہ کلی غلام جان سریاب کوئٹہ **بنام**:۔ عوام الناس

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام ہر خاص وعام:۔ ہرگاہ یہ کہ سائل/سائلہ/سائلان نے ایک درخواست جانشینی عدالت ہذا میں برائے حصول پنشن وبینک رقم متوفی عبدالخالق گزاری ہے جسکی آئندہ تاریخ پیشی 3/11/2026 کو مقرر ہو چکی ہے۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی عذر ہو تو تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہذا ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 30/10/2026 کو بدستخط میرے ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

سینئر سول جج IV سریاب کوئٹہ

TENDER NOTICE

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required The Executive Engineer, Urban Planning & Development Department ,Quetta Division Quetta invites the sealed tenders based on Composite Schedule of Rates 2026, Government of Balochistan, amended up-to-date from the interested Contractors / Firm for the following works:

S.#	Name of Works.	E/Cost
1.	PROVIDING & FIXING PU FLOORING AT UNIVERSITY OF BALOCHISTAN, QUETTA **TSE-2627111219303**	70,000,000/-

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 amended up to date. **i. BASIC ELIGIBILITY:** The Firm/ Contractors must have valid registration with Pakistan Engineering also renewed upto date in relevant Category. **ii.** Firms (Single Entity) having valid registration with Pakistan Engineering Council (PEC) in the Category C- 4 or above and the relevant Specialized code. **iii.** The firm must register in Balochistan Revenue Authority and presence in active tax payer list (ATL) **iv.** Valid Registration with Income Tax &Presence in Active Tax Payer List in FBR (ATL) **v.** Turnover at least of last three years. **vi.** The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. **vii.** The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **viii.** Other Mandatory conditions and Detail Criteria mentioned in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope Procedure. **ISSUANCE:** The firms/contractors can also download the bidding documents from the BPPRA website at www.bppra.org.pk. The required tender processing of Rs. 3500/- above must be deposited in the government treasury under the head of account C-03870 through the Green Challan Form at the National Bank of Pakistan (NBP). **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 18 November, 2026 till 09:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 10:00 AM on EPPS System. .**Address Place of Bids opening**: Office of the Executive Engineer Urban Planning & Development Department Zarghoon Road Quetta Bid Validity Period: Ninety (90) Days

EXECUTIVE ENGINEER
Urban Planning &Dev: Department Quetta Division Quetta

DPRQ/PRQ No.2222/02-11-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2627111218913 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEERII PROVINCIAL B&R SHERANI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 2500 PKR and Bid Security 3%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	"Construction and Rehabilitation of Offices at District Level Offices / Residences" (Construction of proposed District Complex at Mani Khawa District Shernai. PSDP No. 141 / Z2026.0603)	91,088,054

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 63,761,637 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-4 and above (Upto 200 million) In Relevant Category And Specialized Code is CE10(I) (General Civil Engineering Works) , CE11(i) (General engineering Works only). Audit Report for the last three year Bidder must have completed at least 2 similar projects in the last 5 years. Each project must have at least 90% similar work and cost at least 80% of the estimated cost. Maintenance, restoration, rehabilitation and subcontracted works are not accepted. Bidder Must Provide Green Challan and System Generated BPPRA Challan. CDR **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 18 November, 2026till 09:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 10:00 AM on EPPS System **Address:** Executive Engineer Building, Communication, Works, PP&H Department Sherani
Phone no: 0822412218

Executive Engineer Building, Communication, Works, PP&H Department Sherani

DPRQ/PRQ No.2224/02-11-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

تلاش گمشدہ

ضمانتی رسید نمبر 4632 ایف آئی آر نمبر 01/2023 مالیت -/600000 تھانہ زرغون آباد بنام محمد عارف ولد مرزا خان گم ہو گیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03339994934 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

ضمانتی رسید نمبر 45093 ایف آئی آر نمبر 209/2019 مالیت -/80000 تھانہ بروری بنام عبدالوالی ولد فضل محمد گم ہو گیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03003894839 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا گاڑی نمبر AAL442 ماڈل 1999 انجن نمبر C 262562 چیسز نمبر SCP103146750 بک کا پہلا صفحہ گم ہو گیا ہے ملنے پر ایکسائز آفس پہنچا دیں المشتہر:۔ محمد سعید ولد محمد بخش

تلاش گمشدہ

میرا موٹر سائیکل نمبر MAH5092 چیسز نمبر CR783522 انجن نمبر CR1135010 ماڈل 2020 کے کاغذات ہزارہ ٹاؤن بروری روڈ میں گم ہو گیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03132962708 پر مطلع کریں المشتہر:۔ حبیب اللہ ولد محمد امیر

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ وسول جج IV کوئٹہ

مثل نمبر 39/2026 آئندہ تاریخ 14/11/2026

شازیہ بی بی **بنام**:۔ عوام الناس شازیہ بی بی دختر شاہ میر خان گارڈین غازی خان ولد فیض محمد سکنہ بروری روڈ کوئٹہ **درخواست برائے جانشینی**

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ درج بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ جسکی آئندہ تاریخ سماعت 14/11/2026 کو مقرر ہو چکی ہے۔ درج بالا مقدمہ ہذا میں سائلین نے درخواست جانشینی/لیٹر آف ایڈمنسٹریشن عدالت ہذا میں گزاری ہے۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا درخواست کی بابت کسی کو بھی کسی قسم کا کوئی عذر ہو تو مقررہ تاریخ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 2/11/2026 کو بدستخط میرے ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

جوڈیشل مجسٹریٹ وسول جج IV کوئٹہ

SHAIKH ZAYED HOSPITAL, LAHORE

Lahore-54600

Ref: SZH/PHY/CR/116/2026, Date: 30-10-2026

TENDER NOTICE

LOCAL PURCHASE OF MEDICINES & MEDICAL DEVICES (DAY TO DAY BASIS) (HOSPITAL PURCHASE) FOR THE YEAR 2026-2027

1. Shaikh Zayed Hospital Lahore, a leading Government Hospital invites sealed cover bids from reputed firm for rate contract for supply of Medicines, Medical Devices, Suture Material, Implants & Stents etc. at Shaikh Zayed Hospital, Lahore for the year 2026-2027 on Local Purchase (Day to Day) basis from the registered firms on E-Pak Acquisition and Disposal System (EPADS) (Federal). Vol. 2.
2. The firms must be registered with Income Tax, Sale Tax department, and is on Active Tax payer list of the Federal Board of Revenue for the supply of above mentioned services.
   Local Purchase of Medicines & Medical Devices (Day to Day) basis (Estimated Tender Cost Rs. 100 Million) One Hundred Million Approx.
3. The CDR amounting to Rs. 02 Million shall be deposited in favour of Administrator/Executive Director Shaikh Zayed Hospital, Lahore
4. Bidding documents containing detailed terms and conditions, etc. are available on the website of EPADS (E-Pak Acquisition and Disposal System) (Federal). Vol. 2. Bidding documents can also be downloaded from Shaikh Zayed Hospital website i.e **www.szmc.org.pk.**
   Tender is also available on PPRA Website www.ppra.org.pk.
5. The bids, prepared in accordance with instructions in the bidding documents, must be uploaded on the EPADS (E-Pak Acquisition and Disposal System) (Federal) Vol. 2 prior to closing date of submission of bids of tender i.e., **19-11-2026** at **11:00 a.m.** and shall be opened on same date at **11:30 a.m.** in presence of bidders & Committee at Conference Room 1st Floor, Shaikh Zayed Hospital, Lahore.
6. **Single stage-Two envelope bidding procedure shall be applied**
7. No tender will be received after due date and time.
8. All assessments and procuring procedures i.e., receiving opening & Awarding etc. shall be governed by Federal PPRA rules 2004 (Amended) through E-PAK Acquisition & Disposal System (E-PADS) Vol. 2.

ADMINISTRATOR/EXECUTIVE DIRECTOR

PID(L)1114/26

PUBLIC NOTICE

ADVERTISEMENT REGARDING MISPLACED OF CALL DEPOSIT (CDR 2 Non)

It is to inform your kind office that a call deposit bearing No. 757683 Dated:06.03.2026 amounting to Rs.302000/- and bearing No.757682 Dated 04.03.2026 issued to M/S Jaffar Construction Company from National Bank of Pakistan Musakhail Branch, which has been misplaced.

Executive Engineer
PHE Division
Musakhail

PRQ No.2243/02-11-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اطلاع برائے لواحقین

محکمہ ملازمتہائے عمومی نظم ونسق (S&GAD) حکومت بلوچستان کی جانب سے بلوچستان سول سیکرٹریٹ کے فوت شدہ سرکاری ملازمین کے لواحقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وفاقی آئینی عدالت کے متعلقہ فیصلے کی روشنی میں مروجہ قانون 2009ء اور دیگر مروجہ قواعد وضوابط کے تحت لواحقین کوٹہ کے کیسز پر کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ ایسے تمام کیسز جن میں فوت شدہ سرکاری ملازمین کے قانونی ورثاء کی تقرری کے سلسلے میں کارروائی مورخہ 18 اکتوبر 2024ء سے قبل مکمل ہو چکی تھی یا حتمی مرحلے میں داخلہ ہو چکی تھی تاہم کسی بھی ...

نیز وہ امیدواران جن کے کوائف یا دستاویزات میں کوئی اضافی، درست شدہ یا نئی معلومات شامل کرنی ہوں انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس اشتہار کی اشاعت کے سات (07) یوم کے اندر اندر اپنی مکمل درخواستیں اور متعلقہ دستاویزات محکمہ ہذا میں جمع کروائیں مقررہ مدت کے بعد موصول ہونے والی کسی بھی درخواست یا دستاویز پر غور نہیں کیا جائیگا جبکہ تمام کیسز دستیاب ریکارڈ اور مروجہ قواعد کی روشنی میں نمٹائے جائینگے۔

انڈر سیکرٹری (پنجم)
محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی بلوچستان

PRQ No2241/02-11-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت تحصیلدار اسسٹنٹ کلکٹر I بروری کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

... یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر و اعتراض ہو تو اندر 7 یوم زیر دستخطی کو پیش کرے بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ اشتہار ہذا 2/11/2026 کو میرے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

تحصیلدار بروری کوئٹہ

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, Irrigation Division, Kohlu, invites E-Bidding through B-PPRA Electronic Public Procurement System as Per Schedule A&B based on the composite schedule of rates 2026, Government of Balochistan, from eligible bidders for the execution of work on the given terms and conditions, with the following details:

TSE NUMBER	Name of work	Earnest Money	Tender Fee
TSE-2627111219213	FLOOD PROTECTION WORKS IN HOSARHI AREA.	4% of Bid cost	3500/-

The procurement will be carried out in accordance with the 2014 BPPRA rules. **ELIGIBILITY OF BIDDERS:** The Bidders must have registration with the tax authorities (FBR-sales tax & income tax with the active tax payer status. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required. completed assignments of similar and general nature of work will be seen is the eligibility given criteria. Turnover amount in subsequent previous years showing the financial capacity of the firm and credit line facility is mentioned in the bidding documents. Registration with the Pakistan Engineering Council in the **relevant category** for the year 2026-2027 with specified code is mentioned in the bidding documents. The bidder must provide the audit report of the last three years. The bidder must not be involved in any litigation with any procurement agency in Pakistan. The required Tender fee will be deposited in the form of green challan. The bidders must submit 4% of the bid security in favor of the undersigned. **METHOD OF PROCUREMENT:** Bids are invited on **Single stage -Two Envelop** procedures (Technical & Financial Proposals). Under the Rule 41 (3). **BIDDING / TENDER DOCUMENTS ISSUANCE:** The NIT & Bidding Document can also be downloaded from www.bppra.org.pk. **SUBMISSION OF BIDDING / TENDER DOCUMENTS:** The bidding documents dully signed/attached with copies of supporting documents must be **uploaded through E-Bidding** on or before **November 16, 2026** at **09:00 AM** in case of any query contact to Office of the Executive Engineer, Irrigation Division, Kohlu Phone No. +92-829-667217, Proposals will be opened on the same day through **EPPS** at **10:00 AM** by Procurement Committee. **BID SECURITY:** The amount of bid security shall be **4%**. In case of absence of bid security, all such bids will be rejected. The bid security shall be in the form of Deposit at Call, bank guarantee issued by a scheduled bank in Pakistan in favour of the Employer. The Competent Authority reserves the right to **accept or reject any or all bids** at any time prior to acceptance of a bid for a cogent reason. Place of issuance, submission, inquiries and opening will be @ addressed: - **Executive Engineer, Irrigation Division Kohlu Phone No. +92-829-667217.**

***Note:* - All documents/proof provided by the contractors or firms will be verified from the concerned authorities/departments.**

Executive Engineer
Irrigation Division Kohlu

DPRQ/PRQ No. 2212/02-11-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 52301-9730132-9 ہزارہ ٹاؤن تھانہ کی حدود میں گم ہو گیا ہے تلاش کیلئے مشتہر ہے المشتہر:۔ عباس اقبال ولد محمد اقبال

تلاش گمشدہ

میرا پاسپورٹ نمبر AV1805154 بنام محمد اسلم ولد جہانگیر شاہ سول لائن تھانہ کے حدود میں گم ہو گیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03337988935 پر مطلع کریں شناختی کارڈ 54400-4187515-9

تبدیلی نام

میں نے اپنا نام خائستہ خان ولد خان زمان سے تبدیل کر کے نیا نام امیر شاہ ولد خان زمان رکھ لیا ہے لہٰذا تعلیمی اور دیگر ضروری کاغذات میں بھی تبدیل کی جائے المشتہر:۔ امیر شاہ ولد خان زمان

تلاش گمشدہ

میرا گاڑی VXR الٹو نمبر AKL965 ماڈل 2001 انجن نمبر F6A50866 کا اصل فائل بنام نومان جان ولد نصیر احمد جان جناح ٹاؤن میں گم ہو گیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03338800521 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

مشتہر ہے کہ میونسپل کمیٹی ژوب سے مکان نمبر E/251 واقع شہر ژوب کا پٹہ میرے والد خانی ولد خان گل قوم صافی کے نام پر میونسپل کمیٹی ژوب سے جاری شدہ ہے مجھ سے مکان کا اصل پٹہ کہیں گم ہو گیا ہے تلاش کیلئے مشتہر ہے المشتہر:۔ ازک خان ولد خانی قوم صافی ژوب

BAAKHABAR مختصر اشتہارات CLASSIFIED

تلاش گمشدہ

میرا ڈرائیورنگ لائسنس بنام نصیر احمد ولد محمد خان شناختی کارڈ نمبر 5160247967079 دوران سفر کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03013741002 پر مطلع کریں

اطلاع برائے عام وخاص

ہرگاہ کہ ہر خاص وعام کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ایک عدد پلاٹ نمبر C-215 رقبہ 200 گز 1800 فٹ مربع واقع زرغون ہاؤسنگ اسکیم (QDA) نواں کلی کوئٹہ جو کہ مسمی حمید مغل ولد مرزا ساجد علی بیگ سے میں مسمی محمد ندیم خان لودھی ولد محمد علی خان لودھی خرید رہا ہوں لہٰذا اس سلسلے میں کسی کو بھی کوئی عذر و اعتراض ہو تو وہ 10 یوم کے اندر اندر رابطہ کریں بعد معیاد کے کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا رابطہ نمبر 03127803323 محمد ندیم خان لودھی

تلاش گمشدہ

میرا ایک عدد ضمانتی رسید سیریل نمبر 2468 بنام حافظ عبدالغنی رحمانی ولد مولانا عبدالرحمٰن مبلغ 200000 لاکھ روپے کہیں گم ہو گیا تلاش کیلئے مشتہر ہے المشتہر:۔ حافظ عبدالغنی رحمانی ولد مولانا عبدالرحمٰن

بقیہ 01

مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے کے سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی بہتری، جدید طبی آلات کی فراہمی، ڈاکٹروں اور طبی عملے کی کارکردگی میں بہتری اور مریضوں کو بہتر ماحول فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کے عوام کو علاج معالجے کے لیے دوسرے صوبوں کا رخ نہ کرنا پڑے اور انہیں اپنے ہی صوبے میں بہتر طبی سہولیات میسر آئیں۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ دور دراز علاقوں میں رہنے والے شہریوں کو صحت کی سہولیات کی فراہمی خصوصی اہمیت رکھتی ہے۔ بنیادی مراکز صحت، ضلعی ہسپتالوں اور بڑے طبی اداروں کو فعال بنانے کے ساتھ ساتھ ڈاکٹروں اور دیگر عملے کی حاضری اور کارکردگی کو بھی یقینی بنانا ضروری ہے، تاکہ مریضوں کو بروقت علاج مل سکے۔ بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ حکومت سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی دستیابی، ایمرجنسی سروسز کی بہتری، جدید تشخیصی سہولیات اور مریضوں کی دیکھ بھال کے نظام پر توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو درپیش طبی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی اور متعلقہ حکام کو عوامی شکایات کے ازالے کے لیے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنا ہوں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ صحت کے شعبے میں پائیدار بہتری کے لیے محکمہ صحت کے افسران، ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کو مشترکہ طور پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ عوام کو سہولیات فراہم کرنا محض سرکاری ذمہ داری نہیں بلکہ ایک انسانی خدمت بھی ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے عوام کو بہتر، قابل رسائی اور معیاری طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، تاکہ ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل ممکن ہو اور صوبے کے ہر شہری کو علاج کی مناسب سہولت میسر آ سکے۔

بقیہ 02

قومی صوبائی اسمبلیوں سمیت سینٹ میں مسلم لیگ ن بلوچستان کی عوام کی ترجمانی کرتے ہوئے عوامی مسائل کے خاتمہ کیلئے فعال کردار ادا کر رہی ہیں حلقہ انتخاب میں علاقائی مسائل کو حل کرنے کے لئے میگا پروجیکٹ شروع کردیئے گئے ہے جن کی تکمیل سے عوامی مسائل کا خاتمہ یقینی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما سابق صوبائی سیکرٹری اطلاعات ایڈووکیٹ فرید افغان پاکستان مسلم لیگ لیبر ونگ کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری بگٹی کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا قبل ازیں ایڈووکیٹ فرید افغان و منیر احمد مسوری بگٹی نے رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ کی کاوشوں کو خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے انتخابی مہم کے دوران جو وعدے کیے تھے ان کو پورا کرنے میں کامیاب ہوئے کارکناں کو درپیش مسائل کو حل کرنے میں بھی اپنا رول پلے کیا اس موقع پر رکن قومی اسمبلی و صوبائی جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ ن جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کی تعمیر و ترقی عوام کے احساس محرومی کو دور کرنے میں اپنا رول پلے کیا پارٹی کے اقدامات کسی سے پوشیدہ نہیں پارٹی دن رات بلا رنگ و نسل عوام کی خدمت اور عوامی مسائل کے خاتمہ کیلئے کوشاں رہی ہمیں کسی سے مشورے لینے کی ضرورت نہیں پارٹی کی مثبت پالیسیوں کے باعث بلوچستان ترقی خوشحالی کی جانب گامزن اور بلوچستان کے کئی سلگتے مسائل کا خاتمہ ہوا ہے تعلیم صحت بجلی پینے کا صاف پانی گیس اور بنیادی سہولیات کی فراہمی سے لوگوں کے کئی مسائل کا ازالہ ہو چکا ہے ہماری کی کامیاب حکمت عملی سے بلوچستان امن خوشحالی کی جانب گامزن ہے وفاق و بلوچستان اسمبلی میں عوام کی ترقی خوشحالی کیلئے دن رات سرگرمی کے ساتھ اپنی صلاحیتوں کا استعمال کر رہے ہے عوام کا معیار زندگی کا بدلنے کیلئے کئی میگا پروجیکٹ کے لئے فنڈز جاری کردیئے ہے جن کی تکمیل سے عوام کا معیار زندگی بہتر ہوگا ترقی و خوشحالی کا نیا دور شروع ہو چکا ہے ہمیں صرف اقتدار ہی عزت نہیں بلکہ عوام کی خدمت پر یقین رکھتے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم اپنے لوگوں اور کارکنوں سے دور نہیں عوام اور پارٹی کارکن مسائل کی نشاندہی کریں ہم ان کو حل کریں گے کارکنان کو درپیش مسائل کو حل کرنے کے لئے بھی کام کر رہے ہیں

بقیہ 03

وابستہ نمائندگان نے بھرپور شرکت کی۔ نمائش میں 100 سے زائد اسٹالز قائم کیے گئے، جن میں خواتین کی تیار کردہ مصنوعات، دستکاری، مقامی ہنر، کاروباری مصنوعات اور مختلف تجارتی شعبوں سے متعلق اشیاء کو نمائش کے لیے پیش کیا گیا۔ اس موقع پر خواتین کو اپنی کاروباری صلاحیتوں کے اظہار، مصنوعات کی تشہیر، تجارتی روابط کے فروغ اور نئی کاروباری راہیں تلاش کرنے کے مواقع فراہم کیے گئے۔ تقریب میں حکومت بلوچستان اور وفاقی حکومت کے نمائندگان، متعلقہ محکموں کے افسران، کاروباری شخصیات اور دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ شرکاء نے نمائش میں گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے خواتین کی کاروباری سرگرمیوں، تخلیقی صلاحیتوں اور محنت کو سراہا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے نمائش کا تفصیلی دورہ کیا اور تمام اسٹالز کا معائنہ کیا۔ انہوں نے مختلف اسٹالز پر موجود خواتین کاروباری شخصیات اور نمائش کنندگان سے ملاقاتیں کیں، ان کی تیار کردہ مصنوعات، کاروباری سرگرمیوں اور درپیش مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے خواتین کی محنت، صلاحیتوں اور کاروباری جذبے کو سراہتے ہوئے کہا کہ خواتین کو معاشی سرگرمیوں میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ایسی نمائشیں خواتین کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار، کاروبار کو وسعت دینے اور ملکی معیشت میں مؤثر کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے نمائش کے مختلف حصوں کا جائزہ لیتے ہوئے انتظامی امور اور شرکاء کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا بھی معائنہ کیا۔ نمائش کے انعقاد کے دوران ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے مسلسل نگرانی اور مؤثر انتظامی اقدامات یقینی بنائے گئے۔ پروگرام کے تمام تر سیکیورٹی، ٹریفک مینجمنٹ، انتظامی اور دیگر ضروری انتظامات ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے مکمل کیے گئے، تاکہ شرکاء، مہمانوں اور نمائش کنندگان کو محفوظ اور سازگار ماحول فراہم کیا جا سکے۔ ضلعی انتظامیہ کی مسلسل نگرانی، متعلقہ اداروں کے باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی کے باعث پروگرام خوش اسلوبی سے جاری رہا اور کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔ ویکسنیٹ (WEXNET) نمائش خواتین کو بااختیار بنانے، ان کی کاروباری صلاحیتوں کو اجاگر کرنے، مقامی مصنوعات کی تشہیر اور ملکی سطح پر تجارتی روابط کے فروغ کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت ثابت ہوئی۔

بقیہ 04

شناخت جانزیب ولد محمد قاسم، قوم نورزئی، سکنہ پشتون آباد کے نام سے ہوئی ہے۔ ایس ایچ او تنویر احمد باجوہ نے مزید بتایا کہ برآمد شدہ منشیات پولیس نے اپنی تحویل میں لے لی ہے جبکہ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی اور تفتیش کے لیے اسے متعلقہ تحقیقاتی ٹیم کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ علاقے میں منشیات کے مکروہ دھندے کے خاتمے، جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی اور امن و امان کے قیام کے لیے پولیس کی کارروائیاں بلا امتیاز جاری رہیں گی۔

بقیہ 05

سے محفوظ رکھنے کے لیے والدین اور عوام کا تعاون ناگزیر ہے انہوں نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان صوبے سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے سنجیدہ اور مؤثر اقدامات کر رہی ہے پولیو جیسی مہلک اور معذور کر دینے والی بیماری کا خاتمہ وقت کی اہم ترین ضرورت ہے، جس کے لیے حکومتی کوششوں کے ساتھ ساتھ عوامی تعاون بھی نہایت ضروری ہے انہوں نے کہا کہ والدین اور معاشرے کے تمام طبقات کو چاہیے کہ وہ پولیو کے خلاف جاری قومی مہم میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور پانچ سال تک کی عمر کے ہر بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلوائیں تاکہ آنے والی نسلوں کو اس موذی مرض سے محفوظ بنایا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج نومبر میں شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، عالمی ادارہ صحت WHO کے نمائندگان اور محکمہ صحت سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی

بقیہ 06

کر کے اس کے قبضے سے گاڑی برآمد کی، جبکہ ملزم کی نشاندہی پر دوسرے ملزم ایوب ولد جمعہ خان، قوم بابڑ، سکنہ کلی ولمہ ژوب کو بھی گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے گاڑی کے تبدیل شدہ ٹائر اور رم بھی برآمد کر لیے ہیں۔ پولیس کے مطابق واقعے سے متعلق مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 07

اور اندرون بلوچستان سولہ گھنٹے تک کی لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن کر دی ہے۔ بلوچستان اسمبلی میں محکمہ انرجی کی جانب جمع کرائے ریکارڈ کے مطابق بلوچستان کے اوچ پاور پلانٹ ون سے 586 میگاواٹ، اوچ پاور پلانٹ ٹو سے 404 اور حبکو کول پاور پلانٹ سے 1320 میگاواٹ بجلی پیدا ہو کر نیشنل گرڈ میں جاتی ہے، اس طرح صوبے سے 2310 میگاواٹس بجلی پیدا ہوتی ہے تاہم کیسکو حکام کا کہنا ہے کہ بلوچستان کو نیشنل گرڈ سے بمشکل 450 میگاواٹس بجلی بھی دستیاب نہیں ہے جبکہ ایران سے مکران ڈویژن کو صرف چالیس میگا واٹ بجلی دی جا رہی ہے صوبے میں بجلی کی قلت کے باعث کوئٹہ میں آٹھ سے دس گھنٹے اور اندرون بلوچستان بارہ سے سولہ گھنٹے کی لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے۔

بقیہ 08

اور دیگر اہم مسائل کے حوالے سے ہمہ وقت الرٹ رہنے کی ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر جاوید احمد بلوچ نے تحصیل پریس کلب گنداخہ کے صدر میجر جمالی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ منشیات جیسی لعنت نوجوان نسل اور معاشرے کے مستقبل کے لیے سنگین خطرہ ہے، جس کے خاتمے کے لیے محکمہ ایکسائز اپنی ذمہ داریاں پوری سنجیدگی اور پیشہ ورانہ انداز میں ادا کرے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ منشیات فروشوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اوستہ محمد اور گنداخہ گرد و نواح میں منشیات کی روک تھام سمیت غیر قانونی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھی جائے گی۔ اس سلسلے میں تمام متعلقہ اہلکاروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنی ڈیوٹیاں ذمہ داری، ایمانداری اور مستعدی کے ساتھ سرانجام دیں اور عوامی شکایات پر فوری توجہ دیتے ہوئے قانون کے مطابق اقدامات یقینی بنائیں۔ جاوید احمد بلوچ کا کہنا تھا کہ معاشرے کو منشیات سے پاک کرنے کے لیے عوام اور متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون بھی انتہائی ضروری ہے۔ شہری منشیات فروشی یا کسی بھی مشکوک غیر قانونی سرگرمی کی اطلاع متعلقہ حکام کو دیں تاکہ بروقت کارروائی کر کے ایسے عناصر کا قلع قمع کیا جا سکے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محکمہ ایکسائز قانون کی بالادستی، عوام کے تحفظ اور منشیات کے خاتمے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔

بقیہ 09

میڈیکل ایمرجنسی رسپانس سینٹر (ایم ای آر سی) 1122 مقرر کیا گیا ہے۔ اسی طرح ایم ای آر سی 1122 کے ڈائریکٹر جنرل محمد ذوالفقار جتوئی کو محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن میں رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 10

انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ریٹائرڈ اساتذہ کے تمام جائز واجبات فوری طور پر ادا کیے جائیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پانچ سال کے طویل انتظار کے بعد ملازمین میں پنشن اور لیو انکیشمنٹ کے چیکوں کی تقسیم ایک خوش آئند اقدام ہے، تاہم یہ امر انتہائی افسوسناک ہے کہ جامعہ بلوچستان کے ریٹائرڈ اساتذہ تاحال اپنے جائز مالی حقوق سے محروم ہیں۔ اساتذہ نے اپنی زندگی کے قیمتی سال علم کے فروغ، نئی نسل کی تعلیم و تربیت اور جامعہ کی ترقی کے لیے وقف کیے، لیکن ریٹائرمنٹ کے بعد انہیں اپنے ہی واجبات کے حصول کے لیے طویل انتظار کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے صوبائی حکومت کی جانب سے جامعہ بلوچستان کو 52 کروڑ روپے سے زائد کی رقم بطور قرض فراہم کرنے پر حکومت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام جامعہ کے مالی بحران میں کمی کے لیے قابل تحسین ہے، تاہم دستیاب فنڈز کے استعمال میں ریٹائرڈ اساتذہ کے پنشن اور لیو انکیشمنٹ کے واجبات کو بھی اولین ترجیح دی جانی چاہیے۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا کہ عمر بھر تعلیمی خدمات انجام دینے والے اساتذہ کو ان کے جائز حقوق کے لیے مزید انتظار کروانا کسی صورت مناسب نہیں۔ مہنگائی کے موجودہ دور میں پنشن اور دیگر واجبات کی عدم ادائیگی ریٹائرڈ اساتذہ اور ان کے خاندانوں کے لیے شدید مالی مشکلات کا سبب بن رہی ہے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان، متعلقہ حکام اور جامعہ بلوچستان کی انتظامیہ سے پرزور مطالبہ کیا کہ ریٹائرڈ اساتذہ کے پنشن اور لیو انکیشمنٹ کے تمام زیر التوا واجبات کی فوری ادائیگی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ طویل عرصے سے انتظار کرنے والے اساتذہ کو ان کا حق مل سکے۔

بقیہ 11

کے ذریعے بابائے قوم کی خدمات اور افکار کو اجاگر کیا گیا۔ طلباء و طالبات نے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کرتے ہوئے قائداعظم کے پیغام اتحاد، ایمان اور تنظیم کو خراج تحسین پیش کیا۔ تقریب میں ایف سی ونگ 155 کے کرنل ذیشان، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لطیف اللہ غرشین، اسسٹنٹ کمشنر حبیب الرحمن کاکڑ اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (فیمیل) میمونہ فہیم نے شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح کی جدوجہد اور اصول ہمارے لیے مشعل راہ ہیں۔ نئی نسل کو قائداعظم کے افکار، نظریات اور قیام پاکستان کے مقاصد سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ایسی تقریبات طلباء و طالبات میں قومی شعور، حب الوطنی اور قائداعظم کے نظریات سے وابستگی کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

بقیہ 12

اظہار تشکر کیا ہے۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل عبدالستار، صوبائی چیئرمین شاہ علی بگٹی، مرکزی سیکرٹری اطلاعات منظور احمد بلوچ، پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے رہنما سیف اللہ خان یوسفزئی، محمد زمین، بخت محمد، ساجد کھوکھر اور دیگر عہدیداروں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ محنت کش طبقے کی فلاح و بہبود کیلئے ورکرز ویلفیئر فنڈ حکام کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فیڈریشن کی درخواست پر محنت کشوں کیلئے ڈیتھ گرانٹ، میرج گرانٹ اور بچوں کے تعلیمی وظائف کی رقوم موصول ہو چکی ہیں، جس سے مستحق محنت کش خاندانوں کو ریلیف ملے گا۔ انہوں نے بالخصوص سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ، سیکرٹری ایچ آر ڈی اسلام آباد اور سیکرٹری ورکرز ویلفیئر بورڈ بلوچستان کوئٹہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ متعلقہ افسران کے تعاون اور مثبت کردار کی بدولت یہ اہم فلاحی اقدامات ممکن ہوئے ہیں۔ فیڈریشن کے عہدیداروں نے کہا کہ محنت کش طبقہ ملکی معیشت میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے، اس لیے ان کے حقوق کا تحفظ اور ان کے خاندانوں کی فلاح و بہبود یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل عبدالستار سمیت دیگر ٹریڈ یونین رہنماؤں نے امید ظاہر کی کہ ورکرز ویلفیئر فنڈ اور متعلقہ اداروں کا تعاون آئندہ بھی اسی جذبے کے ساتھ جاری رہے گا تاکہ محنت کشوں کو ان کے جائز حقوق اور فلاحی سہولیات کی بروقت فراہمی ممکن بنائی جا سکے۔

بقیہ 13

ہے، جبکہ ملیریا، ڈینگی اور دیگر مچھروں سے پھیلنے والی بیماریوں کے خدشات بڑھ گئے ہیں۔ شہری حلقوں نے متعلقہ محکمہ صحت اور میونسپل انتظامیہ کی عدم توجہی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ شہر کے مختلف محلوں، گلیوں، نالیوں اور گندے پانی کے مقامات پر مچھروں کی بھرمار ہے، مگر تاحال مؤثر مچھر مار اسپرے مہم شروع نہیں کی گئی۔ مچھروں کے باعث شہریوں، خصوصاً بچوں، بزرگوں اور خواتین کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ شہری حلقوں نے کہا کہ عوام پہلے ہی بنیادی شہری سہولیات کی کمی اور صفائی ستھرائی کے مسائل سے دوچار ہیں، ایسے میں مچھر مار اسپرے نہ ہونا عوامی صحت کے لیے مزید تشویش کا باعث بن رہا ہے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان، سیکرٹری صحت بلوچستان، ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر اور میونسپل کمیٹی گنداخہ کے حکام سے مطالبہ کیا کہ گنداخہ شہر اور گرد و نواح میں فوری طور پر مچھر مار اسپرے مہم شروع کی جائے، صفائی کے نظام کو بہتر بنایا جائے اور عوام کو مچھروں سے پھیلنے والی بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 14

تمام طبقات سے اپیل کی کہ وہ اس مہم میں بھرپور تعاون کریں تاکہ ضلع چاغی سمیت پورے ملک کو پولیو سے مکمل محفوظ بنایا جا سکے۔ ضلع چاغی میں نومبر کی قومی انسداد پولیو مہم (NIDs) کا باضابطہ افتتاح آج ڈپٹی کمشنر چاغی بختیار اسماعیل بلوچ نے پرنس فہد ہسپتال دالبندین میں کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر چاغی ڈاکٹر منیر بلوچ، سمیت ڈی ایچ ایم ٹی اور ڈی ای اوسی ممبران و دیگر بھی موجود تھے۔ افتتاحی تقریب کے دوران انہوں نے والدین اور معاشرے کے تمام طبقات سے اپیل کی کہ وہ اس مہم میں بھرپور تعاون کریں تاکہ چاغی سمیت پورے ملک کو پولیو سے مکمل محفوظ بنایا جا سکے۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر چاغی ڈاکٹر منیر بلوچ نے کہا کہ اس مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کو پولیو ویکسین پلائی جائے گی، اور اس مقصد کے لیے تربیت یافتہ ٹیمیں گھر گھر جا کر بچوں کو حفاظتی قطرے پلائیں گی۔ انہوں نے والدین کو یقین دلایا کہ پولیو ویکسین مکمل طور پر محفوظ اور مؤثر ہے، اور بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے علماء، سماجی رہنماؤں، اساتذہ، اور میڈیا کے نمائندوں سے بھی درخواست کی کہ وہ انسداد پولیو مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور عوام میں شعور اجاگر کریں۔ یاد رہے کہ انسداد پولیو مہم ضلع چاغی میں 2 نومبر سے 5 نومبر تک ہونے جا رہی ہے، اور بچوں کو موذی مرض سے بچا کے لیے ویکسین دی جائیگی۔

بقیہ 15

خاندان سے دلی تعزیت کی ہے۔ اس حوالے سے آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صدر سلطان محمد خان، سیکرٹری عبدالستار، صوبائی چیئرمین شاہ علی بگٹی، انفارمیشن سیکرٹری منظور احمد بلوچ، سیکرٹری ایجوکیشن عبدالستار، عبدالحمید خان اور شاہنواز زہری نے اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں کہا کہ عبدالعزیز خان لونی کا انتقال ایک ناقابل تلافی نقصان ہے، جس پر وہ سیدال خان لونی اور ان کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے رہنماؤں نے کہا کہ مرحوم عبدالعزیز خان لونی ایک شفیق، ملنسار، خوش اخلاق اور قابل احترام شخصیت کے مالک تھے، ان کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا مدتوں پر نہیں ہو سکے گا جبکہ ان کی محبت، خلوص اور خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے رہنماؤں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام اور جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سیدال خان لونی سمیت تمام لواحقین کو یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کیلئے صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 16

مارکیٹنگ آفیسر (سی ایم او) مقرر کرنے کا اعلان کیا ہے۔ عماد خان کو ٹیلی کمیونی کیشن، ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کے شعبوں میں دو دہائیوں سے زائد کا تجربہ حاصل ہے۔ وہ اپنے پیشہ ورانہ سفر کے دوران پاکستان، آسٹریلیا اور مشرق وسطیٰ میں خدمات انجام دے چکے ہیں۔ وہ کمرشل حکمت عملی، پروڈکٹ مینجمنٹ، آمدن میں اضافے، صارفین کے تجربے میں بہتری اور بڑے پیمانے پر ٹیکنالوجی میں جدت انگیزی کے شعبوں میں مہارت رکھتے ہیں۔ عماد خان نے پی ٹی سی ایل میں وائر لائن پورٹ فولیو کے مختلف شعبوں میں اعلیٰ سطح پر ذمہ داریاں انجام دی ہیں، جن میں فائبر، وائس، ٹی وی، او ٹی ٹی اور آئی او ٹی شامل ہیں۔ انہوں نے پی ٹی سی ایل کی فائبر حکمت عملی کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کیا، جس سے کمپنی کو پاکستان کے سرکردہ فائبر آپریٹر کی اپنی حیثیت مستحکم کرنے میں مدد ملی۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے آمدن میں اضافے، صارفین کے تجربے کو بہتر بنانے اور ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کے اقدامات کو فروغ دینے میں بھی اہم کردار ادا کیا۔ پی ٹی سی ایل میں شمولیت سے قبل عماد خان نے آسٹریلوی کمپنی آپٹس (Optus) میں اعلیٰ عہدوں پر خدمات انجام دیں، جہاں انہوں نے فائبر اور فائیو جی فکسڈ وائرلیس ایکسس (Fixed 5G Wireless Access) کی حکمت عملی کی تیاری میں حصہ لیا اور پروڈکٹ و ٹیکنالوجی ٹرانسفارمیشن سے متعلق اقدامات کی قیادت کی۔ ان کے پیشہ ورانہ سفر کے ابتدائی مراحل میں وارد ٹیلی کام، ہواوے، انٹرنیشنل ٹرن کی سسٹمز اور سعودی بزنس مشینز میں خدمات شامل ہیں، جہاں انہیں ٹیلی کمیونی کیشن آپریشنز، پروڈکٹ میں جدت اور ٹیکنالوجی کی بنیاد پر کاروباری تبدیلی کے وسیع تجربات حاصل ہوئے۔ چیف مارکیٹنگ آفیسر کی حیثیت سے عماد خان پی ٹی سی ایل کی مارکیٹنگ اور صارفین کی تعداد میں اضافے کی حکمت عملی کی قیادت کریں گے۔ ان کی ذمہ داریوں میں برانڈ حکمت عملی، مصنوعات کی مارکیٹ پوزیشننگ، صارفین کے تجربے میں بہتری، ڈیجیٹل رابطہ کاری اور مصنوعات و خدمات کو مارکیٹ میں متعارف کرانے کے اقدامات شامل ہوں گے۔ ان کی توجہ پی ٹی سی ایل کی مارکیٹ میں پوزیشن مزید مستحکم کرنے، صارفین کی ترجیح حاصل کرنے اور کنیکٹیوٹی و ڈیجیٹل سروسز کے پورٹ فولیو میں پائیدار ترقی کو فروغ دینے پر مرکوز ہوگی۔ عماد خان نے لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز (لمز) سے ماسٹرز ان بزنس ایڈمنسٹریشن (ایم بی اے) کی ڈگری حاصل کر رکھی ہے، جہاں وہ ڈینز آنرز لسٹ میں بھی شامل رہے۔ قبل ازیں، انہوں نے فاسٹ نیشنل یونیورسٹی آف کمپیوٹر اینڈ ایمرجنگ سائنسز (NUCES-FAST) سے کمپیوٹر سائنس میں بیچلر کی ڈگری حاصل کی تھی۔ ان کی تقرری ایسے وقت میں عمل میں آئی ہے جب پی ٹی سی ایل ایک مربوط ٹیکنالوجی اور انفارمیشن اینڈ کمیونی کیشن ٹیکنالوجی (آئی سی ٹی) کمپنی کے طور پر اپنی پوزیشن مزید مستحکم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ کمپنی تیز رفتار کنیکٹیویٹی




صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل آل پاکستان کلرک ایسوسی ایشن ای پی اے ماحولیات کی تقریب حلف برداری سے خطاب کر رہے ہیں



کوئٹہ، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، پارلیمانی سیکرٹری اصغر رند، ڈائریکٹر کلچر ڈاکٹر داؤد ترین، ڈی جی خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری و دیگر بلوچی کے نامور شاعر و ادیب سید ظہور شاہ ہاشمی کی صد سالہ تقریب کے اختتام پر شیلڈ دے رہے ہیں



صحبت پور، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ اور چیف انجینئر نصیر آباد زون بشیر احمد ناصر پری فیب کا معائنہ کر رہے ہیں



لورالائی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل علی نواز جمالی محکمہ ہیلتھ خالی آسامیوں کے انٹرویوز کی نگرانی میں ہو رہے ہیں



حکومت بلوچستان اور ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پاکستان کے زیر اہتمام ویکسٹ ایگزیبشن کے موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی وائس چانسلر بیوٹمز یونیورسٹی خالد حفیظ سے بات چیت کر رہے ہیں



صوبائی مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی پروفیسر لمز یونیورسٹی لاہور ڈاکٹر میاں ادریس کو شیلڈ دے رہی ہیں



دکی، اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال دکی بازار میں مختلف بیکریوں اور تندوروں کا معائنہ کرتے ہوئے قیمتوں اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں



ڈپٹی کمشنر سیوری الیاس کبزئی BSDI فیز تھری کے تحت بچاؤ بند کے جاری ترقیاتی منصوبے کا معائنہ کر رہے ہیں



کوئٹہ، ڈائریکٹر اقراء انوار القرآن سکول ڈاکٹر وسیم احمد علیزئی، پروفیسر ڈاکٹر جاوید احمد بلوچ اور دیگر اقراء انوار القرآن ہائی سکول بی بی زیارت سریاب روڈ پر سائنسی نمائش کی تقریب کے اختتام پر طلباء طالبات میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں



صحبت پور، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ کو زیر تعمیر صحبت پور بائی پاس کے بارے میں بریفنگ دی جا رہی ہے



کوئٹہ، بروری روڈ کے رہائشی محمد آصف پریس کانفرنس کر رہے ہیں



ممتاز قبائلی سیاسی و سماجی رہنماء سردار منظور احمد خان کاکڑ والی ریاست خیر پور ہز ہائنس میر مراد علی تالپور کے انتقال پر ولی عہد پرنس میر مہدی رضا تالپور کے صاحبزادگان میر حسن تالپور اور میر آصف تالپور سے اظہار تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بقیہ 27

نہیں۔ اعلامیہ کے مطابق پوری جماعت بانی پی ٹی آئی کی قیادت، نظریے اور مشن کے ساتھ متحد ہے، پارٹی رہنما اور کارکنان مشترکہ مقاصد کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ اجلاس میں پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی نے ملک کی سیاسی صورتحال، مہنگائی اور امن وامان پر غور کیا گیا ہے۔ سیاسی کمیٹی نے قرار دیا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا، اسپیکر اور دیگر پارلیمنٹیرینز کی حراست غیرقانونی ہے، انہیں فوری رہا کیا جائے۔ منتخب نمائندوں کو حراست میں رکھنا جمہوری اقدار اور عوامی مینڈیٹ کی توہین ہے۔ پارٹی کی سیاسی کمیٹی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کو ہسپتال منتقل کیے جانے کی اطلاعات پر تشویش ہے، دونوں کے اہلخانہ کو اعتماد میں لیے بغیر اسپتال منتقلی تشویشناک ہے۔ اعلامیہ کے مطابق بانی پی ٹی آئی کے علاج کیلئے سپریم کورٹ کے حکم پر فوری عملدرآمد کیا جائے۔

بقیہ 28

مقدمات کی سماعت کریں گے۔ ان مقدمات میں بلوچستان ہائی کورٹ اور بلوچستان سروس ٹریبونل کے فیصلوں اور احکامات کے خلاف دائر درخواستیں شامل ہوں گی۔ جاری کردہ شیڈول کے مطابق 4 اور 5 نومبر 2026 کو جسٹس جمال خان مندوخیل، جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ پر مشتمل بنچ مقدمات کی سماعت کرے گا۔ 6 نومبر 2026 کو دو الگ الگ بنچز سماعت کریں گے۔ بنچ اوّل میں چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی اور جسٹس جمال خان مندوخیل شامل ہوں گے، جبکہ بنچ دوم میں جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ مقدمات کی سماعت کریں گے۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ شیڈول کے تحت مقدمات کی فہرست عدالتِ عظمیٰ کی سرکاری ویب سائٹ پر دستیاب ہے

بقیہ 29

نہیں بلکہ ان سے صرف رہنمائی لے سکتی ہے۔ سپریم کورٹ کی قانونی نظیر اسی صورت اختیار کی جاسکتی ہے جب وہ آئین اور قانون سے مطابقت رکھتی ہو۔ وفاقی آئینی عدالت نے نظرثانی درخواستوں کے دائرہ کار سے متعلق اہم اصول وضع کردیے۔ جسٹس عامر فاروق اور جسٹس روزی خان نے نظرثانی کیس کا فیصلہ سنایا۔ عدالت نے قرار دیا کہ نظرثانی کا مقصد مقدمے کی دوبارہ سماعت یا پہلے سے طے شدہ نکات پر بحث کا ایک اور موقع فراہم کرنا نہیں، بلکہ ریکارڈ پر موجود واضح غلطی یا ایسی کوتاہی کی نشاندہی ہے جس سے انصاف متاثر ہوا ہو۔ فیصلے کے مطابق سپریم کورٹ کے فیصلوں کی وفاقی آئینی عدالت کیلئے صرف قائل کرنے والی دلیل کی حیثیت ہے۔ سپریم کورٹ کی قانونی نظیر اگر قانون و آئین سے ہم آہنگ ہو تو آئینی عدالت اسے اختیار کرسکتی ہے۔ عدالت نے واضح کیا کہ بلاجواز اور بدنیتی پر مبنی نظرثانی درخواستوں کی حوصلہ شکنی کی جائے گی۔ ایسی درخواست دائر کرنے پر کم از کم 25 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا جاسکتا ہے، جبکہ متعلقہ وکیل کے خلاف تادیبی کارروائی بھی ہوسکتی ہے۔ فیصلے میں مزید کہا گیا کہ لیو ٹو اپیل بذات خود اپیل کا حق نہیں، بلکہ عدالت کی اجازت ملنے کے بعد ہی درخواست اپیل کی حیثیت اختیار کرتی ہے۔ لیو ٹو اپیل مسترد ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ لازماً ہائیکورٹ کے فیصلے کی توثیق کردی گئی ہے۔ فیصلے کے مطابق لیو ٹو اپیل پر عدالت کیلئے تفصیلی وجوہات دینا ضروری نہیں، غیر تفصیلی حکم یا نان اسپیکنگ آرڈر بذات خود ریویو کا جواز نہیں، لیو ٹو اپیل کے مرحلے پر عدالت قانونی سوال یا انصاف کا قتل عام روکنے کی ضرورت کا جائزہ لیتی ہے۔ وفاقی آئینی عدالت نے بلوچستان ٹریڈنگ کمپنی کی نظرثانی درخواست مسترد کرتے ہوئے جمع کرائی گئی سیکیورٹی ضبط کرنے کا حکم بھی دیا۔ عدالت کے مطابق کمپنی نے ریکارڈ پر موجود کسی واضح غلطی کی نشاندہی نہیں کی، بلکہ پہلے سے اٹھائے گئے نکات ہی دوبارہ پیش کیے تھے۔

بقیہ 30

سفارت کار نے الجزیرہ کو بتایا کہ ایرانی وفد کی دوحہ سے روانگی مذاکرات میں ناکامی یا اختلافات کے باعث نہیں ہوئی بلکہ مجوزہ معاہدے پر رائے حاصل کی جارہی ہے اور آئندہ ملاقات پر بھی غور کیا جارہا ہے۔ سفارت کار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ دونوں ممالک کے درمیان پیغامات کا تبادلہ جاری ہے اور مذاکرات کے دروازے بند نہیں ہوئے جبکہ مجوزہ امن معاہدے کا مسودہ متعلقہ فریقوں کی رائے کے لیے بھیجا گیا ہے۔ ایرانی قومی سلامتی کونسل کے سیکریٹری محسن رضائی نے امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کی جانب سے بھیجے گئے حالیہ خط کو اہم قرار دیا۔ ان کے بقول خط میں امریکی مؤقف کا لہجہ مکمل طور پر تبدیل ہوا جو ایک مثبت اشارہ ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے بھی امریکی رابطے کی کوشش کو مثبت قدم قرار دیا ہے تاہم تہران نے واضح کیا ہے کہ کسی حتمی معاہدے کے لیے امریکی بحری ناکہ بندی کا خاتمہ اور ایرانی مطالبات کو تسلیم کرنا ضروری ہوگا۔ قطر کی ثالثی میں ہونے والی یہ کوششیں ایسے وقت میں جاری ہیں جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وسط مدتی انتخابات سے قبل ایران پر نئے حملے نہ کرنے کا اعلان کیا ہے تاہم انتخابات کے بعد فوجی کارروائی کا امکان بدستور موجود ہے۔

بقیہ 31

پیپلز پارٹی کے پانچ اور ایم کیو ایم کا ایک ایم این اے شامل ہوگا۔ پارلیمانی کمیٹی میں مسلم لیگ (ن) کینو ارکان بنتے ہیں تاہم حکومتی ذرائع کے مطابق اتحادی جماعتوں کو نمائندگی دینے کیلئے ن لیگ نے اپنے ارکان کی تعداد کم کرنے پر غور کرنا شروع کردیا ہے۔

بقیہ 32

کی آواز دبانے کے مترادف ہے۔ صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں بلاول بھٹو نے کہا کہ صحافیوں کو دھمکیوں، تشدد، ہراسانی اور قتل جیسے سنگین جرائم سے محفوظ رکھنا ریاست اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ جبکہ ایسے جرائم میں ملوث افراد کو سزا سے بچنے دینا عوام کے حق آگاہی کو خاموش کرنے کے برابر ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافی عوام تک حقائق پہنچانے، طاقت کے ایوانوں کا احتساب کرنے اور معاشرے میں شعور و آگاہی پیدا کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ صحافیوں کے خلاف جرائم میں ملوث عناصر کا قانون کی گرفت سے بچ نکلنا آزادی صحافت، جمہوریت اور قانون کی حکمرانی کیلئے سنگین خطرہ ہے۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے کہا کہ 1973 کا متفقہ آئین ہر شہری کو آزادی اظہار کا بنیادی حق فراہم کرتا ہے اور اس حق کا تحفظ ایک جمہوری ریاست کی آئینی و اخلاقی ذمہ داری ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے شہید بینظیر بھٹو کے دور حکومت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے آمر ضیاالحق کے دور کے آزادی صحافت کو دبانے والے سیاہ قوانین کا خاتمہ کیا، جو پریس کی آزادی کا گلا گھونٹنے اور اس کی آواز خاموش کرنے کے لیے استعمال ہوتے رہے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کا یہ تاریخی اقدام جمہوریت میں اختلاف رائے اور آزاد صحافت کی اہمیت کا اظہار تھا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پیپلز پارٹی آزادی صحافت، آزادی اظہار اور صحافیوں کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ آزاد صحافت کے بغیر نہ جمہوریت مضبوط ہوسکتی ہے اور نہ ہی عوام باخبر

اور بااختیار بن سکتے ہیں۔

بقیہ 33

انہیں سراسر جھوٹ، من گھڑت اور بے بنیاد قرار دے دیا، انہوں نے کہا ہے کہ پارٹی قیادت اور مرکزی عہدیداروں نے عمران خان تک رسائی حاصل کرنے کے لیے آئین اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے ہر ممکن راستہ اختیار کیا لیکن ہمیں جان بوجھ کر اور ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت بانی پی ٹی آئی سے ملاقات سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ عمران خان سے جیل میں ملاقات کے لیے اعلیٰ عدالتوں سے رجوع کرنے سمیت قانونی چارہ جوئی اور مذاکراتی عمل کے تمام دروازے کھٹکھٹائے گئے، لیکن تمام تر کوششوں اور عدلیہ کے احکامات کے باوجود حکومت اور انتظامیہ کی جانب سے پارٹی قیادت کو ایک بار بھی ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ جو لوگ پارٹی کے اندر بیٹھ کر اس قسم کے گمراہ کن بیانات دے رہے ہیں، وہ دراصل پارٹی کاز کو نقصان پہنچا رہے ہیں، مقتدر حلقوں یا حکومتی نمائندوں کے ساتھ کسی بھی ممکنہ مذاکراتی عمل کے دوران بانی پی ٹی آئی تک بلا روک ٹوک، آزادانہ اور براہ راست رسائی فراہم کرنا تحریک انصاف کی اولین، بنیادی اور غیر مشروط شرائط میں ہمیشہ شامل رہا ہے، اس معاملے پر پارٹی قیادت میں کوئی اختلاف نہیں ہے

بقیہ 34

نشاندہی بھی نہیں ہوئی۔ تاحال حملے میں استعمال ہونے والے پروجیکٹائلز کی نوعیت اور واقعے کے ذمہ داروں کے بارے میں تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔ یہ واقعہ ایسے وقت میں پیش آیا ہے جب مشرقِ وسطیٰ میں کشیدگی کے باعث خلیج اور اس کے اہم بحری راستوں پر تجارتی جہازوں کی سلامتی کے حوالے سے خدشات پائے جاتے ہیں۔ ادھر یمن میں آئینی حکومت کی حمایت کرنے والے سعودی قیادت میں قائم اتحاد کے ترجمان کرنل ترکی المالکی نے بتایا کہ حوثی ملیشیا کی جانب سے سعودی عرب کے جنوبی علاقے کی طرف داغے گئے بیلسٹک میزائل کو فضائی دفاعی نظام نے کامیابی سے روک کر تباہ کردیا۔ سعودی عرب کے محکمہ شہری دفاع نے اعلان کیا ہے کہ نجران صوبے، خمیس مشیط گورنریٹ اور شہر ابہا میں خطرے کی صورتِ حال ختم ہو چکی ہے۔ حکام نے شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ محکمہ شہری دفاع کی جاری کردہ ہدایات پر عمل جاری رکھیں اور متاثرہ مقامات پر جمع ہونے یا وہاں ویڈیوز بنانے سے گریز کریں۔ کسی بھی ہنگامی صورتِ حال میں شہریوں کو 998 پر رابطہ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ سعودی حکام نے خبردار کیا ہے کہ میزائلوں اور ڈرونز کو روکنے کے واقعات، ان کے اثرات یا ان مقامات سے متعلق ویڈیوز بنانا، معلومات شائع کرنا یا سوشل میڈیا پر شیئر کرنا قانونی کارروائی کا سبب بن سکتا ہے۔ حکام نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ حساس سکیورٹی معلومات کی تشہیر سے گریز کریں اور سرکاری ہدایات پر عمل کریں

بقیہ 35

کو نشانہ بنایا ہے جن میں تنظیم کے بھرتی شعبے کے سربراہ اور دو اہم عسکری کمانڈر بھی شامل ہیں۔ اسرائیلی فوج کے بیان میں کہا گیا کہ پہلے حملے میں حماس کے بھرتی کے شعبے کے سربراہ نبیل حمد اور حماس کے کمانڈر مہند نادر محمود دحدوح کو نشانہ بنایا گیا۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ اسی روز دو دیگر کارروائیوں میں حماس کے نخبا فورس سے تعلق رکھنے والے ایال نائف فہمی مسالمہ اور تنظیم کے راکٹ یونٹ کے کمانڈر عرفات کمال محمد ارعیر کو نشانہ بنایا گیا۔ ترجمان اسرائیلی فوج نے ان افراد کو نشانہ بنانے کی وجوہات اور حملوں کے مقام سے متعلق مزید تفصیلات جاری نہیں کیں۔ تاحال حماس کی جانب سے اسرائیلی فوج کے ان تازہ دعووں پر کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا۔ واضح رہے کہ غزہ میں جنگ بندی کے باوجود اسرائیلی فوج کی کارروائیاں جاری ہیں۔ اسرائیل کا موقف ہے کہ اس کے حملوں میں حماس کے عسکری ارکان اور کمانڈروں کو نشانہ بنایا جاتا ہے

بقیہ 36

خمس، تحصیل کچلاک امیر مولانا محمد سلیمان، حاجی قاسم خان خلجی، مولانا عبدالمجید مولوی محمد اقبال اور دیگر نے تحصیل کچلاک کے زیراہتمام منعقدہ عظیم الشان تربیتی کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علما اسلام کے کارکنان موجودہ پرفتن دور میں جماعت مخالف قوتوں کی جانب سے جاری منفی پروپیگنڈے کا مقابلہ دلیل سیاسی بصیرت اور اخلاقی اقدار کے دائرے میں رہتے ہوئے کریں۔ کارکنان کی ذمہ داری ہے کہ وہ جماعت کے مخلص اکابرین کی جدوجہد اور قیادت کے کردار سے عوام کو آگاہ کریں اور منفی پروپیگنڈے کا مدلل اور موثر جواب دے کر جماعت کے حقیقی پیغام کو اجاگر کریں۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام کی قیادت نے ہمیشہ اصولوں، جمہوری جدوجہد، آئینی بالادستی اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ آج جب نااہل حکومت اپنی ناکامیوں، عوامی مسائل کے حل میں عدم دلچسپی اور ناقص حکومتی کارکردگی پر پردہ ڈالنے کے لیے سیاسی قیادت کی کردارکشی اور بے بنیاد الزام تراشی کا سہارا لے رہی ہے تو جمعیت کے کارکنان پر لازم ہے کہ وہ اپنی سیاسی شعور اور جماعتی وابستگی کا عملی مظاہرہ کرتے ہوئے قیادت کا دفاع کریں

بقیہ 37

لیکن ایک مرحلے پر ہمیں سخت کارروائی کرنا ہوگی۔ صدر ٹرمپ نے ریپبلکن جماعت کی کامیابی کے لیے بھرپور اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی عوام کو انتخابات میں ووٹ ڈالنے کے لیے باہر نکلنا ہوگا کیونکہ ان کی جماعت کی کامیابی کا دارومدار ووٹرز کی شرکت پر ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ گزشتہ 2 ہفتوں کے دوران انہوں نے ملک بھر میں انتخابی مہم چلائی اور اس دوران عوام کی محبت اور حمایت دیکھ کر خوشی ہوئی۔ بطور صدر گزشتہ 2 ہفتوں میں انہوں نے جو کچھ کیا اس جیسا کام کسی دوسرے صدر نے نہیں کیا۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ یہ ان کی انتخابی مہم کا آخری جلسہ ہے اور اب وہ انتخابی مہم ختم کررہے ہیں۔ امریکی صدر نے انتخابی جلسے میں مڈٹرم انتخابات میں کامیابی کی صورت میں ہر بالغ امریکی کو 5 ہزار امریکی ڈالر دینے کا اعلان کیا۔ انہوں نے ڈیموکریٹس کی کامیابی کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ ڈیموکریٹس کو کسی صورت مڈٹرم انتخابات میں کامیابی نہیں ملنی چاہیے۔

بقیہ 38

اور سفاکیت کے خلاف ضلع چمن میں احتجاجی ریلی نکالی گئی۔ احتجاجی ریلی پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ضلعی سیکرٹریٹ سے نکالی گئی جس میں تینوں تحصیلوں، علاقائی اور ابتدائی یونٹوں کے کارکنوں، مرکزی، صوبائی اور ضلعی قائدین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکاء نے تاج روڈ پر گشت کیا اور احتجاجی دھرنا دیا۔ دھرنے سے مرکزی سیکرٹری ناظم صلاح الدین اچکزئی، ضلعی قائمقام سیکرٹری حاجی جمال خان اچکزئی، شیر علی خان، ظریف خان، حاجی جانان اروزئی اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع قلعہ عبداللہ کو مسلح جتھوں، بدنام زمانہ کریمنلز، اغواء کاروں، ڈاکوؤں، بدترین خطرناک اشتہاریوں اور فراریوں کے حوالے کر کے سرکاری سرپرستی میں جدید خودکار اسلحہ کے ذریعے یرغمال بنا رکھا ہے۔

بقیہ 39

یمنی افواج کا 24 گھنٹوں میں 500 حوثی جنگجوؤں کو ہلاک و زخمی کرنیکا دعویٰ

169 گاڑیوں، آلات اور بھاری ہتھیاروں کو تباہ یا نقصان پہنچایا گیا، سعودی حملوں میں الحدیدہ کی تیل تنصیبات اور بندرگاہ کو نشانہ بنایا گیا، حوثیوں کا دعویٰ

سعودی عرب کے قریب خلیج میں آئل ٹینکر پر دو نامعلوم پروجیکٹائلز سے حملہ، عملہ محفوظ رہا، تین اہم علاقوں سے خطرے کے الرٹس ختم، ذرائع

ریاض، صنعا (آئی این پی) سعودی عرب کے مشرقی ساحل کے قریب خلیج میں سفر کرنے والے ایک ٹینکر کو دو نامعلوم پروجیکٹائلز سے نشانہ بنایا گیا، واقعے میں جہاز کے عملے کے تمام ارکان محفوظ رہے ہے جبکہ سمندر میں تیل یا دیگر آلودگی پھیلنے کی اطلاع نہیں ملی۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز نے بتایا کہ ٹینکر خلیج میں جنوب مشرق کی جانب سفر کر رہا تھا کہ سعودی عرب کے علاقے راس الجی سے تقریبا 72 ناٹیکل میل مشرق میں اس کے بائیں جانب دو نامعلوم پروجیکٹائلز آ کر لگے۔ میری ٹائم کے مطابق واقعے کے بعد جہاز کے تمام عملے کی موجودگی اور سلامتی کی تصدیق کر لی گئی ہے۔ ابتدائی اطلاعات میں سمندری ماحول کو کسی قسم کے نقصان یا آلودگی کی

بقیہ نمبر 34 صفحہ 7 پر

ایران کو معاہدہ کرنا ہوگا، ورنہ امریکا جلد معاملہ نمٹا دیگا، ڈونلڈ ٹرمپ

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی جنگ بہت جلد ختم ہو جائے گی، یہ معاملہ دوسرے طریقے سے جلد اپنے انجام کو پہنچے گا، ایران کو معاہدہ کرنا ہوگا ورنہ امریکا جلد معاملہ نمٹا دیگا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وسط مدتی انتخابات سے قبل انتخابی مہم کے آخری جلسے میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں لوگوں کی جانیں بچانے کی کوشش کرنا چاہتا ہوں،

بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر

جنگ بندی کے باوجود اسرائیل کے غزہ پر حملے؛ حماس کے 4 کمانڈر شہید

شہید ہونے والوں میں نخبا فورس کے ایال نائف، راکٹ یونٹ کمانڈر عرفات کمال، نبیل حمد اور کمانڈر مہند نادر محمود شامل ہیں

مقبوضہ بیت المقدس (آئی این پی) اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ شمالی غزہ میں کیے گئے دو الگ الگ فضائی حملوں میں حماس کے چار کمانڈرز ارکان

بقیہ نمبر 35 صفحہ 7 پر

جمعیت کے کارکنان جماعت مخالف منفی پروپیگنڈے کا مقابلہ کریں، مولانا عبدالواسع

نااہل حکومت اپنی ناکامیوں پر پردہ ڈالنے کیلئے سیاسی قیادت کی کردار کشی پر اتر آئی ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع، ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ

بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر



پشاور، گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت اور عوام کے درمیان گہری خلیج ہے طاقت کے استعمال کے بجائے بامعنی مذاکرات کی اشد ضرورت ہے، لیاقت بلوچ

ہماری جدوجہد آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے عوام کو ریلیف دلانے کے لیے ہے، قائم مقام امیر جماعت اسلامی

خیبر پختونخواہ میں گورنر راج کے خلاف عوامی احتجاج نہ ہونا بڑا سوالیہ نشان ہے، احتجاج نہ ہونے سے غیر مقبول اقدامات کو تقویت ملی ہے

پشاور (نیوز ڈیسک) جماعت اسلامی کے قائم مقام امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کی قیادت نے لانگ مارچ کے دوران بڑے بڑے دعوے کیے، عوامی مینڈیٹ کے بلند و بانگ دعوں کے باوجود کے پی میں گورنر راج کے خلاف عوامی

بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر

پارٹی میں گروپ بندی یا تقسیم نہیں، پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی اجلاس کا اعلامیہ جاری

پوری جماعت بانی پی ٹی آئی کی قیادت، نظریے اور مشن کے ساتھ متحد ہے، جدوجہد جاری رکھیں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سیاسی کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ پارٹی میں کسی قسم کی گروپ بندی یا تقسیم نہیں۔ اعلامیہ کے مطابق پوری جماعت بانی پی ٹی آئی کی قیادت، نظریے اور مشن کے ساتھ متحد ہے، پارٹی رہنما اور کارکنان مشترکہ مقاصد کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ اجلاس میں پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی نے ملک کی سیاسی صورتحال، مہنگائی اور امن وامان پر غور کیا گیا ہے۔ سیاسی کمیٹی نے قرار دیا

بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر

مجیب الرحمٰن 1961 سے بھارتی انٹیلی جنس بیورو کا اثاثہ تھے، بھارتی مبصر

نئی دہلی (آئی این پی) بھارتی مبصر اقبال چند ملہوترا نے پاکستان کی تقسیم میں بھارتی کردار کے حوالے سے اہم انکشافات کرتے ہوئے کہا ہے کہ مجیب الرحمٰن 1961 سے بھارتی انٹیلیجنس بیورو کا اثاثہ تھے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اقبال چند ملہوترا کا کہنا ہے کہ مجیب الرحمٰن 1961 سے بھارتی انٹیلی

بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر

نوابزادہ سکندر جوگیزئی پر حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، پشتونخوامیپ

واقعہ میں ملوث عناصر کی نشاندہی کی جائے اور ملزمان کو فوری طور قانون کے کٹہرے میں لایا جائے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں پارٹی ضلع قلعہ سیف اللہ کے ضلع ایگزیکٹیو رکن نوابزادہ سکندر جوگیزئی پر دستی بم حملے اور ان کے زخمی ہونے کے دہشت گردانہ واقعہ کی سخت الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اس قسم کے پرتشدد واقعات نہ صرف امن و امان کی صورتحال کے لیے تشویش کا باعث ہیں بلکہ سیاسی و جمہوری سرگرمیوں کو متاثر کرنے اور جمہوری جدوجہد کرنے والے کارکنوں کو خوفزدہ کرنے کی

بقیہ نمبر51 صفحہ 7 پر

عدالتیں بے بس ہیں، انصاف نہیں دے سکتیں، سلمان اکرم راجا

انگریز کے بنائے ہوئے کالے قوانین استعمال کر کے شہری آزادیاں سلب کی جا رہی ہیں

لاہور (نیوز ڈیسک) پی ٹی آئی کے جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجا نے کہا ہے کہ آج عدالتیں بے بس ہیں، جو انصاف بھی نہیں دے سکتیں۔ ہائیکورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی کے جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ علیمہ خان اور ان کے ڈرائیور کو پہلے گرفتار کیا گیا، جس کے بعد نظر بندی کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا۔ انہوں نے کہا

بقیہ نمبر63 صفحہ 7 پر



لاہور، پی ٹی آئی کے سینئر رہنما سلمان اکرم راجہ صحافیوں سے بات چیت کر رہے ہیں

ایف بی آر نے انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کیخلاف کارروائی شروع کردی

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کے خلاف کارروائی شروع کر دی ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے اس سلسلے کے پہلے مرحلے میں انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کے نام ایکٹو ٹیکس پیئرلسٹ سے خارج کر دیئے جس کے تحت اب انہیں ہر قسم کی لین دین پر دوگنا ٹیکس ادا کرنا پڑے گا جبکہ دوسرے مرحلے میں مزید کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق ٹیکس ایئر 2026 کی

بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر

پاکستان میں مہنگائی کی سالانہ شرح 9.61 فیصد تک پہنچ گئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں اکتوبر 2026 کے دوران مہنگائی کی شرح میں ماہانہ بنیادوں پر 1.08 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح 9.61 فیصد تک پہنچ گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق اکتوبر 2025 کے مقابلے میں اکتوبر 2026 میں مہنگائی کی شرح 9.61 فیصد زیادہ رہی جبکہ رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ کے دوران اوسط مہنگائی کی شرح 10.05 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ اعداد وشمار کے مطابق اکتوبر میں شہری علاقوں میں مہنگائی کی شرح 0.81 فیصد جبکہ دیہی علاقوں

بقیہ نمبر 73 صفحہ 7 پر

بلوچستان ہائی کورٹ نے پی بی 42 کوئٹہ کی انتخابی عذرداری باقاعدہ سماعت کے لیے منظور کرلی

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان ہائی کورٹ نے حلقہ پی بی 42 کوئٹہ فائیو سے متعلق انتخابی عذرداری باقاعدہ سماعت کے لیے منظور کرتے ہوئے رکن بلوچستان اسمبلی زرک خان مندوخیل کو نوٹس جاری کر دیا ہے۔ انتخابی عذرداری کی سماعت بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جسٹس کامران ملاخیل اور جسٹس نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بنچ نے کی۔ حلقہ پی بی 42 کوئٹہ فائیو سے مسلم لیگ (ن) کے زرک خان مندوخیل کی کامیابی اور کاغذات نامزدگی کو شکور اللہ کی جانب سے عدالت میں چیلنج کیا

بقیہ نمبر 79 صفحہ 7 پر

آبی گزرگاہوں کا تحفظ مشترکہ ذمہ داری ہے، سعودی ڈپٹی چیف آف سٹاف

منامہ (این این آئی) سعودی عرب کے ڈپٹی چیف آف سٹاف وائس ایڈمرل فہد الغفیلی نے سٹریٹجک آبی گزرگاہوں کے تحفظ کے لیے مضبوط بین الاقوامی تعاون پر زور دیتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ آبی گزرگاہوں کو سیاسی یا فوجی دباؤ کا ذریعہ نہیں بننا چاہیے۔ عرب ٹی وی کے مطابق انہوں نے گزشتہ روز بحرین میں منامہ ڈائیلاگ فورم سے خطاب کرتے ہوئے سمندری خطرات سے نمٹنے کے لیے موثر اجتماعی ردعمل کی ضرورت پر زور دیا اور کہا کہ آبی گزرگاہوں کا تحفظ ایک مشترکہ بین الاقوامی ذمہ داری ہے۔

پی آئی اے کے نئے سی ای او ایڈرین ہیملٹن مانز نے عہدہ سنبھال لیا

اسلام آباد (آئی این پی) پی آئی اے کے نئے سی ای او ایڈرین ہیملٹن مانز نے عہدہ سنبھال لیا۔ پی آئی اے کے بورڈ نے ایڈرین ہیملٹن مانز کی قومی ایئرلائن کے نئے چیف ایگزیکٹو آفیسر کے طور پر تقرری کا اعلان کیا تھا، انہوں نے اپنے عہدے کا باقاعدہ چارج سنبھال لیا۔ مسٹر ایڈرین ہیملٹن مانز کو عالمی ہوابازی کے شعبے میں اعلیٰ قیادت اور سٹریٹجک منصوبہ بندی کا وسیع تجربہ حاصل ہے

عوامی مسائل کا حل اور بلاامتیاز خدمت ہمارا بنیادی مقصد ہے، شیخ زرک خان مندوخیل

عوامی مسائل کے حل میں رنگ، نسل، زبان اور طبقے کی بنیاد پر کسی قسم کی تفریق نہیں ہونی چاہیے

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوامی خدمت، حلقے کے مسائل کا حل اور علاقے کی ترقی ان کی سیاسی جدوجہد کا بنیادی مقصد ہے۔ عوام نے اپنے نمائندوں کو اس امید کے ساتھ منتخب کیا ہے کہ وہ ان کے مسائل کو متعلقہ فورمز پر اجاگر کریں گے اور ان کے حل کے لیے عملی کردار ادا کریں گے۔ یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی نمائندگی ایک اہم ذمہ

بقیہ نمبر 75 صفحہ 7 پر

اے این پی صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی رہا

مقتول کے والد کے بیان کے بعد عدالت نے مقدمے سے خارج کردیا گیا

کوئٹہ/چمن (اے این این) عوامی نیشنل پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کو رہا کر دیا گیا۔ مقتول کے والد کے بیان کے بعد انہیں قتل کے مقدمے سے ڈسچارج کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کو 21 اکتوبر کو ضمانت مسترد ہونے کے بعد گرفتار کیا گیا تھا، جس کے بعد انہیں عدالت میں

بقیہ نمبر76 صفحہ 7 پر

کوئٹہ، سی ٹی ڈی اہلکار محمد آصف کی سابقہ اہلیہ اور پولیس حوالدار کے خلاف پریس کانفرنس

گھریلو مداخلت، مالی نقصان اور دھمکیوں پر وزیراعلیٰ، آئی جی پولیس اور چیف جسٹس سے انصاف کی اپیل

کوئٹہ (یو این اے) سی ٹی ڈی بلوچستان کے اہلکار محمد آصف (رہائشی جوائنٹ روڈ کوئٹہ) نے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے اپنی سابقہ اہلیہ اور پولیس حوالدار یاسر کے خلاف شدید تحفظات اور سنگین الزامات کا اظہار کیا ہے، جبکہ وزیراعلیٰ بلوچستان اور اعلیٰ حکام سے فوری انصاف کی اپیل کی ہے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے

بقیہ نمبر77 صفحہ 7 پر

بلوچستان بھر میں ڈاکٹروں کی دو روزہ ہڑتال جاری

سینئر ڈاکٹر اور ڈاکٹروں کی نمائندہ تنظیم کے مرکزی رہنما پر حملہ نہایت افسوسناک اور قابل تشویش ہے

کوئٹہ (اے این این) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن سینٹر کی کال پر 1 اور 2 نومبر کو بلوچستان بھر میں ڈاکٹروں نے مکمل اور انتہائی کامیاب ہڑتال کی۔ آج ہڑتال کا دوسرا روز تھا۔ پی ایم اے بلوچستان نے مرکز کے احکامات پر بھرپور عمل کیا۔ دونوں روز صوبے کے سرکاری ہسپتالوں میں صبح 9 سے 10 بجے تک علامتی طور پر او پی ڈیز بند رہیں، جبکہ نجی

بقیہ نمبر 78 صفحہ 7 پر



امریکی ریاست فلوریڈا میں حادثے کا شکار ہونیوالے نجی طیارے سے آگ کے شعلے بلند ہو رہے ہیں

بیرسٹر سیف کے تمام دعوے سراسر جھوٹ اور بے بنیاد ہیں، بیرسٹر گوہر

جو لوگ پارٹی کے اندر بیٹھ کر اس قسم کے گمراہ کن بیانات دے رہے ہیں، وہ دراصل پارٹی کو نقصان پہنچا رہے ہیں

پشاور (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے بیرسٹر سیف کے تمام دعوں اور حالیہ انٹرویو کو یکسر مسترد کرتے ہوئے

بقیہ نمبر 33 صفحہ 7 پر



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نواب ایاز خان اچکزئی کی ہدایت پر چمن میں احتجاجی مظاہرہ

کلی تنگ مسے زئی واقعہ کی سخت الفاظ میں مذمت، دہشت گردوں کی گرفتاری کا مطالبہ

چمن (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی کی ہدایت پر ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے کلی تنگ مسے زئی میں خفیاء کاکڑ اور ان کے بیٹے ولی کاکڑ عرف ولو کے اندوہناک، لرزہ خیز قتل، بدترین ظلم، جبر، بربریت

بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر

پاکستان سنگل ونڈو کا ٹریڈورس پورٹل مزید آسان و فعال

تجارتی تبدیلیوں اور قانونی دستاویزات سے باخبر رہنے کے لیے ای میل الرٹس کی سہولت متعارف

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سنگل ونڈو (PSW) نے بین الاقوامی تجارت سے وابستہ کاروباری برادری اور سٹیک ہولڈرز کو تجارتی

بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر

آبنائے ہرمز میں دو آئل ٹینکر سمندری بارودی سرنگوں سے ٹکرا کر پھٹ گئے، پاسداران انقلاب

انہوں نے اپنے نیوگیشن اور شناختی نظام بند کر رکھے تھے اور خفیہ طور پر آبنائے ہرمز سے گزرنے کی کوشش کر رہے تھے

تہران (سی ایم لنکس) ایران کی پاسداران انقلاب کے شعبہ تعلقات عامہ کا کہنا ہے کہ آبنائے ہرمز میں دو آئل ٹینکر مبینہ طور پر غیر مجاز راستے سے گزر رہے

بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر

فلاحی منصوبے کی تعمیر میں رکاوٹیں پیدا کرنا باعث افسوس ہے، میر علی مردان خان ڈومکی

تحصیل لہڑی میں دانش اسکول اینڈ ہسپتال کے تعمیراتی کام میں مبینہ مداخلت، قابل مذمت ہے، سابق وزیراعلیٰ

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی نے تحصیل لہڑی میں دانش اسکول اینڈ ہسپتال کے تعمیراتی کام میں مبینہ مداخلت،

بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر



اسلام آباد، وزیرخزانہ محمد اورنگزیب سے بنگلہ دیشی وزیراعظم کے مشیر راشد الحمود ملاقات کر رہے ہیں

قانونی شعبے میں اے آئی ٹیکنالوجی کے ساتھ انسانی نگرانی برقرار رکھنا لازمی ہے، شزہ فاطمہ

مقدمات کے بوجھ میں کمی اور عدالتی نظام کو پیپر لیس بنانے کیلئے جدید ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھا رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت (اے

بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر

ہنگو، گھر میں فائرنگ، ایک ہی خاندان کے 6 افراد جاں بحق

پولیس نے لاشوں کو دوآبہ اسپتال منتقل کر دیا، واقعہ کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات شروع کر دی گئیں

ہنگو (آئی این پی) خیبر پختونخوا کے ضلع ہنگو میں گھر کے اندر فائرنگ سے خواتین اور بچوں سمیت ایک ہی خاندان کے 6 افراد جاں بحق ہو گئے ہیں۔ پیر کو

بقیہ نمبر 66 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سوشل میڈیا پر جعلی خبروں کا پھیلاؤ ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے، شاہد رند

بلوچستان میں مبینہ فیک نیوز پھیلانے پر تین صحافیوں کے خلاف کارروائی شروع، قانون کی خلاف ورزی پر کارروائی ہوگی، معاون اطلاعات

حکومت فیک نیوز کے مسئلے کو سنجیدگی سے لے رہی ہے اور اس حوالے سے قانونی راستہ اختیار کیا جا رہا ہے، کوئٹہ میں پریس کانفرنس

کوئٹہ (اے این این) معاون وزیراعلیٰ بلوچستان شاہد رند نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر فیک نیوز اور غیر مصدقہ اطلاعات کا پھیلاؤ حکومت اور معاشرے کے لیے ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے، جس سے نمٹنے کے لیے قانونی اقدامات ناگزیر ہیں بلوچستان کے تین

بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر



کوئٹہ، وزیراعلیٰ کے معاون برائے سیاسی اور میڈیا شاہد رند پریس کانفرنس کر رہے ہیں

حکومت دھمکیاں نہ دے، تفصیلات سامنے لائے، مولانا عبدالغفور حیدری

مولانا فضل الرحمان کا گھر بے نامی ہے یا نیک نامی، حکومت حقائق سامنے لے آئے

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علما اسلام کے سیکرٹری جنرل عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کو نوٹس دیا جانا حکومتی ہلکے پن کا ثبوت

بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر

سابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی گورنر خیبر پختونخوا سے ملاقات

مضبوط وفاق ہی مضبوط پاکستان کی ضمانت ہے، ترقی تمام صوبوں کو ساتھ لے کر چلنے میں مضمر ہے، بزنجو

کوئٹہ/پشاور (یو این اے) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر میر عبدالقدوس بزنجو نے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم

بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر

ایران کا 60 فیصد افزودہ یورینیم کسی تیسرے ملک منتقل کرنے سے انکار

تہران (آئی این پی) ایران نے 60 فیصد افزودہ یورینیم کسی تیسرے ملک منتقل کرنے کے امکان کو مسترد کر دیا۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی کا کہنا ہے کہ تہران اپنا افزودہ یورینیم کسی دوسرے ملک کے حوالے نہیں کرے گا۔ ایرانی سرکاری نشریاتی ادارے آئی آر آئی بی کے مطابق اسماعیل بقائی سے سوال کیا گیا تھا کہ کیا 60 فیصد افزودہ یورینیم کسی تیسرے ملک منتقل کرنے سے ایران اور امریکا کے درمیان معاہدے کی راہ ہموار

بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر



گورنر جعفر خان مندوخیل معرکہ حق کے حوالے سے قومی کانفرنس کے شرکاء میں شیلڈ تقسیم کر رہے ہیں

صوبائی اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس بلوچستان کے سرکاری کھاتوں میں 7 ارب 17 کروڑ روپے کا فرق

بیوٹمز میں 36 لاکھ 4 ہزار روپے کی زائد ادائیگی کا انکشاف اسکالرشپس پر بیرون ملک جانے والے 63 میں سے صرف 12 اسکالرز واپس آئے

11 کروڑ 58 لاکھ روپے کی ممکنہ وصولی کا معاملہ پی اے سی میں زیر بحث، محکمہ خزانہ کو ڈیڑھ ماہ میں آڈٹ اعتراضات نمٹانے کی ہدایت

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا نئی اسمبلی عمارت کے کمیٹی روم نمبر 43 میں پہلا اجلاس چیئرمین اصغر علی ترین کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں سرکاری محکموں کے مالیاتی حسابات، آڈٹ اعتراضات اور بلوچستان

بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر

بلوچستان اسمبلی کے رواں ماہ کے اجلاسوں کا شیڈول جاری کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے رواں ماہ کے اجلاسوں کا شیڈول جاری کر دیا گیا۔ بلوچستان اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے بلوچستان کے اسمبلی کے 21ویں اجلاس کا ترمیم شدہ شیڈول جاری

بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر

امریکا میں نجی جیٹ طیارہ رہائشی علاقے میں گر کر تباہ، 9 افراد ہلاک

حادثے سے قبل جیٹ طیارہ سینکڑوں فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے نیچے گر رہا تھا، مزید تحقیقات جاری

کیلی فورنیا (این این آئی) امریکا میں نجی جیٹ طیارہ فلوریڈا کے رہائشی علاقے میں گر کر تباہ ہو گیا جس کے باعث اس میں سوار تمام 9 افراد ہلاک ہو گئے۔ امریکا کے وزیر ٹرانسپورٹ کے مطابق یہ حادثہ کریسٹ ہیون کے قریب پیش آیا جو امریکی صدر

بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر

اسرائیلی محاصرہ، مغربی کنارے میں 80,000 فلسطینی طلبہ اسکول جانے سے محروم

غزہ (آئی این پی) مقبوضہ مغربی کنارے کے شہر ہبرون میں جاری اسرائیلی محاصرے اور نقل و حرکت پر پابندیوں کے باعث تقریبا 80 ہزار فلسطینی طلبہ گزشتہ ہفتے اسکول نہیں جا سکے۔ فلسطینی اساتذہ کی جنرل یونین کے مطابق اس صورتحال سے ہبرون

بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر

وندر میں کھر کیٹرہ کسٹم کے خلاف احتجاج، مظاہرین نے این 25 شاہراہ کئی گھنٹے بلاک رکھی

فائرنگ، تشدد اور تین افراد کو حبس بے جا میں رکھنے کے الزامات، مذاکرات کے بعد شاہراہ کھول دی گئی

وندر (یو این اے) وندر کے علاقے کھر کیٹرہ کسٹم چیک پوسٹ کے مقام پر ڈیزل کے کاروبار سے وابستہ ٹرانسپورٹرز کے احتجاج کے باعث قومی شاہراہ این 25 کئی گھنٹوں تک بند رہی، جس کے نتیجے میں اندرون بلوچستان کا کراچی سے زمینی رابطہ منقطع

بقیہ نمبر 69 صفحہ 7 پر

ایران پر نئے حملوں کی دھمکیاں عالمی امن کے لیے تشویش ناک ہیں، روس

ماسکو (آئی این پی) روسی وزارت خارجہ نے ایران کے خلاف نئی فوجی کارروائی کی منصوبہ بندی کے

بقیہ نمبر 68 صفحہ 7 پر

ریاستی اداروں پر گمراہ کن الزامات، سہیل آفریدی کو عدالت میں پیش کرنے کا حکم

کیس کے چالان میں سہیل آفریدی، کامران بنگش اور تیمور سلیم جھگڑا سمیت دیگر نامزد ہیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی مقامی عدالت نے سہیل آفریدی کیخلاف ریاستی اداروں پر گمراہ کن الزامات کے کیس میں عدم حاضری پر سہیل آفریدی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری برقرار رکھے ہیں۔ جوڈیشل مجسٹریٹ ملک امان نے

بقیہ نمبر 70 صفحہ 7 پر



اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال منعقدہ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

مسئلہ کشمیر کے حل اور حق خودارادیت ملنے تک خاموش نہیں بیٹھیں گے، وزیراعظم آزاد کشمیر

وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی کی کل جماعتی حریت کانفرنس کے رہنماؤں سے ملاقات، مسئلہ کشمیر پر مشترکہ لائحہ عمل بنانے پر اتفاق

مقبوضہ کشمیر کے عوام کے ساتھ کھڑے ہیں، کشمیریوں کی آزادی کی جدوجہد کی حمایت جاری رکھیں گے، افتخار گیلانی، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم آزاد جموں و کشمیر افتخار گیلانی نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل اور کشمیری عوام کو ان کا حق خودارادیت ملنے تک خاموش نہیں بیٹھیں گے، کشمیری اپنے بنیادی حق اور آزادی کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں، عالمی برادری کو مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال اور بھارتی مظالم کا نوٹس لینا چاہیے۔ وزیراعظم آزاد جموں و کشمیر افتخار گیلانی نے اسلام آباد میں کل جماعتی

بقیہ نمبر71 صفحہ 7 پر

ایران پر امریکا کا نیا حملہ پاگل پن کا اقدام ہوگا، محمد البرادعی

قاہرہ (آئی این پی) مصری سیاستدان اور سابق سربراہ عالمی جوہری توانائی ایجنسی محمد البرادعی نے خبردار کیا ہے کہ امریکا کی جانب سے ایران پر نئے حملوں کی صورت میں مشرق وسطیٰ کو بھاری قیمت چکانا پڑے گی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر

بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر

امریکا ایران مذاکرات کی خبروں پر عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں کم ہوگئیں

لندن (نیوز ڈیسک) امریکی خام تیل ڈبلیو ٹی آئی 4.27 ڈالر فی بیرل کمی کے بعد 99.85 ڈالر فی بیرل میں فروخت ہو رہا ہے۔ برطانوی خام تیل برینٹ 4.52 ڈالر فی بیرل کی کمی کے بعد 108.91 ڈالر فی بیرل کا ہوگیا ہے۔ اماراتی مربن 13.40 ڈالر فی بیرل کی کمی کے بعد 105.30 ڈالر فی بیرل میں فروخت ہو رہا ہے۔

پارلیمان میں خواتین کا مؤثر کردار معاشرے کی ترقی کی ضمانت ہے، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری

خواتین کی پارلیمانی نمائندگی محض نشستوں تک محدود نہیں، قانون سازی اور قومی پالیسی سازی میں اہم کردار ہے

اسلام آباد/کوئٹہ (آئی این پی) چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا ہے کہ خواتین کا پارلیمنٹ، سینیٹ اور قانون سازی کے عمل میں مؤثر کردار ایک مضبوط، ترقی پسند اور منصفانہ معاشرے کی تشکیل کے لیے ناگزیر ہے۔

بقیہ نمبر 72 صفحہ 7 پر

نواب مری کے خلاف نصیب اللہ مری کے الزامات حقائق کے منافی ہیں، وڈیرہ رب نواز مری

جنگیز مری کے خلاف بلاجواز اور من گھڑت الزامات عائد کیے گئے، وزیراعلیٰ بلوچستان حق اور انصاف کا ساتھ دیں

کوئٹہ (اے این این) مری قبیلے کے وڈیرہ رب نواز مری نے دیگر قبائلی شخصیات کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے سابق صوبائی وزیر نصیب اللہ مری کی جانب سے نواب جنگیز مری کے خلاف پریس کانفرنس اور عائد کیے گئے الزامات کو افسوسناک قرار

بقیہ نمبر 74 صفحہ 7 پر



استنبول، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن اور اخوان المسلمون کے رہنما صلاح عبدالحق ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان اور بنگلہ دیش کا صنعتی و اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق

سرمایہ کاروں کے لیے ریڈ ٹیپ نہیں، ریڈ کارپٹ پالیسی اپنا رہے ہیں، ہارون اختر خان

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور بنگلہ دیش نے صنعتی ترقی، سرمایہ کاری، برآمدات میں اضافے اور جدید ٹیکنالوجی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو نئی وسعت دینے پر اتفاق کیا ہے، جبکہ سولر ٹیکنالوجی، بیٹری مینوفیکچرنگ، الیکٹرک ڈیمیکلز اور صنعتی پیداوار

بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر

اسرائیلی جیل میں قید غزہ کے قیدیوں پر تشدد کی آزادانہ بین الاقوامی تحقیقات کا مطالبہ

تشدد اور بدسلوکی کے یہ مبینہ واقعات بین الاقوامی انسانی قانون کی خلاف ورزی ہیں، عرب لیگ

قاہرہ (این این آئی) عرب لیگ نے اسرائیل کی رام اللہ جیل میں قید غزہ سے تعلق رکھنے والے فلسطینی قیدیوں پر مبینہ تشدد اور منظم بدسلوکی کے واقعات کی آزادانہ بین الاقوامی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ عرب لیگ نے گزشتہ روز بیان میں کہا کہ جیل کے

بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر

صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان، سچائی کے علمبردار ہیں، مریم نواز شریف

حق اور سچ کی راہ پر چلنے والے صحافیوں کے ساتھ ہیں اور ان کے حقوق کا تحفظ کریں گے، عالمی دن پر پیغام

میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان، سچائی کے علمبردار حق اور سچ کی راہ پر چلنے والے صحافیوں کے ساتھ ہیں اور ان کے حقوق کا تحفظ کریں گے۔ صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے کے عالمی دن پر پیغام

بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر

سردارزادہ میر حیر بیار خان ڈومکی کی سربراہی میں سیاسی اتحادیوں کا اہم اجلاس

باڑا ہاؤس میں بڑی سیاسی بیٹھک، الیکشن دور ہونے کے باوجود سیاسی الائنس مضبوط ہے

بابا کوٹ (اے این این) باڑا ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی میں ایک بڑی اور اہم سیاسی بیٹھک کا انعقاد کیا گیا، جس میں نصیر آباد اور مضافات کی اہم قبائلی، سیاسی اور سماجی شخصیت نے شرکت کی اجلاس کی صدارت معروف قبائلی شخصیت سردار زادہ میر حیر بیار خان

بقیہ نمبر53 صفحہ 7 پر

اسلام آباد ہائیکورٹ کا نیا ڈیوٹی روسٹر جاری

روسٹر کے تحت رواں ہفتے سے 10 سنگل اور 5 ڈویژن بینچز مقدمات کی سماعت کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے آج سے تاحکم ثانی ججز کا نیا ڈیوٹی روسٹر جاری کر دیا ہے، روسٹر کے تحت رواں ہفتے سے 10 سنگل اور 5 ڈویژن بینچز مقدمات کی سماعت کریں گے۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کی منظوری کے بعد جسٹرار آفس

بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر

حب میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا، میر علی حسن زہری

شیخ ابراہیم گوٹھ میں میر علی حسن زہری کے اعزاز میں عظیم الشان جلسہ، میں ہزاروں افراد کی شرکت

حب (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما، ترجمان صدر مملکت آصف علی زرداری اور سابق صوبائی وزیر میر علی حسن زہری کے اعزاز میں شیخ ابراہیم گوٹھ میں ایک عظیم الشان عوامی جلسے کا انعقاد کیا گیا جس میں ہزاروں افراد نے شرکت

بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر

امن وامان کی صورتحال انتہائی گھمبیر ہو چکی ہے، مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر پرائیویٹ بل لائیں گے، میر یونس عزیز زہری

26ویں آئینی ترمیم میں مدارس بل کا ایکٹ شامل تھا جس پر صوبوں نے عملدرآمد کرنا تھا، خان آف قلات کا بیٹا بھی محفوظ نہیں تو عام شہری کیسے ہوں گے

اگر حکومت نے مدارس بل پر سنجیدہ اقدامات نہ کیے تو جلد بلوچستان بھر کے دورے کیے جائیں گے اور اس حوالے سے سخت لائحہ عمل طے کیا جائے گا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے ایک اہم اور سنسنی خیز انٹرویو دیتے ہوئے صوبے میں امن وامان کی ابتر صورتحال، مدارس بل اور معدنیات کے قوانین کے حوالے سے صوبائی حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے اور مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر پرائیویٹ بل اسمبلی میں لانے کا اعلان کیا ہے۔ اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے صوبے میں بدامنی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال انتہائی گھمبیر ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب صوبے میں خان آف قلات کا بیٹا محفوظ

بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر

اپوزیشن اتحاد کا پی ٹی آئی قیادت سے بیرسٹر سیف کو شوکاز، شٹ اپ کال دینے کا مطالبہ

بیرسٹر سیف کی نوکری چلی گئی ہے، انہیں کوئی لفٹ نہیں کرا رہا، ترجمان اپوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان کے ترجمان اخونزادہ حسین یوسفزئی نے پی ٹی آئی قیادت سے بیرسٹر سیف کو شوکاز اور شٹ اپ کال دینے کا مطالبہ کر دیا۔ بیرسٹر سیف کے اپوزیشن قیادت سے متعلق بیان پر ردعمل دیتے

بقیہ نمبر58 صفحہ 7 پر

اوپیک پلس ممالک کا اجلاس، دسمبر کے لیے تیل کی پیداوار برقرار رکھنے کا اعلان

اوپیک پلس کے ممالک مارکیٹ کی صورت حال کا جائزہ لینے کے لیے ملاقاتیں جاری رکھیں گے

ریاض (این این آئی) تیل پیدا کرنے والے ممالک کے گروپ اوپیک پلس نے مارکیٹ کے استحکام کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے دسمبر کے لیے تیل کی پیداوار گزشتہ ماہ کی سطح پر برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اوپیک پلس کے سات رکن ممالک

بقیہ نمبر60 صفحہ 7 پر

چیف ایڈیٹر: گلریز خان
ایگزیکٹو ایڈیٹر: شاہ آغا
پرنٹر پبلشر شاہ آغا نے روزنامہ باخبر آریانہ پرنٹرز جناح چیمبر شارع عدالت کوئٹہ سے چھپوا کر زینب چیمبر شارع عدالت سے شائع کیا
فون نمبر: 2825169
فیکس نمبر: 2840564
فیکس نمبر: 2826720
موبائل نمبر: 2826705